| عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ بِالْكُفْرِ ؕ | اپنے نفسوں پر کفر کی، |
| اُولٰٓئِكَ حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ ۚۖ | (یہ) وہی لوگ ہیں (کہ) ضائع ہو گئے ان کے اعمال |
| وَ فِى النَّارِ هُمْ خٰلِدُوْنَ ﴿17﴾ | اور آگ میں وہ ہمیشہ رہنے والے ہیں۔ ﴿17﴾ |
| اِنَّمَا يَعْمُرُ مَسٰجِدَ اللّٰهِ | درحقیقت آباد کرتا ہے اللہ کی مسجدوں کو (وہ) |
| مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَ الْيَوْمِ الْاٰخِرِ | جو ایمان لایا اللہ اور آخرت کے دن پر |
| وَ اَقَامَ الصَّلٰوةَ وَ اٰتَى الزَّكٰوةَ | اور اس نے نماز قائم کی اور زکوۃ ادا کی |
| وَ لَمْ يَخْشَ اِلَّا اللّٰهَ | اور نہیں وہ ڈرا مگر اللہ سے |

ع 2/10/8

## قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | |
|---|---|
| اَلْمُؤْمِنِيْنَ : ایمان، مؤمن، امن۔ | خٰلِدُوْنَ : خالد، خلد بریں۔ |
| خَبِيْرٌ : خبر، اخبار، مخبر۔ | الْاٰخِرِ : آخر، آخری، فکر آخرت۔ |
| لِلْمُشْرِكِيْنَ : شرک، مشرک، شریک، شراکت۔ | اَقَامَ : قائم، قیام، مقیم۔ |
| يَعْمُرُوْا : عمارت، تعمیر، معمور۔ | الصَّلٰوةَ : صوم وصلوٰۃ، نظام صلوٰۃ۔ |
| شٰهِدِيْنَ : شاہد، شہادت۔ | الزَّكٰوةَ : زکوٰۃ۔ |
| اَنْفُسِهِمْ : نفس، نفسا نفسی، نظام تنفس۔ | يَخْشَ : خشیتِ الٰہی (ڈر)۔ |
| النَّارِ : یہ خاکی اپنی فطرت میں نوری ہے نہ ناری۔ | اِلَّا : الا ما شاء اللہ، الا قلیل، الا یہ کہ۔ |



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَ لَا | رَسُوْلِهٖ | وَ لَا | الْمُؤْمِنِيْنَ | وَلِيْجَةً ❶ | وَ اللّٰهُ |
| اور نہ | اس کے رسول کے | اور نہ | سب مؤمنوں کے (سوا) | کوئی دلی دوست | اور اللہ |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| خَبِيْرٌ ❷ | بِمَا | تَعْمَلُوْنَ (16) | مَا كَانَ | لِلْمُشْرِكِيْنَ ❸ | اَنْ |
| خوب خبردار ہے | (اس) سے جو | تم سب عمل کرتے ہو | نہیں تھا (حق) | سب مشرکوں کا | کہ |

ع 2 10 8

| | | | |
|---|---|---|---|
| يَّعْمُرُوْا | مَسٰجِدَ اللّٰهِ | شٰهِدِيْنَ | عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ |
| وہ سب آباد کریں | اللہ کی مسجدوں کو | (جبکہ) سب گواہی دینے والے ہوں | اپنے نفسوں پر |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| بِالْكُفْرِ | اُولٰٓئِكَ | حَبِطَتْ ❹ | اَعْمَالُهُمْ | وَ | فِي النَّارِ |
| کفر کی | یہی لوگ ہیں (کہ) | ضائع ہوگئے | ان کے اعمال | اور | آگ میں |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| هُمْ | خٰلِدُوْنَ (17) | اِنَّمَا ❺ | يَعْمُرُ | مَسٰجِدَ اللّٰهِ | مَنْ |
| وہ | سب ہمیشہ رہنے والے ہیں | درحقیقت | وہ آباد کرتا ہے | اللہ کی مسجدوں کو | جو |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اٰمَنَ | بِاللّٰهِ | وَ | الْيَوْمِ الْاٰخِرِ | وَ | اَقَامَ | الصَّلٰوةَ ❶❻ |
| ایمان لایا | اللہ پر | اور | آخرت کے دن پر | اور | اس نے قائم کی | نماز |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اٰتَى | الزَّكٰوةَ ❶❻ | وَ لَمْ | يَخْشَ | اِلَّا | اللّٰهَ |
| اور | ادا کی | زکوٰۃ | اور نہیں | وہ ڈرا | مگر | اللہ سے |

## ضروری وضاحت

❶ "ۃ" واحد مؤنث کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❷ اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❸ "لِ" اگر اسم کے شروع میں ہو تو کبھی اس کا ترجمہ "لیے" ہوتا ہے اور کبھی "کا" کیا جاتا ہے۔ ❹ "تْ" واحد مؤنث کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❺ "اِنَّمَا" اِنَّ کے ساتھ اگر "مَا" آجائے تو اس کی تاکید میں اضافہ ہو جاتا ہے اور اس میں مفہوم ہوتا ہے کہ صرف یوں ہی ہے۔ ❻ فعل کے بعد ایسا اسم جس کے آخر میں زبر ہو تو وہ اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔

• سرخ رنگ: ایک علامت کیلئے • نیلا رنگ: دوسری علامت کیلئے • کالا رنگ: اصل لفظ کیلئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



| | |
|---|---|
| فَعَسٰٓى اُولٰٓئِكَ اَنْ | تو اُمید ہے یہی لوگ ہیں کہ |
| يَّكُوْنُوْا مِنَ الْمُهْتَدِيْنَ ﴿18﴾ | ہوں گے وہ ہدایت پانے والوں میں سے۔ ﴿18﴾ |
| اَ جَعَلْتُمْ سِقَايَةَ الْحَآجِّ | کیا بنا دیا ہے تم نے حاجیوں کو پانی پلانا |
| وَ عِمَارَةَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ | اور مسجد الحرام کو آباد کرنا |
| كَمَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَ الْيَوْمِ الْاٰخِرِ | اُس کی طرح جو ایمان لایا اللہ اور آخرت کے دن پر |
| وَ جٰهَدَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ | اور اس نے جہاد کیا اللہ کی راہ میں |
| لَا يَسْتَوٗنَ عِنْدَ اللّٰهِ ؕ | وہ برابر نہیں ہیں اللہ کے نزدیک |
| وَ اللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿19﴾ | اور اللہ نہیں ہدایت دیتا ظالم قوم کو ﴿19﴾ |
| اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ هَاجَرُوْا | جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے ہجرت کی |
| وَ جٰهَدُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ | اور جہاد کیا اللہ کی راہ میں |
| بِاَمْوَالِهِمْ وَ اَنْفُسِهِمْ ۙ | اپنے مالوں سے اور اپنی جانوں سے |
| اَعْظَمُ دَرَجَةً عِنْدَ اللّٰهِ ؕ | (وہ) زیادہ بڑے ہیں درجے میں اللہ کے ہاں |

وقف لازم

## قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

الْمُهْتَدِيْنَ، يَهْدِي : ہدایت، ہادیٔ برحق۔
سِقَايَةَ : ساقی، ساقیٔ کوثر۔
عِمَارَةَ : عمارت، تعمیر، معمور۔
اٰمَنَ : ایمان، امن، مؤمن۔
الْاٰخِرِ : آخر، آخری، فکرِ آخرت۔
سَبِيْلِ : فی سبیل اللہ، اللہ کوئی سبیل نکالے گا۔
يَسْتَوٗنَ : مساوی، مساوات۔

عِنْدَ : عند الطلب، عند اللہ ماجور ہوں۔
الظّٰلِمِيْنَ : ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم۔
هَاجَرُوْا : ہجرت، مہاجر، مہاجرین وانصار۔
جٰهَدُوْا : جہاد، مجاہد، جدوجہد۔
اَنْفُسِهِمْ : نفس، نفسا نفسی، نظامِ تنفس۔
اَعْظَمُ : عظیم، عظمت، وزیرِ اعظم۔
دَرَجَةً : اعلیٰ درجہ، بلند درجات۔

• کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کیلئے • نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کیلئے • سرخ رنگ: نئے الفاظ کیلئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| فَعَسٰٓی | اُولٰٓئِكَ ❶ | اَنْ | يَّكُوْنُوْا | مِنَ الْمُهْتَدِيْنَ (18) |
| تو اُمید ہے | یہی لوگ ہیں | کہ | وہ سب ہوں گے | ہدایت پانے والوں میں سے |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اَ ❷ | جَعَلْتُمْ | سِقَايَةَ ❸ | الْحَآجِّ | وَ | عِمَارَةَ ❸ | الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ |
| کیا | بنادیا ہے تم نے | پانی پلانا | حاجیوں کو | اور | آباد کرنا | مسجد الحرام کو |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| كَمَنْ | اٰمَنَ | بِاللّٰهِ | وَ | الْيَوْمِ الْاٰخِرِ | جٰهَدَ وَ |
| اُس کی طرح جو | ایمان لایا | اللہ پر | اور | آخرت کے دن پر | اور | اس نے جہاد کیا |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ | لَا يَسْتَوٗنَ ❹ | عِنْدَ اللّٰهِ ؕ | وَ | اللّٰهُ |
| اللہ کی راہ میں | نہیں وہ سب برابر | اللہ کے نزدیک | اور | اللہ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| لَا يَهْدِي | الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ❺❻ (19) | اَلَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا |
| نہیں وہ ہدایت دیتا | ظالم قوم کو | جو لوگ | سب ایمان لائے |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَ | هَاجَرُوْا | وَ | جٰهَدُوْا | فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ | بِاَمْوَالِهِمْ |
| اور | ان سب نے ہجرت کی | اور | سب نے جہاد کیا | اللہ کی راہ میں | اپنے مالوں سے |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| وَ | اَنْفُسِهِمْ ۙ | اَعْظَمُ ❼ | دَرَجَةً ❸ | عِنْدَ اللّٰهِ ؕ |
| اور | اپنی جانوں سے | (وہ) زیادہ بڑے ہیں | درجے میں | اللہ کے ہاں |

## ضروری وضاحت

❶ اُولٰٓئِكَ کا اصل ترجمہ "وہ لوگ" ہے کبھی ضرورتاً "یہ لوگ" بھی کردیا جاتا ہے۔ ❷ اَ اگر الگ استعمال ہو تو اسکا ترجمہ "کیا" کیا جاتا ہے۔ ❸ ة واحد مؤنث کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❹ لَا اور آخر میں وْنَ میں کام نہ کرنے کی خبر کا مفہوم ہوتا ہے۔
❺ اَلْقَوْمَ واحد ہے لیکن کیونکہ اس میں زیادہ افراد شامل ہوتے اس لیے اسکے ساتھ "الظّٰلِمِيْنَ" جمع کا لفظ استعمال ہوا ہے۔
❻ علامت "يْنَ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❼ "اَ" میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



| | |
|---|---|
| وَ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْفَآئِزُوْنَ ﴿20﴾ | اور وہ لوگ ہی کامیاب ہونے والے ہیں۔ ﴿20﴾ |
| يُبَشِّرُهُمْ رَبُّهُمْ | خوشخبری دیتا ہے اُنہیں اُن کا رب |
| بِرَحْمَةٍ مِّنْهُ وَ رِضْوَانٍ | رحمت کی اپنی طرف سے اور رضامندی کی |
| وَّ جَنّٰتٍ لَّهُمْ | اور ایسے باغات کی (کہ) اُن کے لیے |
| فِيْهَا نَعِيْمٌ مُّقِيْمٌ ﴿21﴾ | اُن میں نعمت ہے ہمیشہ رہنے والی۔ ﴿21﴾ |
| خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ؕ | وہ ہمیشہ رہنے والے ہیں اُن میں ہمیشہ ہمیشہ |
| اِنَّ اللّٰهَ عِنْدَهٗٓ اَجْرٌ عَظِيْمٌ ﴿22﴾ | بیشک اللہ (کہ) اُس کے پاس بہت بڑا اجر ہے۔ ﴿22﴾ |
| يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوْٓا | اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو! مت بناؤ |
| اٰبَآءَكُمْ وَاِخْوَانَكُمْ اَوْلِيَآءَ | اپنے باپوں کو اور اپنے بھائیوں کو دوست |
| اِنِ اسْتَحَبُّوا الْكُفْرَ عَلَى الْاِيْمَانِ ؕ | اگر وہ پسند کریں کفر کو ایمان پر |
| وَ مَنْ يَّتَوَلَّهُمْ مِّنْكُمْ | اور جو دوستی رکھے گا اُن سے تم میں سے |
| فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿23﴾ | تو وہی لوگ ہی ظالم ہیں۔ ﴿23﴾ |

## قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

الْفَآئِزُوْنَ: عہدے پر فائز ہونا، فوز وفلاح۔
يُبَشِّرُهُمْ: بشارت، مبشر۔
رِضْوَانٍ: رضائے الٰہی، راضی، مرضی۔
نَعِيْمٌ: نعمت، انعام، منعم حقیقی۔
مُّقِيْمٌ: قائم، قیام، مقیم، قیامت۔
خٰلِدِيْنَ: خالد، خلد بریں۔
اَبَدًا: ابد الآباد۔
عِنْدَهٗٓ: عند الطلب، عند اللہ ماجور ہوں۔
تَتَّخِذُوْٓا: اخذ، ماخوذ، مواخذہ۔
اٰبَآءَكُمْ: آباء واجداد، آبائی گاؤں، آبائی وطن۔
اِخْوَانَكُمْ: اخوت، معاہدۂ مواخات۔
اسْتَحَبُّوا: حبیب، محبّ، محبت، حب۔
يَتَوَلَّهُمْ: ولی، ولایت، مولیٰ۔
الظّٰلِمُوْنَ: ظلم، ظالم، مظلوم۔

• کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کیلئے • نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کیلئے • سرخ رنگ: نئے الفاظ کیلئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| وَ | اُولٰٓئِكَ | هُمُ الْفَآئِزُوْنَ (20) [1] | يُبَشِّرُهُمْ [2] | رَبُّهُمْ |
| اور | وہ لوگ | ہی سب کامیاب ہونے والے ہیں | خوشخبری دیتا ہے اُنہیں | اُن کا رب |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| بِرَحْمَةٍ [3] | مِّنْهُ | وَ | رِضْوَانٍ | وَّ | جَنّٰتٍ [3] | لَّهُمْ [4] |
| رحمت کی | اپنی طرف سے | اور | رضامندی کی | اور | (ایسے) باغات کی | (کہ) اُن کے لیے |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| فِيْهَا | نَعِيْمٌ | مُّقِيْمٌ (21) | خٰلِدِيْنَ | فِيْهَآ | اَبَدًا ؕ |
| اُن میں | نعمت ہے | ہمیشہ رہنے والی | وہ سب ہمیشہ رہنے والے ہیں | اُن میں | ہمیشہ ہمیشہ |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اِنَّ اللّٰهَ | عِنْدَهٗٓ | اَجْرٌ | عَظِيْمٌ [5] (22) | يٰٓاَيُّهَا | الَّذِيْنَ |
| بیشک اللہ | (کہ) اُس کے پاس | اجر ہے | بہت بڑا | اے | وہ لوگو جو |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اٰمَنُوْا | لَا تَتَّخِذُوْٓا [6] | اٰبَآءَكُمْ | وَ | اِخْوَانَكُمْ |
| سب ایمان لائے ہو | مت تم سب پکڑو (بناؤ) | اپنے باپوں کو | اور | اپنے بھائیوں کو |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اَوْلِيَآءَ | اِنِ | اسْتَحَبُّوا | الْكُفْرَ [7] | عَلَى الْاِيْمَانِ ؕ | وَمَنْ |
| دوست | اگر | وہ سب پسند کریں | کفر کو | ایمان پر | اور جو |

| | | | |
|---|---|---|---|
| يَّتَوَلَّهُمْ [2] | مِّنْكُمْ | فَاُولٰٓئِكَ | هُمُ الظّٰلِمُوْنَ [1] (23) |
| دوستی رکھے گا اُن سے | تم میں سے | تو وہ لوگ | ہی سب ظالم ہیں |

### ضروری وضاحت

❶ "هُمْ" کے بعد اگر "اَلْ" ہو تو اس میں "ہی" کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❷ "يُ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❸ ةٌ اور اتٌ مؤنث کی علامتیں ہیں انکا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❹ "لَهُمْ" میں علامت "لَ" اصل میں "لِ" تھا پڑھنے میں آسانی کے لیے اسے "لَ" کر دیا گیا ہے۔ ❺ اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❻ لَا کے بعد فعل کے آخر میں "وْا" میں کام نہ کرنے کا حکم ہوتا ہے۔ ❼ فعل کے بعد ایسا اسم جس کے آخر میں زبر ہو تو وہ اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



| | |
|---|---|
| قُلْ اِنْ كَانَ اٰبَآؤُكُمْ وَاَبْنَآؤُكُمْ | کہہ دیجیے اگر ہیں تمہارے باپ اور تمہارے بیٹے |
| وَاِخْوَانُكُمْ وَاَزْوَاجُكُمْ وَعَشِيْرَتُكُمْ | اور تمہارے بھائی اور تمہاری بیویاں اور تمہارا خاندان |
| وَ اَمْوَالُ ِۨ اقْتَرَفْتُمُوْهَا | اور وہ مال (کہ) تم نے کمایا ہے اُن کو |
| وَ تِجَارَةٌ تَخْشَوْنَ | اور (وہ) تجارت (کہ) تم ڈرتے ہو |
| كَسَادَهَا وَ مَسٰكِنُ | اس کے مندا پڑ جانے سے اور (وہ) گھر |
| تَرْضَوْنَهَآ اَحَبَّ | (کہ) تم پسند کرتے ہو اُنہیں زیادہ محبوب ہیں |
| اِلَيْكُمْ مِّنَ اللّٰهِ وَ رَسُوْلِهٖ | تمہیں اللہ اور اس کے رسول سے |
| وَ جِهَادٍ فِيْ سَبِيْلِهٖ فَتَرَبَّصُوْا | اور اس کی راہ میں جہاد کرنے سے تو تم انتظار کرو، |
| حَتّٰى يَاْتِيَ اللّٰهُ بِاَمْرِهٖ ؕ وَاللّٰهُ | یہاں تک اللہ لے آئے اللہ اپنے حکم کو، اور اللہ |
| لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ ﴿24﴾ ع (ع 3 8 9) | نہیں ہدایت دیتا نافرمانی کرنیوالے لوگوں کو۔ ﴿24﴾ ع |
| لَقَدْ نَصَرَكُمُ اللّٰهُ | البتہ یقیناً مدد کر چکا ہے اللہ تمہاری |
| فِيْ مَوَاطِنَ كَثِيْرَةٍ ۙ وَّ يَوْمَ حُنَيْنٍ ۙ | بہت سی جگہوں میں اور حنین کے دن (بھی) |

## قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

قُلْ : قول، اقوال، مقولہ، اقوالِ زریں۔
اَبْنَآؤُكُمْ : ابن، متبنّٰی، ابن الوقت، ابن قاسم۔
اِخْوَانُكُمْ : اخوت، معاہدۂ مواخات۔
اَزْوَاجُكُمْ : زوجہ، ازدواجی زندگی۔
تَخْشَوْنَ : خشیتِ الٰہی (ڈر)۔
كَسَادَهَا : کساد بازاری۔
تَرْضَوْنَهَآ : رضائے الٰہی، راضی، مرضی۔

اَحَبَّ : حب، حبیب، محبّ، محبت۔
بِاَمْرِهٖ : امر، آمر، مامور، امارت اسلامی۔
يَهْدِيْ : ہدایت، ہادیٔ برحق۔
الْفٰسِقِيْنَ : فسق و فجور، فاسق و فاجر۔
نَصَرَكُمْ : ناصر، نصرت، انصاری۔
مَوَاطِنَ : وطن عزیز، آبائی وطن۔
كَثِيْرَةٍ : کثیر، کثرت، اکثر، اکثریت۔



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قُلْ ❶ | اِنْ | كَانَ | اٰبَآؤُكُمْ ❷ | وَ | اَبْنَآؤُكُمْ ❷ | وَ | اِخْوَانُكُمْ ❷ |
| کہہ دیجیے | اگر | ہیں | تمہارے باپ | اور | تمہارے بیٹے | اور | تمہارے بھائی |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اَزْوَاجُكُمْ ❷❸ | وَ | عَشِيْرَتُكُمْ ❷ | وَ | اَمْوَالُ | اقْتَرَفْتُمُوْهَا ❹ |
| اور | تمہاری بیویاں | اور | تمہارا خاندان | اور | (وہ) مال | (کہ) تم نے کمایا ہے اُن کو |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَ | تِجَارَةٌ ❺ | تَخْشَوْنَ | كَسَادَهَا | وَ | مَسٰكِنُ |
| اور | (وہ) تجارت | (کہ) تم سب ڈرتے ہو | اس کے مندا پڑ جانے سے | اور | (وہ) گھر (کہ) |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| تَرْضَوْنَهَآ | اَحَبَّ ❻ | اِلَيْكُمْ | مِّنَ اللّٰهِ | وَ | رَسُوْلِهٖ |
| تم سب پسند کرتے ہو اُنہیں | زیادہ محبوب ہیں | تمہاری طرف | اللہ سے | اور | اسکے رسول (سے) |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| وَجِهَادٍ | فِيْ سَبِيْلِهٖ | فَتَرَبَّصُوْا | حَتّٰى | يَاْتِيَ اللّٰهُ ❼ |
| اور جہاد کرنے (سے) | اس کے راستے میں | تو تم سب انتظار کرو | یہاں تک کہ | لے آئے اللہ |

ع 3/8/9

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| بِاَمْرِهٖ ط | وَ اللّٰهُ | لَا | يَهْدِي | الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ (24) ع | لَقَدْ |
| اپنے حکم کو | اور اللہ | نہیں | ہدایت دیتا | سب نافرمانی کرنیوالے لوگوں کو | البتہ یقیناً |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| نَصَرَكُمُ | اللّٰهُ | فِيْ مَوَاطِنَ كَثِيْرَةٍ ❺ لا | وَّ | يَوْمَ حُنَيْنٍ لا |
| مدد کی تمہاری | اللہ نے | بہت سی جگہوں میں | اور | حنین کے دن (بھی) |

## ضروری وضاحت

❶ قُلْ قول سے بنا ہے پڑھنے میں آسانی کے لئے وْ کو گرا دیا گیا ہے۔❷ كُمْ اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ تمہارا، تمہارے، تمہاری کیا جاتا ہے۔❸ اَزْوَاج کی نسبت مذکر کی طرف ہو تو اس کا ترجمہ بیویاں اور اگر مؤنث کی طرف ہو تو ترجمہ شوہر کیا جاتا ہے۔❹ "تُمْ" کے ساتھ اگر کوئی اور علامت لگائی ہو تو "تُمُ" اور اسکے درمیان وْ کا اضافہ کیا جاتا ہے۔❺ ة واحد مؤنث کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں۔❻ "أ" میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔❼ علامت "يَ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



| | |
|---|---|
| اِذْ اَعْجَبَتْكُمْ كَثْرَتُكُمْ | جب خوش فہمی میں ڈال دیا تھا تمہیں تمہاری کثرت نے |
| فَلَمْ تُغْنِ عَنْكُمْ شَيْـًٔا | پس نہ کام آئی تمہارے کچھ بھی |
| وَّ ضَاقَتْ عَلَيْكُمُ الْاَرْضُ | اور تنگ ہوگئی تم پر زمین |
| بِمَا رَحُبَتْ | اس کے باوجود کہ وہ فراخ تھی |
| ثُمَّ وَلَّيْتُمْ مُّدْبِرِيْنَ ﴿25﴾ | پھر تم لوٹے پیٹھ پھیر کر۔ ﴿25﴾ |
| ثُمَّ اَنْزَلَ اللّٰهُ سَكِيْنَتَهٗ | پھر اللہ نے نازل کی اپنی سکینت |
| عَلٰى رَسُوْلِهٖ وَ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ | اپنے رسول پر اور مؤمنوں پر |
| وَ اَنْزَلَ جُنُوْدًا | اور اس نے نازل کیے (ایسے) لشکر (کہ) |
| لَّمْ تَرَوْهَا | نہیں تم نے دیکھا انہیں |
| وَ عَذَّبَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ؕ | اور عذاب دیا ان لوگوں کو جنہوں نے کفر کیا |
| وَ ذٰلِكَ جَزَآءُ الْكٰفِرِيْنَ ﴿26﴾ | اور یہی سزا ہے کافروں کی۔ ﴿26﴾ |
| ثُمَّ يَتُوْبُ اللّٰهُ مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ | پھر رجوع کرے گا اللہ اس کے بعد |

### قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اَعْجَبَتْكُمْ : عجیب، تعجب، عجب۔

كَثْرَتُكُمْ : کثرت، کثیر، اکثر، اکثریت۔

تُغْنِ : مستغنی، استغناء۔

شَيْـًٔا : شے، اشیائے خوردونوش۔

الْاَرْضُ : ارض وسما، قطعۂ ارض، اراضی۔

مُّدْبِرِيْنَ : دبر (پیچھے)۔

اَنْزَلَ : نازل، نزول، شان نزول۔

سَكِيْنَتَهٗ : سکینت، سکون، تسکین۔

الْمُؤْمِنِيْنَ : ایمان، مؤمن، امن۔

تَرَوْهَا : رؤیت ہلال کمیٹی، مرئی وغیر مرئی اشیاء۔

عَذَّبَ : عذاب، عذاب جہنم۔

كَفَرُوْا : کفر، کافر، کفار۔

جَزَآءُ : جزائے خیر، جزاک اللہ، جزاوسزا۔

يَتُوْبُ : توبہ، تائب۔



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اِذْ | اَعْجَبَتْكُمْ ❶ | كَثْرَتُكُمْ | فَلَمْ | تُغْنِ ❶ |
| جب | خوش فہمی میں ڈال دیا تھا تمہیں | تمہاری کثرت نے | پس نہ | کام آئی |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| عَنْكُمْ ❷ | شَيْئًا | وَ | ضَاقَتْ ❶ | عَلَيْكُمُ | الْاَرْضُ | بِمَا |
| تمہارے | کچھ بھی | اور | تنگ ہوگئی | تم پر | زمین | اس کے باوجود کہ |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| رَحُبَتْ ❶ | ثُمَّ | وَلَّيْتُمْ | مُّدْبِرِيْنَ (25) | ثُمَّ | اَنْزَلَ ❸ |
| وہ فراخ تھی | پھر | تم لوٹے | سب پیٹھ پھیر کر | پھر | نازل کی |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اللّٰهُ | سَكِيْنَتَهٗ | عَلٰى رَسُوْلِهٖ | وَ | عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ | وَ |
| اللہ نے | اپنی سکینت | اپنے رسول پر | اور | سب مؤمنوں پر | اور |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اَنْزَلَ ❸ | جُنُوْدًا | لَّمْ تَرَوْهَا ❹ | وَ | عَذَّبَ |
| اس نے نازل کیے | (ایسے) لشکر | (کہ) نہیں تم سب نے دیکھا انہیں | اور | عذاب دیا |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| الَّذِيْنَ | كَفَرُوْا ط | وَ | ذٰلِكَ ❺ | جَزَآءُ |
| ان لوگوں کو جن | سب نے کفر کیا | اور | یہی | سزا ہے |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| الْكٰفِرِيْنَ (26) | ثُمَّ | يَتُوْبُ ❻ | اللّٰهُ | مِنْ بَعْدِ ذٰلِكَ ❼ |
| سب کافروں کی | پھر | رجوع کرے گا | اللہ | اس کے بعد |

### ضروری وضاحت

❶ "تْ" اور "تُ" واحد مؤنث کی علامتیں ہیں الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❷ علامت "عَنْ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❸ "اَ" "فعل کے معنی میں تبدیلی لانے کے لئے ہے۔ ❹ وا کے بعد اگر کوئی اور علامت لانی ہو تو اس کا الف گر جاتا ہے۔ ❺ ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ ہے ضرورتاً ترجمہ یہ کردیا جاتا ہے دراصل بات میں زور ڈالنے کے لئے اشارہ بعید استعمال کیا جاتا ہے۔ ❻ "یَ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❼ بَعْدِ سے پہلے مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہوتی۔

• سرخ رنگ: ایک علامت کیلئے • نیلا رنگ: دوسری علامت کیلئے • کالا رنگ: اصل لفظ کیلئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



| | |
|---|---|
| عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ ؕ | جس پر وہ چاہے گا |
| وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿27﴾ | اور اللہ بہت بخشنے والا، نہایت رحم کرنیوالا ہے۔ ﴿27﴾ |
| يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا | اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو! |
| اِنَّمَا الْمُشْرِكُوْنَ نَجَسٌ | درحقیقت مشرکین ناپاک ہیں |
| فَلَا يَقْرَبُوا الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ | تو نہ وہ قریب جائیں مسجد حرام کے |
| بَعْدَ عَامِهِمْ هٰذَا ۚ وَاِنْ | اپنے اس سال کے بعد اور اگر |
| خِفْتُمْ عَيْلَةً فَسَوْفَ | تمہیں ڈر ہو مفلسی کا تو عنقریب |
| يُغْنِيْكُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖٓ | غنی کردے گا تمہیں اللہ اپنے فضل سے |
| اِنْ شَآءَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ | اگر اس نے چاہا، بے شک اللہ |
| عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿28﴾ | خوب جاننے والا، بڑا حکمت والا ہے۔ ﴿28﴾ |
| قَاتِلُوا الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ | تم قتال کرو ان لوگوں سے جو نہیں ایمان لاتے |
| بِاللّٰهِ وَلَا بِالْيَوْمِ الْاٰخِرِ | اللہ پر اور نہ یوم آخرت پر |

## قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | |
|---|---|
| يَّشَآءُ، شَآءَ : ماشاءاللہ، ان شاءاللہ، مشیت الٰہی۔ | هٰذَا : ہٰذا من فضل ربی، لہٰذا۔ |
| غَفُوْرٌ : مغفرت، استغفار۔ | خِفْتُمْ : خوف، خائف۔ |
| اٰمَنُوْٓا، يُؤْمِنُوْنَ : ایمان، مؤمن، امن۔ | يُغْنِيْكُمْ : غنی، غنا۔ |
| الْمُشْرِكُوْنَ : شرک، شرکت، شراکت، مشرک۔ | عَلِيْمٌ : علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات۔ |
| نَجَسٌ : نجس، نجاست۔ | حَكِيْمٌ : حکمت، حکیم۔ |
| يَقْرَبُوا : قریب، قرب وجوار، قربت، تقرب۔ | قَاتِلُوا : قتال، قتل، قاتل، مقتول۔ |
| عَامِهِمْ : عام الحزن، عام الفیل۔ | الْاٰخِرِ : آخر، آخری، فکر آخرت۔ |



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| عَلٰى | مَنْ يَّشَآءُ ؕ | وَ | اللّٰهُ | غَفُوْرٌ ① | رَّحِيْمٌ ﴿27﴾ ① |
| (اس) پر | جسے وہ چاہے گا | اور | اللہ | بہت بخشنے والا | نہایت رحم کرنیوالا ہے |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| يٰۤاَيُّهَا ② | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْٓا | اِنَّمَا ③ | الْمُشْرِكُوْنَ |
| اے | وہ لوگو جو | سب ایمان لائے ہو! | درحقیقت | سب مشرکین |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| نَجَسٌ | فَلَا | يَقْرَبُوا | الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ | بَعْدَ عَامِهِمْ هٰذَا ۚ |
| ناپاک ہیں | تو نہ | وہ سب قریب جائیں | مسجد حرام کے | اپنے اس سال کے بعد |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| وَ اِنْ | خِفْتُمْ | عَيْلَةً ④ | فَسَوْفَ | يُغْنِيْكُمُ ⑤ |
| اور اگر | تمہیں ڈر ہو | مفلسی کا | تو عنقریب | غنی کردے گا تمہیں |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اللّٰهُ | مِنْ فَضْلِهٖٓ | اِنْ | شَآءَ ؕ | اِنَّ | اللّٰهَ |
| اللہ | اپنے فضل سے | اگر | اس نے چاہا | بے شک | اللہ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| عَلِيْمٌ ① | حَكِيْمٌ ﴿28﴾ ① | قَاتِلُوا | الَّذِيْنَ |
| خوب جاننے والا، | بڑا حکمت والا ہے | تم سب قتال کرو | ان لوگوں سے جو |

| | | | |
|---|---|---|---|
| لَا يُؤْمِنُوْنَ ⑥ | بِاللّٰهِ | وَ لَا | بِالْيَوْمِ الْاٰخِرِ |
| نہیں وہ سب ایمان لاتے | اللہ پر | اور نہ | یوم آخرت پر |

**ضروری وضاحت**

①اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔② يٰۤاَيُّهَا دراصل يَا + اَيُّهَا کا مجموعہ ہے دونوں کا ترجمہ اے ہوتا ہے "اَيُّهَا" صرف اس وقت آتا ہے جب اسکے بعد والے اسم کے شروع میں "اَلْ" ہو۔③"اِنَّمَا" اِنَّ کے ساتھ جب مَا آجائے تو اس میں صرف یوں ہی ہے کا مفہوم ہوتا ہے۔④ ۃ واحد مؤنث کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں۔⑤"يـ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔⑥جب فعل کے شروع میں "لَا" اور آخر میں "وْنَ" ہو تو اس میں کام نہ کرنے کی خبر ہوتی ہے۔

• سرخ رنگ : ایک علامت کیلئے • نیلا رنگ : دوسری علامت کیلئے • کالا رنگ : اصل لفظ کیلئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



| | |
|---|---|
| وَلَا يُحَرِّمُوْنَ مَا حَرَّمَ اللّٰهُ | اور نہ وہ حرام سمجھتے جسے حرام ٹھہرایا اللہ نے |
| وَ رَسُوْلُهٗ وَ لَا يَدِيْنُوْنَ | اور اس کے رسول نے اور نہ وہ اختیار کرتے ہیں |
| دِيْنَ الْحَقِّ مِنَ الَّذِيْنَ | دین حق کو ان لوگوں میں سے جو |
| اُوْتُوا الْكِتٰبَ حَتّٰى يُعْطُوا | دیے گئے کتاب یہاں تک کہ وہ دیں |
| الْجِزْيَةَ عَنْ يَّدٍ وَّ هُمْ صٰغِرُوْنَ ﴿29﴾ | جزیہ (اپنے) ہاتھ سے اور وہ ذلیل ہوں۔ ﴿29﴾ |
| وَ قَالَتِ الْيَهُوْدُ عُزَيْرُ ابْنُ اللّٰهِ | اور کہا یہودیوں نے عزیر اللہ کا بیٹا ہے |
| وَقَالَتِ النَّصٰرَى الْمَسِيْحُ ابْنُ اللّٰهِ ؕ | اور کہا نصاریٰ نے مسیح اللہ کا بیٹا ہے |
| ذٰلِكَ قَوْلُهُمْ بِاَفْوَاهِهِمْ ۚ | یہ ان کی بات ہے ان کے مونہوں کی |
| يُضَاهِـُٔوْنَ قَوْلَ | وہ مشابہت کرتے ہیں (ان لوگوں کی) بات کی |
| الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ قَبْلُ ؕ | جنہوں نے کفر کیا (ان) سے پہلے، |
| قٰتَلَهُمُ اللّٰهُ ۚ | غارت کرے انہیں اللہ |
| اَنّٰى يُؤْفَكُوْنَ ﴿30﴾ | کہاں وہ بہکائے جا رہے ہیں۔ ﴿30﴾ |

## قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | |
|---|---|
| لَا : لاعلاج، لاجواب، لاعلم، لاپروا۔ | قَالَتِ : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔ |
| يُحَرِّمُوْنَ، حَرَّمَ : حرام، محرم، تحریم، حرمت۔ | ابْنُ : ابن، متبنّی، ابن الوقت۔ |
| يَدِيْنُوْنَ : دین ودنیا، دین حق۔ | الْمَسِيْحُ : مسح کرنا (چھونا)۔ |
| حَتّٰى : حتیٰ کہ، حتی الوسع، حتی الامکان۔ | قَوْلُهُمْ : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔ |
| يُعْطُوا : عطیہ، عطیات۔ | بِاَفْوَاهِهِمْ : افواہ، ہر منہ پر جو بات ہو اسے افواہ کہتے ہیں۔ |
| الْجِزْيَةَ : جزیہ۔ | قَبْلُ : قبل از وقت، قبل از غذا۔ |
| يَدٍ : ید بیضاء، ید طولیٰ۔ | قٰتَلَهُمْ : قتل، قاتل، قتال، مقتول۔ |



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | لَا يُحَرِّمُوْنَ ❶ | مَا | حَرَّمَ | اللّٰهُ ❷ | وَ | رَسُوْلُهٗ |
| اور | نہ وہ سب حرام سمجھتے | جسے | حرام ٹھہرایا | اللہ نے | اور | اس کے رسول نے |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| وَ | لَا يَدِيْنُوْنَ ❶ | دِيْنَ الْحَقِّ | مِنَ الَّذِيْنَ | اُوْتُوا |
| اور | نہ وہ سب اختیار کرتے ہیں | دینِ حق کو | ان لوگوں میں سے جو | سب دیے گئے |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| الْكِتٰبَ | حَتّٰى | يُعْطُوا | الْجِزْيَةَ ❸ | عَنْ يَّدٍ | وَّ | هُمْ |
| کتاب | یہاں تک کہ | وہ سب دیں | جزیہ | (اپنے) ہاتھ سے | اور | وہ |

ع 4 5 10

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| صٰغِرُوْنَ (29) ع | وَ قَالَتِ ❹ | الْيَهُوْدُ | عُزَيْرُ | ابْنُ اللّٰهِ | وَ قَالَتِ ❹ |
| سب ذلیل ہوں | اور کہا | یہودیوں نے | عزیر | اللہ کا بیٹا ہے | اور کہا |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| النَّصٰرَى | الْمَسِيْحُ | ابْنُ اللّٰهِ ط | ذٰلِكَ ❺ | قَوْلُهُمْ | بِاَفْوَاهِهِمْ ج |
| نصاریٰ نے | مسیح | اللہ کا بیٹا ہے | یہ | ان کی بات ہے | ان کے مونہوں کی |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| يُضَاهِئُوْنَ | قَوْلَ | الَّذِيْنَ | كَفَرُوْا | مِنْ قَبْلُ ط |
| وہ سب مشابہت کرتے ہیں | (ان لوگوں کی) بات کی | جن | سب نے کفر کیا | (ان) سے پہلے |

| | | | |
|---|---|---|---|
| قٰتَلَهُمُ | اللّٰهُ ❷ | اَنّٰى | يُؤْفَكُوْنَ ❻ (30) |
| غارت کرے انہیں | اللہ | کہاں | وہ سب بہکائے جا رہے ہیں |

### ضروری وضاحت

❶ شروع میں لَا اور آخر میں وْنَ ہو تو اس میں کام نہ کرنے کی خبر ہوتی ہے۔ ❷ فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں پیش ہو وہ اس فعل کا فاعل ہوتا ہے۔ ❸ ة واحد مؤنث کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❹ "تْ" واحد مؤنث کی علامت ہے اسے جب اگلے لفظ سے ملائیں تو زیر دیتے ہیں اور اسکا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❺ ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ ہے ضرورتاً اس کا ترجمہ یہ کر دیا جاتا ہے۔ ❻ "یُ" پر پیش اور آخر سے پہلے زبر ہو تو اس فعل میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔

• سرخ رنگ : ایک علامت کیلئے • نیلا رنگ : دوسری علامت کیلئے • کالا رنگ : اصل لفظ کیلئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



| | |
|---|---|
| اِتَّخَذُوْٓا اَحْبَارَهُمْ | انہوں نے بنالیا ہے اپنے علما کو |
| وَرُهْبَانَهُمْ اَرْبَابًا | اور اپنے درویشوں کو (اپنا) رب، |
| مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَ الْمَسِيْحَ ابْنَ مَرْيَمَ ۚ | اللہ کے سوا اور مسیح بن مریم کو (بھی) |
| وَ مَآ اُمِرُوْٓا اِلَّا لِيَعْبُدُوْٓا | حالانکہ نہیں وہ حکم دیے گئے مگر یہ کہ وہ عبادت کریں |
| اِلٰهًا وَّاحِدًا ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۭ | ایک معبود کی، نہیں ہے کوئی معبود مگر وہی |
| سُبْحٰنَهٗ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿31﴾ | پاک ہے وہ اس سے جو وہ شریک بناتے ہیں۔ ﴿31﴾ |
| يُرِيْدُوْنَ اَنْ يُّطْفِـُٔوْا نُوْرَ اللّٰهِ | (دراصل) وہ چاہتے ہیں کہ وہ بجھادیں اللہ کے نور کو |
| بِاَفْوَاهِهِمْ وَ يَاْبَى اللّٰهُ اِلَّآ اَنْ | اپنے مونہوں سے اور انکار کرتا ہے اللہ مگر یہ کہ |
| يُّتِمَّ نُوْرَهٗ وَ لَوْ كَرِهَ الْكٰفِرُوْنَ ﴿32﴾ | وہ پورا کرے گا اپنا نور اور اگرچہ ناپسند کریں کافر۔ ﴿32﴾ |
| هُوَ الَّذِيْٓ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰى | (اللہ) وہ ہے جس نے بھیجا اپنا رسول ہدایت کے ساتھ |
| وَ دِيْنِ الْحَقِّ لِيُظْهِرَهٗ | اور دین حق (کیساتھ) تاکہ وہ غالب کردے اسے |
| عَلَى الدِّيْنِ كُلِّهٖ ۙ | اس کے سب دینوں پر |

### قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

- اِتَّخَذُوْٓا : اخذ، ماخوذ۔
- رُهْبَانَهُمْ : راہب، رہبانیت۔
- اَرْبَابًا : رب، ارباب، مربی، ارباب اختیار۔
- اُمِرُوْٓا : امر، امیر۔ امارت۔ مامور۔
- لِيَعْبُدُوْٓا : عبد، معبود، عبادت۔
- سُبْحٰنَهٗ : تسبیح، سبحان تیری قدرت، سبحان اللہ۔
- يُشْرِكُوْنَ : شرک، مشرک، شرکاء۔
- يُرِيْدُوْنَ : ارادہ، ارادے، مراد، مرید۔
- بِاَفْوَاهِهِمْ : افواہ، ہر منہ پر جو بات ہو اسے افواہ کہتے ہیں۔
- يُتِمَّ : تمام، اتمام حجت، تمت بالخیر۔
- كَرِهَ : کراہت، مکروہ۔
- اَرْسَلَ : رسل، رسول، مرسل۔
- بِالْهُدٰى : ہدایت، ہادی برحق۔
- كُلِّهٖ : کل نمبر، کل کائنات۔

• کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کیلئے • نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کیلئے • سرخ رنگ: نئے الفاظ کیلئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



| اِتَّخَذُوْٓا | اَحْبَارَهُمْ | وَ | رُهْبَانَهُمْ | اَرْبَابًا | مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ ❶ |
|---|---|---|---|---|---|
| ان سب نے بنالیا | اپنے علما کو | اور | اپنے درویشوں کو | رب | اللہ کے سوا |

| وَ | الْمَسِيْحَ ابْنَ مَرْيَمَ | وَمَآ | اُمِرُوْٓا ❷ | اِلَّا |
|---|---|---|---|---|
| اور | مسیح بن مریم کو (بھی) | حالانکہ نہیں | وہ سب حکم دیے گئے | مگر |

| لِيَعْبُدُوْٓا | اِلٰهًا وَّاحِدًا | لَآ اِلٰهَ ❸ | اِلَّا | هُوَ | سُبْحٰنَهٗ |
|---|---|---|---|---|---|
| یہ کہ وہ سب عبادت کریں | ایک معبود کی | کوئی معبود نہیں | مگر | وہی | پاک ہے وہ |

| عَمَّا ❹ | يُشْرِكُوْنَ (31) | يُرِيْدُوْنَ | اَنْ | يُّطْفِــُٔوْا |
|---|---|---|---|---|
| (اس) سے جو | وہ سب شریک بناتے ہیں | وہ سب چاہتے ہیں | کہ | وہ سب بجھادیں |

| نُوْرَ اللّٰهِ | بِاَفْوَاهِهِمْ | وَ | يَاْبَى اللّٰهُ ❺ | اِلَّآ | اَنْ | يُّتِمَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اللہ کے نور کو | اپنے مونہوں سے | اور | انکار کرتا ہے اللہ | مگر | یہ کہ | وہ پورا کرے گا |

| نُوْرَهٗ ❻ | وَلَوْ | كَرِهَ | الْكٰفِرُوْنَ (32) | هُوَ | الَّذِيْٓ | اَرْسَلَ | رَسُوْلَهٗ ❻ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اپنا نور | اور اگرچہ | ناپسند کریں | سب کافر | وہی ہے | جس نے | بھیجا | اپنا رسول |

| بِالْهُدٰى | وَ | دِيْنِ الْحَقِّ | لِيُظْهِرَهٗ ❼ | عَلَى الدِّيْنِ كُلِّهٖ |
|---|---|---|---|---|
| ہدایت کے ساتھ | اور | دین حق (کیساتھ) | تاکہ وہ غالب کردے اسے | اس کے سب دینوں پر |

## ضروری وضاحت

❶لفظ دُوْنِ سے پہلے مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہوتی۔ ❷شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❸لَا کے بعد ایسا اسم جس کے آخر میں زبر ہو اس میں پوری جنس کی نفی کا مفہوم ہوتا ہے اور ترجمہ کوئی نہیں کیا جاتا ہے۔ ❹عَمَّا دراصل عَنْ + مَا کا مجموعہ ہے۔ ❺یہاں "یَ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❻فعل کے بعد ایسا اسم جس کے آخر میں زبر ہو وہ اس فعل کا مفعول ہوتا ہے ۔❼فعل کے ساتھ "ہٗ" کا ترجمہ اسے کیا جاتا ہے۔

• سرخ رنگ : ایک علامت کیلئے • نیلا رنگ : دوسری علامت کیلئے • کالا رنگ : اصل لفظ کیلئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



| | |
|---|---|
| وَ لَوْ كَرِهَ الْمُشْرِكُوْنَ ﴿33﴾ | اور اگرچہ ناپسند کریں مشرکین۔ ﴿33﴾ |
| يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّ | اے لوگو جو ایمان لائے ہو! بے شک |
| كَثِيْرًا مِّنَ الْاَحْبَارِ وَ الرُّهْبَانِ | بہت سے علماء اور درویشوں میں سے |
| لَيَاْكُلُوْنَ اَمْوَالَ النَّاسِ | یقیناً کھا جاتے ہیں لوگوں کے مال |
| بِالْبَاطِلِ وَ يَصُدُّوْنَ | باطل (طریقے) سے اور روکتے ہیں |
| عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ وَ الَّذِيْنَ | اللہ کے راستے سے اور وہ لوگ جو |
| يَكْنِزُوْنَ الذَّهَبَ وَ الْفِضَّةَ | جمع کر کے رکھتے ہیں سونا اور چاندی |
| وَ لَا يُنْفِقُوْنَهَا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۙ | اور نہیں خرچ کرتے اسے اللہ کی راہ میں |
| فَبَشِّرْهُمْ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ۙ﴿34﴾ | تو خوشخبری سنا دیں انہیں دردناک عذاب کی۔ ﴿34﴾ |
| يَّوْمَ يُحْمٰى عَلَيْهَا فِيْ نَارِ جَهَنَّمَ | جس دن تپایا جائیگا اس (سونا چاندی) کو جہنم کی آگ میں |
| فَتُكْوٰى بِهَا جِبَاهُهُمْ | پھر داغا جائے گا اس سے ان کی پیشانیوں کو |
| وَ جُنُوْبُهُمْ وَ ظُهُوْرُهُمْ ؕ | اور ان کے پہلوؤں کو اور ان کی پیٹھوں کو، |

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | |
|---|---|
| كَرِهَ : مکروہ، کراہت۔ | اَمْوَالَ : مال و دولت، مال طیب، اموال۔ |
| اَلْمُشْرِكُوْنَ : شرک، شریک، شراکت، مشرک۔ | النَّاسِ : عوام الناس، عامۃ الناس۔ |
| اٰمَنُوْٓا : ایمان، مؤمن، امن۔ | بِالْبَاطِلِ : باطل، مذاہب باطلہ۔ |
| كَثِيْرًا : کثیر، کثرت، اکثر، اکثریت۔ | سَبِيْلِ : فی سبیل اللہ، اللہ کوئی سبیل نکالے گا۔ |
| مِّنَ : من جانب، من حیث القوم، من وعن۔ | يُنْفِقُوْنَهَا : نان ونفقہ، انفاق فی سبیل اللہ۔ |
| الرُّهْبَانِ : رہبانیت، راہب۔ | فَبَشِّرْهُمْ : بشارت، بشیر، مبشر۔ |
| لَيَاْكُلُوْنَ : اکل وشرب، ماکولات ومشروبات۔ | اَلِيْمٍ : الم ناک حادثہ، رنج والم۔ |



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَ لَوْ | كَرِهَ | الْمُشْرِكُوْنَ ﴿33﴾ | يٰاَيُّهَا ❶ | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْٓا |
| اور اگرچہ | ناپسند کریں | سب مشرک | اے | وہ لوگو جو | سب ایمان لائے ہو |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اِنَّ | كَثِيْرًا مِّنَ الْاَحْبَارِ | وَ | الرُّهْبَانِ | لَيَاْكُلُوْنَ |
| بے شک | بہت سے علماء | اور | درویش | یقیناً وہ سب کھاجاتے ہیں |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اَمْوَالَ النَّاسِ ❷ | بِالْبَاطِلِ | وَ | يَصُدُّوْنَ | عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ط |
| لوگوں کے مال | باطل (طریقے) سے | اور | وہ سب روکتے ہیں | اللہ کے راستے سے |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | الَّذِيْنَ | يَكْنِزُوْنَ | الذَّهَبَ ❷ | وَ | الْفِضَّةَ ❷❸ | وَ لَا |
| اور | وہ لوگ جو | وہ سب جمع کر کے رکھتے ہیں | سونا | اور | چاندی | اور نہیں |

| | | | |
|---|---|---|---|
| يُنْفِقُوْنَهَا | فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ لا | فَبَشِّرْهُمْ | بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ❹ لا ﴿34﴾ |
| وہ سب خرچ کرتے انہیں | اللہ کی راہ میں | تو خوشخبری سنادیں انہیں | بہت دردناک عذاب کی |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| يَّوْمَ | يُحْمٰى ❺ | عَلَيْهَا ❻ | فِيْ نَارِ جَهَنَّمَ | فَتُكْوٰى ❸❺ | بِهَا |
| جس دن | تپایا جائے گا | اس (سونا چاندی) کو | جہنم کی آگ میں | پھر داغا جائے گا | ان سے |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| جِبَاهُهُمْ ❼ | وَ | جُنُوْبُهُمْ ❼ | وَ | ظُهُوْرُهُمْ ❼ ط |
| ان کی پیشانیوں کو | اور | ان کے پہلوؤں کو | اور | ان کی پیٹھوں کو |

### ضروری وضاحت

❶ یا اور اَیُّھَا دونوں کا ترجمہ اے کیا گیا ہے۔❷ فعل کے بعد زبر والا اسم اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔❸ "ۃ" اور "ی" واحد مؤنث کی علامتیں ہیں الگ ترجمہ ممکن نہیں۔❹ اس سانچے میں ڈھلے ہوئے ہر اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے اس لئے ترجمہ بہت کیا گیا ہے۔❺ جب "یُ" اور "تُ" پر پیش ہو اور آخر سے پہلے زبر ہو تو اس میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔❻ عَلَیْھَا میں عَلٰی کا ترجمہ پر ہوتا ہے لیکن ضرورتاً یہاں ترجمہ کو کیا گیا ہے۔❼ اسم کے ساتھ ھُمْ کا ترجمہ ان کا، انکی، انکے کیا جاتا ہے۔

• سرخ رنگ : ایک علامت کیلئے • نیلا رنگ : دوسری علامت کیلئے • کالا رنگ : اصل لفظ کیلئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



| | |
|---|---|
| هٰذَا مَا كَنَزْتُمْ | (اور کہا جائے گا) یہ ہے جو تم نے جمع کر کے رکھا |
| لِاَنْفُسِكُمْ فَذُوْقُوْا | اپنے نفسوں کے لیے، تو مزا چکھو (اس کا) |
| مَا كُنْتُمْ تَكْنِزُوْنَ ﴿35﴾ | جو تھے تم جمع کر کے رکھتے۔ ﴿35﴾ |
| اِنَّ عِدَّةَ الشُّهُوْرِ عِنْدَ اللّٰهِ | بے شک شمار مہینوں کا اللہ کے نزدیک |
| اثْنَا عَشَرَ شَهْرًا فِيْ كِتٰبِ اللّٰهِ | بارہ مہینے ہیں اللہ کی کتاب میں |
| يَوْمَ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ | جس دن اس نے پیدا کیا آسمانوں اور زمین کو |
| مِنْهَآ اَرْبَعَةٌ حُرُمٌ ؕ | ان میں سے چار (مہینے) حرمت والے ہیں |
| ذٰلِكَ الدِّيْنُ الْقَيِّمُ ۙ | یہی سیدھا دین ہے، |
| فَلَا تَظْلِمُوْا فِيْهِنَّ اَنْفُسَكُمْ | تو نہ تم ظلم کرو ان میں اپنی جانوں پر |
| وَقَاتِلُوا الْمُشْرِكِيْنَ كَآفَّةً | اور لڑو مشرکوں سے اکٹھے ہو کر |
| كَمَا يُقَاتِلُوْنَكُمْ كَآفَّةً ؕ | جیسا کہ وہ لڑتے ہیں تم سے اکٹھے ہو کر |
| وَ اعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ | اور جان لو کہ بے شک اللہ |

## قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | | | |
|---|---|---|---|
| فَذُوْقُوْا | ذائقہ، بد ذائقہ، ذائقہ دار، ذوق۔ | حُرُمٌ | حرمت، محرم۔ |
| عِدَّةَ | عدت، تعداد، متعدد، عدد۔ | الْقَيِّمُ | قائم مقام، قائم ودائم۔ |
| كِتٰبِ | کتاب، کتابت، کاتب، مکتوب۔ | تَظْلِمُوْا | ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم۔ |
| خَلَقَ | خالق، مخلوق، خلقت، تخلیق۔ | اَنْفُسَكُمْ | نفس، نفسا نفسی، نفوس قدسیہ۔ |
| السَّمٰوٰتِ | ارض وسما، کتب سماویہ۔ | وَقَاتِلُوا | قتل، قاتل، مقتول، قتال۔ |
| الْاَرْضَ | حشرات الارض، کرۂ ارض۔ | كَمَا | کماحقہ۔ |
| اَرْبَعَةٌ | حدود اربعہ، آئمہ اربعہ، رباعیات، مربع۔ | اعْلَمُوْٓا | علم، عالم، معلوم، تعلیم۔ |



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



| | | | |
|---|---|---|---|
| هٰذَا | مَا | كَنَزْتُمْ | لِاَنْفُسِكُمْ ❶ |
| (اور کہا جائے گا) یہ ہے | جو | تم نے جمع کر کے رکھا ہے | اپنے نفسوں کے لیے |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| فَذُوْقُوْا | مَا | كُنْتُمْ تَكْنِزُوْنَ ❷ (35) | اِنَّ | عِدَّةَ ❸ | الشُّهُوْرِ |
| تو سب مزا چکھو (اس کا) | جو | تھے تم سب جمع کر کے رکھتے | بے شک | شمار | مہینوں کا |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| عِنْدَ اللّٰهِ | اثْنَا عَشَرَ ❹ | شَهْرًا | فِيْ كِتٰبِ اللّٰهِ | يَوْمَ |
| اللہ کے نزدیک | بارہ | مہینے ہیں | اللہ کی کتاب میں | جس دن |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| خَلَقَ | السَّمٰوٰتِ ❸ | وَ | الْاَرْضَ | مِنْهَآ | اَرْبَعَةٌ ❸ | حُرُمٌ ؕ |
| اس نے پیدا کیا | آسمانوں کو | اور | زمین کو | ان میں سے | چار | حرمت والے ہیں |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ذٰلِكَ ❺ | الدِّيْنُ | الْقَيِّمُ ۙ | فَلَا تَظْلِمُوْا ❻ | فِيْهِنَّ |
| یہی | دین ہے | سیدھا | تو نہ تم سب ظلم کرو | ان میں |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اَنْفُسَكُمْ | وَ | قَاتِلُوا | الْمُشْرِكِيْنَ | كَآفَّةً ❸ | كَمَا |
| اپنی جانوں پر | اور | تم سب لڑو | سب مشرکوں سے | اکٹھے | جیسا کہ |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| يُقَاتِلُوْنَكُمْ | كَآفَّةً ❸ ؕ | وَ | اعْلَمُوْٓا ❼ | اَنَّ | اللّٰهَ |
| وہ سب لڑتے ہیں تم سے | اکٹھے | اور | تم سب جان لو | کہ بے شک | اللہ |

## ضروری وضاحت

❶ كُمْ اگر اسم کے آخر میں ہو تو اس کا ترجمہ اپنا، اپنی، اپنے بھی کیا جاتا ہے۔ ❷ تُمْ اور "تَ" دونوں کا ملا کر ترجمہ تم کیا گیا ہے۔ ❸ ة اور ات دونوں مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❹ اِثْنَانِ دو اور عَشَرَ دس پر بولا جاتا ہے دو اور دس ملا کر تعداد بارہ بنتی ہے۔ ❺ ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ ہے عموماً آیات میں زور ڈالنے کے لیے استعمال ہوتا اور کبھی اس کا ترجمہ یہ بھی کر دیا جاتا ہے۔ ❻ لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْا ہو تو اس میں کام نہ کرنے کا حکم ہوتا ہے۔ ❼ شروع میں "اَ" اور آخر میں وْا ہو تو اس میں حکم کا مفہوم ہوتا ہے۔

• سرخ رنگ: ایک علامت کیلئے • نیلا رنگ: دوسری علامت کیلئے • کالا رنگ: اصل لفظ کیلئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



| | |
|---|---|
| مَعَ الْمُتَّقِيْنَ ﴿36﴾ | پرہیز گاروں کے ساتھ ہے۔ ﴿36﴾ |
| اِنَّمَا النَّسِیْٓءُ زِيَادَةٌ فِي الْكُفْرِ | درحقیقت مہینوں کو آگے پیچھے کرنا زیادتی ہے کفر میں |
| يُضَلُّ بِهِ الَّذِيْنَ | گمراہ کیے جاتے ہیں اس کی وجہ سے وہ لوگ جنہوں نے |
| كَفَرُوْا يُحِلُّوْنَهٗ | کفر کیا وہ حلال کر لیتے ہیں اس کو |
| عَامًا وَّ يُحَرِّمُوْنَهٗ | (ایک) سال اور حرام کر دیتے ہیں اس کو |
| عَامًا لِّيُوَاطِـُٔوْا عِدَّةَ | (دوسرے) سال تاکہ وہ پوری کریں گنتی |
| مَا حَرَّمَ اللّٰهُ | (ان مہینوں کی) جو حرام ٹھہرائے اللہ نے |
| فَيُحِلُّوْا مَا حَرَّمَ اللّٰهُ ؕ | تو وہ حلال کر لیتے ہیں جس کو حرام کیا اللہ نے |
| زُيِّنَ لَهُمْ سُوْٓءُ اَعْمَالِهِمْ ؕ | مزین کر دیے گئے ان کے لیے انکے بُرے اعمال |
| وَ اللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿37﴾ ع | اور اللہ نہیں ہدایت دیتا کافر قوم کو۔ ﴿37﴾ ع |
| يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَا لَكُمْ | اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو! کیا ہوا تمہیں |
| اِذَا قِيْلَ لَكُمُ انْفِرُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ | جب کہا جائے تم سے (کہ) تم نکلو اللہ کی راہ میں |

ع 5 8 11

### قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | | | |
|---|---|---|---|
| مَعَ | مع دوست احباب، مع اہل وعیال، معیّت۔ | سُوْٓءُ | سوئے ظن، علمائے سوء۔ |
| الْمُتَّقِيْنَ | متقی و پرہیز گار، تقوی۔ | اَعْمَالِهِمْ | عمل، اعمال، اعمال حسنہ۔ |
| زِيَادَةٌ | زیادہ، زائد، مزید۔ | يَهْدِي | ہدایت، ہادیٔ برحق۔ |
| يُحِلُّوْنَهٗ | حلال، حلّت وحرمت۔ | الْقَوْمَ | قوم، اقوام، اقوام عالم۔ |
| يُحَرِّمُوْنَهٗ | حرام، حرمت، محرمات۔ | قِيْلَ | قول، مقولہ، مقالہ، اقوال، قائل۔ |
| عِدَّةَ | عدت، تعداد۔ | فِيْ | فی الحال، فی الفور، فی الوقت۔ |
| زُيِّنَ | مزیّن، تزئین وآرائش، زینت۔ | سَبِيْلِ | فی سبیل اللہ، اللہ کوئی سبیل نکالے گا۔ |



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| مَعَ | الْمُتَّقِيْنَ (36) | اِنَّمَا ❶ | النَّسِیْٓءُ | زِيَادَةٌ ❷ |
| ساتھ ہے | سب پرہیزگاروں کے | درحقیقت | (مہینوں کو) آگے پیچھے کرنا | زیادتی ہے |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| فِي الْكُفْرِ | يُضَلُّ ❸ | بِهِ | الَّذِيْنَ | كَفَرُوْا |
| کفر میں | وہ گمراہ کیے جاتے ہیں | اس کی وجہ سے | وہ لوگ جن | سب نے کفر کیا |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| يُحِلُّوْنَهٗ | عَامًا | وَّ | يُحَرِّمُوْنَهٗ | عَامًا |
| وہ سب حلال کر لیتے ہیں اس کو | (ایک) سال | اور | وہ سب حرام کر دیتے ہیں اسکو | (دوسرے) سال |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| لِّيُوَاطِئُوْا | عِدَّةَ ❷ | مَا | حَرَّمَ اللّٰهُ | فَيُحِلُّوْا |
| تاکہ وہ سب پوری کریں | گنتی | جو | حرام ٹھہرائے اللہ نے | تو وہ سب حلال کر لیتے ہیں |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| مَا | حَرَّمَ اللّٰهُ ط | زُيِّنَ ❹ | لَهُمْ | سُوْٓءُ اَعْمَالِهِمْ ط | وَ اللّٰهُ |
| جس کو | حرام کیا اللہ نے | مزین کر دیے گئے | ان کے لیے | انکے بُرے اعمال | اور اللہ |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| لَا يَهْدِي ❺ | الْقَوْمَ الْكٰفِرِيْنَ (37) ع | يٰٓاَيُّهَا ❻ | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا |
| نہیں ہدایت دیتا | سب کافر قوم کو | اے | وہ لوگو جو | سب ایمان لائے ہو |

ع 5/8 11

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| مَا لَكُمْ | اِذَا | قِيْلَ | لَكُمُ | انْفِرُوْا ❼ | فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ |
| کیا ہوا تمہیں | جب | کہا جائے | تم سے | (کہ) تم سب نکلو | اللہ کی راہ میں |

**ضروری وضاحت**

❶ اِنَّ کے ساتھ جب مَا لگ جائے تو اسکی تاکید میں اضافہ ہو جاتا ہے اور اس میں صرف اور اس کے علاوہ اور کچھ نہیں کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❷ ةٌ واحد مؤنث کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❸ "يُ" پر پیش اور آخر سے پہلے زبر ہو تو اس میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❹ فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❺ "يَ" کے ترجمے ضرورت نہیں ہے۔ ❻ يَا اور اَيُّهَا دونوں کا ترجمہ اے ہے۔ ❼ شروع میں "اُ" اور آخر میں "وْا" میں حکم کا مفہوم ہوتا ہے۔

• سرخ رنگ: ایک علامت کیلئے • نیلا رنگ: دوسری علامت کیلئے • کالا رنگ: اصل لفظ کیلئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



| | |
|---|---|
| اثَّاقَلْتُمْ اِلَى الْاَرْضِ ؕ | (تو) تم بوجھل ہو جاتے ہو زمین کی طرف |
| اَرَضِيْتُمْ بِالْحَيٰوةِ الدُّنْيَا | کیا تم خوش ہو گئے ہو دنیوی زندگی پر |
| مِنَ الْاٰخِرَةِ ۚ | آخرت کے مقابلے میں، |
| فَمَا مَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا | پس نہیں ہے دنیوی زندگی کا فائدہ |
| فِي الْاٰخِرَةِ اِلَّا قَلِيْلٌ ﴿38﴾ | آخرت کے مقابلے میں مگر بہت تھوڑا۔ ﴿38﴾ |
| اِلَّا تَنْفِرُوْا يُعَذِّبْكُمْ | اگر نہیں تم نکلو گے (تو) وہ عذاب دے گا تمہیں |
| عَذَابًا اَلِيْمًا ۙ وَّ يَسْتَبْدِلْ | دردناک عذاب اور بدل کر لے آئے گا |
| قَوْمًا غَيْرَكُمْ | کسی (اور) قوم کو تمہارے علاوہ |
| وَلَا تَضُرُّوْهُ شَيْـًٔا ؕ | اور نہ تم بگاڑ سکو گے اس کا کچھ بھی |
| وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿39﴾ | اور اللہ ہر چیز پر خوب قادر ہے۔ ﴿39﴾ |
| اِلَّا تَنْصُرُوْهُ فَقَدْ نَصَرَهُ اللّٰهُ | اگر نہ تم مدد کرو گے اس کی تو یقیناً مدد کر چکا ہے اسکی اللہ |
| اِذْ اَخْرَجَهُ الَّذِيْنَ | جب نکال دیا تھا اسے ان لوگوں نے جنہوں نے |

## قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | | | |
|---|---|---|---|
| اثَّاقَلْتُمْ | ثقیل، ثقل، کشش ثقل۔ | قَلِيْلٌ | قلیل، الاقلیل، قلت وکثرت۔ |
| الْاَرْض | ارض وسما، حشرات الارض، کرّہ اَرض۔ | عَذَابًا | عذاب۔ |
| رَضِيْتُمْ | راضی رضا، رضائے الٰہی، مرضی۔ | اَلِيْمًا | الم ناک حادثہ، رنج والم۔ |
| بِالْحَيٰوةِ | حیات، حیاتی، سمندری حیات۔ | يَسْتَبْدِلْ | تبدیل، متبادل، تبادلہ۔ |
| الدُّنْيَا | دنیا، دنیاوآخرت۔ | قَدِيْرٌ | قادر، قدیر، قدرت۔ |
| الْاٰخِرَةِ | دنیا، دنیاوآخرت، دنیوی زندگی۔ | نَصَرَ | نصرت، ناصر، منصور۔ |
| مَتَاعُ | مال ومتاع، متاع عزیز، متاع کارواں | اَخْرَجَهُ | اخراج، خارج، خروج، وزیر خارجہ۔ |



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اثَّاقَلْتُمْ | اِلَى الْاَرْضِ ؕ | اَ | رَضِيْتُمْ | بِالْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ❶ |
| (تو) تم بوجھل ہو جاتے ہو | زمین کی طرف | کیا | تم خوش ہو گئے ہو | دنیوی زندگی پر |

| | | | |
|---|---|---|---|
| مِنَ الْاٰخِرَةِ ❶ | فَمَا ❷ | مَتَاعُ | الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ❶ |
| آخرت کے (مقابلے میں) | پس نہیں ہے | فائدہ | دنیوی زندگی کا |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| فِي الْاٰخِرَةِ ❶ | اِلَّا ❸ | قَلِيْلٌ ﴿38﴾ | اِلَّا ❸ | تَنْفِرُوْا |
| آخرت (کے مقابلے) میں | مگر | بہت تھوڑا | اگر نہیں | تم سب نکلو گے |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| يُعَذِّبْكُمْ | عَذَابًا اَلِيْمًا ۙ | وَ | يَسْتَبْدِلْ | قَوْمًا ❹ |
| (تو) وہ عذاب دے گا تمہیں | دردناک عذاب | اور | وہ بدل کر لے آئے گا | کسی (اور) قوم کو |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| غَيْرَكُمْ | وَ | لَا تَضُرُّوْهُ ❺ | شَيْئًا ؕ | وَ | اللّٰهُ |
| تمہارے علاوہ | اور | نہ تم سب بگاڑ سکو گے اس کا | کچھ (بھی) | اور | اللہ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ | قَدِيْرٌ ﴿39﴾ | اَلَّا ❸ | تَنْصُرُوْهُ ❺ |
| ہر چیز پر | خوب قادر ہے | اگر نہ | تم سب مدد کرو گے اس کی |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| فَقَدْ | نَصَرَهُ | اللّٰهُ | اِذْ | اَخْرَجَهُ ❻ | الَّذِيْنَ |
| تو یقیناً | مدد کی اس کی | اللہ نے | جب | نکال دیا تھا اسے | ان لوگوں نے جن |

**ضروری وضاحت**

❶ ۃ واحد مؤنث کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❷ مَا کا ترجمہ کبھی "جو" کبھی کیا اور کبھی "نہیں" کیا جاتا ہے ❸ اِلَّا کبھی ایک ہی لفظ ہوتا ہے اور اس کا ترجمہ مگر یا سوائے کیا جاتا ہے اور کبھی "اِلَّا" اِنْ + لَا کا مجموعہ ہوتا ہے اس صورت میں اس کا ترجمہ "اگر نہیں" کیا جاتا ہے۔ ❹ تنوین میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے اسی لئے کسی ترجمہ کیا گیا ہے ❺ "وا" کے بعد کوئی اور علامت آئے تو اس کا الف گر جاتا ہے۔ ❻ "اَ" میں فعل کے معنی میں تبدیلی کا مفہوم ہے۔

• سرخ رنگ : ایک علامت کیلئے • نیلا رنگ : دوسری علامت کیلئے • کالا رنگ : اصل لفظ کیلئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



| | |
|---|---|
| كَفَرُوْا ثَانِيَ اثْنَيْنِ | کفر کیا وہ دوسرا تھا دو میں سے |
| اِذْ هُمَا فِي الْغَارِ | جب وہ دونوں غار میں تھے |
| اِذْ يَقُوْلُ لِصَاحِبِهٖ | جب وہ کہہ رہا تھا اپنے ساتھی سے |
| لَا تَحْزَنْ اِنَّ اللّٰهَ مَعَنَا ۚ | تو غم نہ کر، بے شک اللہ ہمارے ساتھ ہے |
| فَاَنْزَلَ اللّٰهُ سَكِيْنَتَهٗ عَلَيْهِ | پھر نازل کی اللہ نے اپنی سکینت اس پر |
| وَ اَيَّدَهٗ بِجُنُوْدٍ | اور قوت دی اسے (اپنے) لشکروں سے (کہ) |
| لَّمْ تَرَوْهَا وَ جَعَلَ | نہیں دیکھا تم نے انہیں اور کردی |
| كَلِمَةَ الَّذِيْنَ كَفَرُوا السُّفْلٰى ؕ | بات ان لوگوں کی جنہوں نے کفر کیا نیچی |
| وَ كَلِمَةُ اللّٰهِ هِيَ الْعُلْيَا ؕ | اور اللہ کی بات ہی سب سے بلند ہے |
| وَ اللّٰهُ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿40﴾ | اور اللہ خوب غالب، بہت حکمت والا ہے۔ ﴿40﴾ |
| اِنْفِرُوْا خِفَافًا وَّ ثِقَالًا وَّ جَاهِدُوْا | نکلو ہلکے (بھی) اور بھاری (بھی) اور جہاد کرو |
| بِاَمْوَالِكُمْ وَ اَنْفُسِكُمْ | اپنے مالوں سے اور اپنی جانوں (سے) |

**قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت**

| | | | |
|---|---|---|---|
| كَفَرُوْا | کفر، کافر، کفار۔ | اَيَّدَهٗ | تائید، مؤید۔ |
| ثَانِيَ ، اثْنَيْنِ | لاثانی۔ | كَلِمَةَ | کلمہ، کلام، کلمات۔ |
| يَقُوْلُ | قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔ | السُّفْلٰى | سفلی علم، سفلی جذبات۔ |
| تَحْزَنْ | حزن وملال، عام الحزن۔ | الْعُلْيَا | اعلیٰ، عرش معلیٰ، عالی شان۔ |
| مَعَنَا | مع اہل وعیال، معیّت۔ | خِفَافًا | خفیف، تخفیف، مخفف۔ |
| فَاَنْزَلَ | نازل، نزول، شان نزول، منزل من اللہ۔ | ثِقَالًا | ثقیل، ثقل، کشش ثقل۔ |
| سَكِيْنَتَهٗ | سکون، سکینت، تسکین۔ | اَنْفُسِكُمْ | نفس، نفسانفسی، نفوس قدسیہ۔ |



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



| كَفَرُوْا | ثَانِيَ | اثْنَيْنِ | اِذْ ❶ | هُمَا | فِي الْغَارِ |
|---|---|---|---|---|---|
| سب نے کفر کیا | وہ دوسرا تھا | دو (میں سے) | جب | (وہ) دونوں | غار میں تھے |

| اِذْ ❶ | يَقُوْلُ | لِصَاحِبِهٖ | لَا تَحْزَنْ | اِنَّ اللّٰهَ | مَعَنَا ج |
|---|---|---|---|---|---|
| جب | وہ کہہ رہا تھا | اپنے ساتھی سے | نہ تو غم کر | بے شک اللہ | ہمارے ساتھ ہے |

| فَاَنْزَلَ | اللّٰهُ | سَكِيْنَتَهٗ ❷ | عَلَيْهِ | وَ | اَيَّدَهٗ ❷ | بِجُنُوْدٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| پھر نازل کی | اللہ نے | اپنی سکینت | اس پر | اور | قوت دی اسے | (اپنے) لشکروں سے |

| لَّمْ | تَرَوْهَا | وَ | جَعَلَ | كَلِمَةَ ❸ | الَّذِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|
| (کہ) نہیں | تم سب نے دیکھا انہیں | اور | کر دی | بات | ان لوگوں کی جن |

| كَفَرُوا | السُّفْلٰى ط | وَ | كَلِمَةُ اللّٰهِ ❸ | هِيَ الْعُلْيَا ط ❹ |
|---|---|---|---|---|
| سب نے کفر کیا | نیچی | اور | اللہ کی بات | ہی (سب سے) بلند ہے |

| وَ اللّٰهُ | عَزِيْزٌ ❺ | حَكِيْمٌ ❺ (40) | اِنْفِرُوْا ❻ | خِفَافًا | وَّ |
|---|---|---|---|---|---|
| اور اللہ | خوب غالب | بہت حکمت والا ہے | تم سب نکلو | ہلکے (بھی) | اور |

| ثِقَالًا | وَّ | جَاهِدُوْا | بِاَمْوَالِكُمْ | وَ | اَنْفُسِكُمْ |
|---|---|---|---|---|---|
| بھاری (بھی) | اور | تم سب جہاد کرو | اپنے مالوں سے | اور | اپنی جانوں (سے) |

## ضروری وضاحت

❶ اِذْ عموماً گزرے ہوئے زمانے کے لئے اور اِذَا آنے والے زمانے کے لئے استعمال ہوتا ہے اور دونوں کا ترجمہ جب کیا جاتا ہے۔ ❷ "ہٗ" جب اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ کبھی اپنا، اپنی، اپنے اور جب فعل کے آخر میں آئے تو ترجمہ اسے یا اس کو کیا جاتا ہے۔ ❸ ۃ کا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔ ❹ هِيَ کے بعد ال ہو تو اس میں ہی کا مفہوم شامل ہوتا ہے ❺ اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❻ شروع میں "ا" اور آخر میں وْا میں کام کرنے کے حکم کا مفہوم ہوتا ہے۔



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



| | |
|---|---|
| فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ | اللہ کے راستے میں یہ بہت بہتر ہے |
| لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿41﴾ | تمہارے لیے اگر ہو تم جانتے۔ ﴿41﴾ |
| لَوْ كَانَ عَرَضًا قَرِيْبًا | اگر ہوتا مال جلدی مل جانے والا |
| وَّسَفَرًا قَاصِدًا لَّاتَّبَعُوْكَ | اور سفر درمیانہ (تو) ضرور پیروی کرتے آپ کی |
| وَلٰكِنْۢ بَعُدَتْ عَلَيْهِمُ الشُّقَّةُ ؕ | اور لیکن دور ہو گئی ان پر مسافت |
| وَسَيَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ | اور عنقریب وہ قسمیں کھائیں گے اللہ کی |
| لَوِ اسْتَطَعْنَا لَخَرَجْنَا | اگر ہم استطاعت رکھتے ضرور ہم نکلتے |
| مَعَكُمْ ۚ يُهْلِكُوْنَ اَنْفُسَهُمْ ۚ | تمہارے ساتھ، وہ ہلاک کر رہے ہیں اپنے آپ کو |
| وَاللّٰهُ يَعْلَمُ اِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ﴿42﴾ ع 6/5/12 | اور اللہ جانتا ہے کہ بیشک وہ یقیناً جھوٹے ہیں۔ ﴿42﴾ |
| عَفَا اللّٰهُ عَنْكَ ۚ | معاف کر دیا اللہ نے آپ کو، |
| لِمَ اَذِنْتَ لَهُمْ | کیوں اجازت دی آپ نے ان کو |
| حَتّٰى يَتَبَيَّنَ لَكَ الَّذِيْنَ | حتیٰ کہ ظاہر ہو جاتے آپ پر وہ لوگ جنہوں نے |

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | |
|---|---|
| خَيْرٌ : خیر، خیریت، بخیر۔ | اِسْتَطَعْنَا : استطاعت۔ |
| تَعْلَمُوْنَ : علم، تعلیم، معلوم۔ | لَخَرَجْنَا : خارج، خروج، خارج از امکان۔ |
| قَرِيْبًا : قریب، قربت، عنقریب۔ | يُهْلِكُوْنَ : ہلاک، ہلاکت، مہلک۔ |
| سَفَرًا : سفر، مسافر۔ | يَعْلَمُ : علم، تعلیم، معلوم، معلم، معلومات۔ |
| لَّاتَّبَعُوْكَ : اتباع، تابع فرمان، اتباع سنت۔ | لَكٰذِبُوْنَ : کذب، کاذب، کذّاب۔ |
| بَعُدَتْ : بُعد، بعید، بعید از قیاس۔ | عَفَا : عفو و درگزر، معاف، معافی۔ |
| سَيَحْلِفُوْنَ : حلف، حلف برداری، حلف نامہ، حلیف۔ | يَتَبَيَّنَ : بیّن، بیان، مبینہ طور پر۔ |

● کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کیلئے ● نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کیلئے ● سرخ رنگ: نئے الفاظ کیلئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ | ذٰلِكُمْ ❶ | خَيْرٌ | لَّكُمْ | اِنْ | كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ❷ (41) |
| اللہ کے راستے میں | یہ | بہت بہتر ہے | تمہارے لیے | اگر | ہو تم سب جانتے |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| لَوْ | كَانَ ❸ | عَرَضًا | قَرِيْبًا | وَّ | سَفَرًا | قَاصِدًا |
| اگر | ہوتا | مال | جلدی مل جانے والا | اور | سفر | درمیانہ |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| لَّاتَّبَعُوْكَ ❹❺ | وَ | لٰكِنْ | بَعُدَتْ ❻ | عَلَيْهِمُ | الشُّقَّةُ ❻ ؕ |
| (تو) ضرور وہ سب پیروی کرتے آپ کی | اور | لیکن | دور ہوگئی | ان پر | مسافت |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَ | سَيَحْلِفُوْنَ | بِاللّٰهِ | لَوِ | اسْتَطَعْنَا | لَخَرَجْنَا ❹ |
| اور | عنقریب وہ سب قسمیں کھائینگے | اللہ کی | اگر | ہم استطاعت رکھتے | (تو) ضرور ہم نکلتے |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| مَعَكُمْ ج | يُهْلِكُوْنَ | اَنْفُسَهُمْ ج | وَ اللّٰهُ | يَعْلَمُ ❼ |
| تمہارے ساتھ | وہ سب ہلاک کر رہے ہیں | اپنے آپ کو | اور اللہ | جانتا ہے |

ع 6/5/12

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اِنَّهُمْ | لَكٰذِبُوْنَ ❹ (42) ع | عَفَا | اللّٰهُ | عَنْكَ ج | لِمَ |
| کہ بیشک وہ | یقیناً سب جھوٹے ہیں | معاف کردیا | اللہ نے | آپ سے | کیوں |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اَذِنْتَ | لَهُمْ | حَتّٰى | يَتَبَيَّنَ ❼❽ | لَكَ | الَّذِيْنَ |
| اجازت دی آپ نے | ان کو | یہاں تک کہ | ظاہر ہوجاتے | آپ پر | وہ لوگ جن |

## ضروری وضاحت

❶ ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ ہے ضرورتاً کبھی یہ بھی کردیا جاتا ہے اور جن کے لئے اشارہ کیا جارہا ہو وہ اگر دو سے زیادہ ہوں تو یہ ذٰلِكُمْ ہوجاتا ہے۔ ❷ تُمْ اور "تَ" دونوں کا ملا کر ترجمہ تم کیا گیا ہے۔ ❸ كَانَ کا ترجمہ عموماً تھا کیا جاتا ہے اور کبھی ہے یا ہو بھی کردیا جاتا ہے۔ ❹ لفظ کے شروع میں لَ تاکید کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ ❺ وْا کے ساتھ کوئی اور علامت آئے تو الف گر جاتا ہے۔ ❻ "تْ" اور "ةٌ" مؤنث کی علامتیں ہیں الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❼ "يَ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❽ "تَ" اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہوتا ہے۔

• سرخ رنگ : ایک علامت کیلئے • نیلا رنگ : دوسری علامت کیلئے • کالا رنگ : اصل لفظ کیلئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



| | |
|---|---|
| صَدَقُوْا وَ تَعْلَمَ الْكٰذِبِيْنَ ﴿43﴾ | سچ کہا اور آپ جان لیتے جھوٹوں کو۔ ﴿43﴾ |
| لَا يَسْتَاْذِنُكَ الَّذِيْنَ | نہیں اجازت مانگتے آپ سے وہ لوگ جو |
| يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَ الْيَوْمِ الْاٰخِرِ | ایمان رکھتے ہیں اللہ پر اور آخرت کے دن (پر) |
| اَنْ يُّجَاهِدُوْا | (اس) سے کہ وہ جہاد کریں |
| بِاَمْوَالِهِمْ وَ اَنْفُسِهِمْ ؕ | اپنے مالوں سے اور اپنی جانوں (سے) |
| وَ اللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِالْمُتَّقِيْنَ ﴿44﴾ | اور اللہ خوب جاننے والا ہے پرہیز گاروں کو۔ ﴿44﴾ |
| اِنَّمَا يَسْتَاْذِنُكَ الَّذِيْنَ | بیشک صرف اجازت مانگتے ہیں آپ سے وہ لوگ جو |
| لَا يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ | نہیں ایمان رکھتے اللہ پر |
| وَ الْيَوْمِ الْاٰخِرِ | اور آخرت کے دن (پر) |
| وَ ارْتَابَتْ قُلُوْبُهُمْ | اور شک میں پڑے ہوئے ہیں ان کے دل |
| فَهُمْ فِيْ رَيْبِهِمْ يَتَرَدَّدُوْنَ ﴿45﴾ | تو وہ اپنے شک میں (پڑے) تردد کر رہے ہیں۔ ﴿45﴾ |
| وَ لَوْ اَرَادُوا الْخُرُوْجَ | اور اگر وہ ارادہ کرتے نکلنے کا |

## قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

تَعْلَمَ : علم، تعلیم، معلم، معلوم، معلومات۔
صَدَقُوْا : صادق، صدّیق، مصدوق، مصدّق۔
يَسْتَاْذِنُكَ : اذن، اذن عام۔
يُؤْمِنُوْنَ : امن، ایمان، مومن۔
الْاٰخِرِ : آخر، آخری، فکر آخرت۔
يُجَاهِدُوْا : جہاد، مجاہد، جدوجہد۔
بِاَمْوَالِهِمْ : مال و دولت، مال ومتاع۔
بِالْمُتَّقِيْنَ : متقی، تقویٰ۔
الْيَوْمِ : یوم، ایام، یوم آزادی۔
قُلُوْبُهُمْ : قلب اطہر، قلبی تعلق، امراض قلب۔
ارْتَابَتْ، رَيْبِهِمْ : لاریب، کتابِ لاریب۔
يَتَرَدَّدُوْنَ : تردد، متردد۔
اَرَادُوْا : ارادہ، مرید، مراد۔
الْخُرُوْجَ : اِخراج، خروج، خارج از امکان۔



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| صَدَقُوْا | وَ | تَعْلَمَ | الْكٰذِبِيْنَ ﴿43﴾ | لَا يَسْتَاْذِنُكَ ❶ |
| سب نے سچ کہا | اور | آپ جان لیتے | سب جھوٹوں کو | نہیں اجازت مانگتے آپ سے |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| الَّذِيْنَ | يُؤْمِنُوْنَ | بِاللّٰهِ ❷ | وَ | الْيَوْمِ الْاٰخِرِ | اَنْ |
| وہ لوگ جو | وہ سب ایمان رکھتے ہیں | اللہ پر | اور | آخرت کے دن (پر) | (اس سے) کہ |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| يُّجَاهِدُوْا | بِاَمْوَالِهِمْ | وَ | اَنْفُسِهِمْ ❸ ط | وَ | اللّٰهُ |
| وہ سب جہاد کریں | اپنے مالوں سے | اور | اپنی جانوں (سے) | اور | اللہ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| عَلِيْمٌ ❹ | بِالْمُتَّقِيْنَ ﴿44﴾ | اِنَّمَا | يَسْتَاْذِنُكَ ❶ |
| خوب جاننے والا ہے | تمام پرہیزگاروں کو | بیشک صرف | اجازت مانگتے ہیں آپ سے |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| الَّذِيْنَ | لَا يُؤْمِنُوْنَ ❺ | بِاللّٰهِ | وَ | الْيَوْمِ الْاٰخِرِ |
| وہ لوگ جو | نہیں وہ سب ایمان رکھتے | اللہ پر | اور | آخرت کے دن (پر) |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| وَ | ارْتَابَتْ ❻ | قُلُوْبُهُمْ ❸ | فَهُمْ | فِيْ رَيْبِهِمْ ❸ |
| اور | شک میں پڑے ہوئے ہیں | ان کے دل | تو وہ | اپنے شک میں (پڑے) |

| | | | |
|---|---|---|---|
| يَتَرَدَّدُوْنَ ❼ ﴿45﴾ | وَلَوْ | اَرَادُوا | الْخُرُوْجَ |
| وہ سب تردد کر رہے ہیں | اور اگر | وہ سب ارادہ کرتے | نکلنے کا |

## ضروری وضاحت

❶علامت "ي" کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔❷"بِ" کا ترجمہ کبھی سے ساتھ کبھی پر کبھی کا، کی، کے کبھی بدلہ اور کبھی بسبب، بوجہ کیا جاتا ہے۔❸هِمْ اگر اسم کے آخر میں ہو تو کبھی اس کا ترجمہ ان کا، ان کی، انکے اور کبھی اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے۔❹اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم پایا جاتا ہے۔❺شروع میں لَا اور آخر میں اگر وْنَ ہو تو اس میں کام نہ ہونے کی خبر ہوتی ہے۔❻تْ واحد مؤنث کی علامت ہے اسکا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔❼تَ اور درمیان میں شد ہو تو اس میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہوتا ہے۔

• سرخ رنگ: ایک علامت کیلئے • نیلا رنگ: دوسری علامت کیلئے • کالا رنگ: اصل لفظ کیلئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



| | |
|---|---|
| لَاَعَدُّوْا لَهٗ عُدَّةً | (تو) ضرور تیار کرتے اس کے لیے کچھ سامان |
| وَّلٰكِنْ كَرِهَ اللّٰهُ انْۢبِعَاثَهُمْ | اور لیکن ناپسند کیا اللہ نے ان کے اٹھنے (نکلنے) کو |
| فَثَبَّطَهُمْ وَ قِيْلَ | تو سست کر دیا انہیں اور کہہ دیا گیا |
| اقْعُدُوْا مَعَ الْقٰعِدِيْنَ ﴿46﴾ | تم بیٹھے رہو بیٹھنے والوں کے ساتھ۔ ﴿46﴾ |
| لَوْ خَرَجُوْا فِيْكُمْ | اگر وہ نکلتے تم میں (شامل ہو کر تو) |
| مَّا زَادُوْكُمْ اِلَّا خَبَالًا | نہ اضافہ کرتے تم میں مگر خرابی کا |
| وَّ لَا۟اَوْضَعُوْا خِلٰلَكُمْ | اور ضرور بھاگ دوڑ کرتے تمہارے درمیان |
| يَبْغُوْنَكُمُ الْفِتْنَةَ ۚ وَ فِيْكُمْ | چاہتے ہوئے تم میں فتنہ، اور تم میں (کچھ ایسے لوگ ہیں کہ) |
| سَمّٰعُوْنَ لَهُمْ ؕ | کان لگا کر سننے والے ہیں ان (کی باتوں) کو |
| وَ اللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِالظّٰلِمِيْنَ ﴿47﴾ | اور اللہ خوب جاننے والا ہے (ان) ظالموں کو۔ ﴿47﴾ |
| لَقَدِ ابْتَغَوُا الْفِتْنَةَ | بلاشبہ یقیناً انہوں نے چاہا فتنہ ڈالنا |
| مِنْ قَبْلُ وَ قَلَّبُوْا | اس سے پہلے (بھی) اور الٹ پلٹ کر دیے |

## قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

عَدُّوْا : اعداد و ترتیب، استعداد۔
كَرِهَ : کراہت، مکروہ۔
قِيْلَ : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔
اقْعُدُوْا : قعدہ، مقعد۔
مَعَ : مع اہل و عیال، معیت۔
خَرَجُوْا : خارج، خروج، اخراج، وزیر خارجہ۔
زَادُوْ : زیادہ، مزید، زائد۔

اِلَّا : الّا یہ کہ، الا ماشاء اللہ، الا قلیل۔
خِلٰلَكُمْ : خلل، مخل، خلال۔
الْفِتْنَةَ : فتنہ، پرفتن دور، فتنہ پرور۔
سَمّٰعُوْنَ : سمع و بصر، سماعت، آلہ سماعت۔
عَلِيْمٌ : علم، تعلیم، معلم، معلومات۔
مِنْ : منجانب، من جملہ، من حیث القوم۔
قَبْلُ : قبل، ماقبل، قبل از وقت۔



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



| لَاَعَدُّوْا ❶ | لَهٗ | عُدَّةً ❷❸ | وَّ لٰكِنْ | كَرِهَ | اللّٰهُ |
|---|---|---|---|---|---|
| (تو) ضرور وہ سب تیار کرتے | اس کے لیے | کچھ سامان | اور لیکن | ناپسند کیا | اللہ نے |

| انْۢبِعَاثَهُمْ | فَثَبَّطَهُمْ | وَ | قِيْلَ | اقْعُدُوْا ❹ |
|---|---|---|---|---|
| ان کے اٹھنے (نکلنے) کو | تو سست کر دیا انہیں | اور | کہہ دیا گیا | تم سب بیٹھے رہو |

| مَعَ الْقٰعِدِيْنَ (46) | لَوْ | خَرَجُوْا | فِيْكُمْ | مَّا |
|---|---|---|---|---|
| سب بیٹھنے والوں کے ساتھ | اگر | وہ سب نکلتے | تم میں (شامل ہو کر) | (تو) نہ |

| زَادُوْكُمْ ❺ | اِلَّا | خَبَالًا | وَّ | لَاَاوْضَعُوْا ❶ |
|---|---|---|---|---|
| وہ سب زیادہ کرتے تمہارے لیے | مگر | خرابی (ہی) | اور | ضرور وہ سب بھاگ دوڑ کرتے |

| خِلٰلَكُمْ | يَبْغُوْنَكُمُ | الْفِتْنَةَ ❷ ج | وَ | فِيْكُمْ |
|---|---|---|---|---|
| تمہارے درمیان | وہ سب چاہتے ہیں تم میں | فتنہ پیدا کرنا | اور | تم میں (کچھ ایسے ہیں جو) |

| سَمّٰعُوْنَ ❻ | لَهُمْ ط | وَ اللّٰهُ | عَلِيْمٌ ❻ | بِالظّٰلِمِيْنَ (47) |
|---|---|---|---|---|
| سب کان لگا کر سنتے ہیں | ان (کی باتوں) کو | اور اللہ | خوب جاننے والا ہے | سب ظالموں کو |

| لَقَدِ ❼ | ابْتَغَوُا | الْفِتْنَةَ ❷ | مِنْ قَبْلُ | وَ | قَلَّبُوْا ❽ |
|---|---|---|---|---|---|
| بلاشبہ یقیناً | ان سب نے چاہا | فتنہ ڈالنا | اس سے پہلے (بھی) | اور | سب الٹ پلٹ کر دیے |

### ضروری وضاحت

❶ شروع میں علامت لَ میں تاکید کا مفہوم ہے۔ ❷ ۃ واحد مؤنث کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❸ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے اسی لیے ترجمہ کچھ کیا گیا ہے۔ ❹ شروع میں "أ" اور آخر میں وْا میں حکم کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❺ وْا کے ساتھ اگر کوئی اور علامت آئے تو اس کا الف گر جاتا ہے۔ ❻ اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❼ "لَ" اور قَدْ دونوں تاکید کے لئے استعمال ہوتے ہیں۔ ❽ یہاں شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔

• سرخ رنگ : ایک علامت کیلئے • نیلا رنگ : دوسری علامت کیلئے • کالا رنگ : اصل لفظ کیلئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



| | |
|---|---|
| لَكَ الْاُمُوْرَ حَتّٰى | آپ کے لیے کئی معاملات یہاں تک کہ |
| جَآءَ الْحَقُّ وَ ظَهَرَ | آ گیا حق اور غالب ہو گیا |
| اَمْرُ اللّٰهِ وَ هُمْ كٰرِهُوْنَ ﴿48﴾ | اللہ کا حکم حالانکہ وہ ناپسند کرنیوالے تھے۔ ﴿48﴾ |
| وَ مِنْهُمْ مَّنْ يَّقُوْلُ | اور ان میں سے (کوئی ایسا ہے) جو کہتا ہے |
| ائْذَنْ لِّيْ وَ لَا تَفْتِنِّيْ ؕ | اجازت دے دیجیے مجھے اور نہ فتنے میں ڈالیے مجھے |
| اَلَا فِي الْفِتْنَةِ سَقَطُوْا ؕ | سنو! فتنے میں تو وہ گر چکے ہیں |
| وَ اِنَّ جَهَنَّمَ لَمُحِيْطَةٌۢ بِالْكٰفِرِيْنَ ﴿49﴾ | اور بیشک جہنم یقیناً گھیرنے والی ہے کافروں کو۔ ﴿49﴾ |
| اِنْ تُصِبْكَ حَسَنَةٌ تَسُؤْهُمْ ۚ | اگر پہنچتی ہے آپ کو کوئی بھلائی وہ بُری لگتی ہے انہیں |
| وَ اِنْ تُصِبْكَ مُصِيْبَةٌ يَّقُوْلُوْا | اور اگر پہنچتی آپ کو کوئی مصیبت (تو) وہ کہتے ہیں |
| قَدْ اَخَذْنَآ اَمْرَنَا | یقیناً ہم نے (احتیاط) پکڑ (اختیار کر) لی تھی اپنے معاملے میں |
| مِنْ قَبْلُ وَ يَتَوَلَّوْا | پہلے سے (ہی) اور وہ پھرتے ہیں |
| وَّ هُمْ فَرِحُوْنَ ﴿50﴾ | اس حال میں کہ وہ بہت خوش ہوتے ہیں۔ ﴿50﴾ |

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | | | |
|---|---|---|---|
| الْاُمُوْرَ | امور، امر، آمر، مامور، خارجی امور۔ | تُصِبْكَ | مصیبت، مصائب۔ |
| كٰرِهُوْنَ | کراہت، مکروہ | حَسَنَةٌ | اعمال حسنہ، حسنات۔ |
| يَّقُوْلُ | قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔ | تَسُؤْهُمْ | سوئے ظن، علمائے سوء۔ |
| تَفْتِنِّيْ | فتنہ پرور، پُرفتن دور، فتّان۔ | اَخَذْنَآ | اخذ، ماخوذ، مواخذہ۔ |
| سَقَطُوْا | سقوط ڈھاکہ، ساقط، اسقاط۔ | مِنْ | منجانب، من جملہ، من حیث القوم۔ |
| لَمُحِيْطَةٌ | احاطہ، محیط۔ | قَبْلُ | قبل از وقت، ماقبل۔ |
| الْكٰفِرِيْنَ | کفر، کافر، کفّار۔ | فَرِحُوْنَ | فرحت بخش، تفریح، شاداں وفرحاں۔ |



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| لَكَ | الْاُمُوْرَ | حَتّٰى | جَآءَ | الْحَقُّ ❶ | وَ | ظَهَرَ |
| آپ کے لیے | کئی معاملات | یہاں تک کہ | آ گیا | حق | اور | غالب ہو گیا |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اَمْرُ اللّٰهِ | وَ هُمْ | كٰرِهُوْنَ ❷ (48) | وَ | مِنْهُمْ | مَّنْ |
| اللہ کا حکم | حالانکہ وہ | سب ناپسند کرنیوالے تھے | اور | ان میں سے | (کوئی ایسا ہے) جو |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| يَقُوْلُ ❸ | ائْذَنْ | لِّيْ | وَ | لَا تَفْتِنِّيْ ؕ | اَلَا ❹ | فِي الْفِتْنَةِ ❺ |
| کہتا ہے | اجازت دے دیجیے | مجھے | اور | نہ آپ فتنے میں ڈالیں مجھے | سنو! | فتنے میں (ہی تو) |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| سَقَطُوْا ؕ | وَ اِنَّ | جَهَنَّمَ | لَمُحِيْطَةٌ ❺ | بِالْكٰفِرِيْنَ (49) |
| وہ سب گر چکے ہیں | اور بیشک | جہنم | یقیناً گھیرنے والی ہے | سب کافروں کو |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اِنْ | تُصِبْكَ ❺ | حَسَنَةٌ ❺❻ | تَسُؤْهُمْ ۚ ❺ | وَ اِنْ | تُصِبْكَ ❺ |
| اگر | پہنچتی ہے آپ کو | کوئی بھلائی | (تو) وہ بری لگتی ہے انہیں | اور اگر | پہنچتی آپ کو |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| مُصِيْبَةٌ ❺❻ | يَّقُوْلُوْا | قَدْ | اَخَذْنَآ ❼ | اَمْرَنَا ❼ |
| کوئی مصیبت | (تو) وہ سب کہتے ہیں | یقیناً | ہم نے (احتیاط) پکڑ لی تھی | اپنے معاملے میں |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| مِنْ قَبْلُ | وَ | يَتَوَلَّوْا ❽ | وَّ هُمْ | فَرِحُوْنَ (50) |
| پہلے سے (ہی) | اور | وہ سب پھرتے ہیں | اس حال میں کہ وہ | سب خوش ہوتے ہیں |

## ضروری وضاحت

❶ فعل کے آخر میں ایسا اسم جس کے آخر میں پیش ہو تو وہ اس فعل کا فاعل ہوتا ہے۔ ❷ اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❸ "يَ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❹ اَلَا یہ علامت خبردار کرنے کے لئے استعمال ہوتی ہے۔ ❺ ة اور "تَ" مؤنث کی علامتیں ہیں انکا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❻ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے اسی لیے ترجمہ کوئی کیا گیا ہے۔ ❼ اَخَذْنَا اور اَمْرَنَا کے شروع میں "اَ" اصل لفظ کا حصہ ہے۔ ❽ علامت "تَ" اور "شد" میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہوتا ہے

• سرخ رنگ: ایک علامت کیلئے • نیلا رنگ: دوسری علامت کیلئے • کالا رنگ: اصل لفظ کیلئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



| | |
|---|---|
| قُلْ لَّنْ يُّصِيْبَنَآ اِلَّا | کہہ دیجیے ہرگز نہیں پہنچے گا ہمیں (کوئی نقصان) مگر |
| مَا كَتَبَ اللّٰهُ لَنَا ۚ | جو لکھ دیا ہے اللہ نے ہمارے لیے، |
| هُوَ مَوْلٰىنَا ۚ وَ عَلَى اللّٰهِ | وہ ہمارا رب ہے، اور اللہ پر (ہی) |
| فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ﴿51﴾ | پس چاہیے کہ بھروسا رکھیں ایمان والے۔ ﴿51﴾ |
| قُلْ هَلْ تَرَبَّصُوْنَ بِنَآ | کہہ دیجیے! نہیں؟ تم انتظار کرتے ہمارے معاملے میں |
| اِلَّآ اِحْدَى الْحُسْنَيَيْنِ ۭ | مگر دو بھلائیوں میں سے ایک کا |
| وَ نَحْنُ نَتَرَبَّصُ بِكُمْ | اور ہم انتظار کرتے ہیں تمہارے حق میں |
| اَنْ يُّصِيْبَكُمُ اللّٰهُ بِعَذَابٍ | کہ پہنچائے تمہیں اللہ عذاب |
| مِّنْ عِنْدِهٖٓ اَوْ بِاَيْدِيْنَا ڮ | اپنی طرف سے یا ہمارے ہاتھوں سے |
| فَتَرَبَّصُوْٓا اِنَّا | تو تم انتظار کرو بے شک ہم (بھی) |
| مَعَكُمْ مُّتَرَبِّصُوْنَ ﴿52﴾ | تمہارے ساتھ انتظار کرنے والے ہیں۔ ﴿52﴾ |
| قُلْ اَنْفِقُوْا طَوْعًا اَوْ كَرْهًا | کہہ دیجیے! تم خرچ کرو خوشی سے یا ناخوشی سے |

## قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

كَتَبَ : کتاب، کاتب، کتابت، مکتوب۔
مَوْلٰىنَا : مولا، اے مولا۔
عَلَى : علیحدہ، علی الاعلان، علیٰ ہذا القیاس۔
فَلْيَتَوَكَّلِ : توکل۔
الْمُؤْمِنُوْنَ : امن، ایمان، مومن۔
اِحْدَى : واحد، وحدانیت، وحدت۔
الْحُسْنَيَيْنِ : حسنہ، اعمال حسنہ، حسنات۔

يُصِيْبَكُمْ : صائب، مصیبت، مصائب۔
عِنْدِهٖ : عنداللہ، عندالناس، عندالطلب۔
بِاَيْدِيْنَا : ید طولیٰ، ید بیضا، رفع الیدین۔
قُلْ : قول، اقوال، مقولہ۔
اَنْفِقُوْا : انفاق فی سبیل اللہ، نان ونفقہ۔
طَوْعًا : اطاعت، مطیع وفرمانبردار۔
كَرْهًا : کراہت، مکروہ۔



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| قُلْ | لَّنْ ❶ | يُّصِيْبَنَآ ❷ | اِلَّا | مَا | كَتَبَ | اللّٰهُ |
| کہہ دیجیے | ہرگز نہیں | پہنچے گا ہمیں (کوئی نقصان) | مگر | جو | لکھ دیا ہے | اللہ نے |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| لَنَا ۚ | هُوَ | مَوْلٰىنَا ۚ | وَ | عَلَى اللّٰهِ | فَلْيَتَوَكَّلِ ❷❸ |
| ہمارے لیے | وہ | ہمارا رب ہے | اور | اللہ پر (ہی) | پس چاہیے کہ بھروسا رکھیں |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| الْمُؤْمِنُوْنَ (51) | قُلْ | هَلْ ❹ | تَرَبَّصُوْنَ | بِنَآ | اِلَّآ |
| سب ایمان والے | کہہ دیجیے | نہیں | تم سب انتظار کرتے | ہمارے معاملے میں | مگر |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اِحْدَى | الْحُسْنَيَيْنِ ؕ | وَ | نَحْنُ نَتَرَبَّصُ ❸❺ | بِكُمْ | اَنْ |
| ایک کا | دو بھلائیوں میں سے | اور | ہم انتظار کرتے ہیں | تمہارے (حق) میں | کہ |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| يُّصِيْبَكُمُ ❷ | اللّٰهُ | بِعَذَابٍ ❻ | مِّنْ عِنْدِهٖٓ | اَوْ | بِاَيْدِيْنَا ۖ |
| پہنچائے تمہیں | اللہ | عذاب | اپنی طرف سے | یا | ہمارے ہاتھوں سے |

| | | | |
|---|---|---|---|
| فَتَرَبَّصُوْٓا ❸ | اِنَّا ❼ | مَعَكُمْ | مُّتَرَبِّصُوْنَ ❸ (52) |
| تو تم سب انتظار کرو | بے شک ہم (بھی) | تمہارے ساتھ | سب انتظار کرنے والے ہیں |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| قُلْ | اَنْفِقُوْا ❽ | طَوْعًا | اَوْ | كَرْهًا |
| کہہ دیجیے | تم سب خرچ کرو | خوشی سے | یا | ناخوشی سے |

**ضروری وضاحت**

❶ لَنْ مستقبل میں نفی کی تاکید کا مفہوم پیدا کرتا ہے۔ ❷ یـ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❸ علامت "ـّ" اور شد میں کام کو
اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❹ هَلْ کے بعد اگر اسی جملے میں اِلَّا آ رہا ہو تو اس هَلْ کا ترجمہ نہیں کیا جاتا ہے۔
❺ یہاں نَحْنُ اور "نـ" کا ملا کر ترجمہ ہم کیا گیا ہے۔ ❻ علامت "بـ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❼ اِنَّا دراصل اِنَّ + نَا تھا
تخفیف کے لئے ایک نون گر گیا ہے۔ ❽ شروع میں "اَ" اور آخر میں "وْا" میں عموماً حکم کا مفہوم ہوتا ہے۔

• سرخ رنگ: ایک علامت کیلئے • نیلا رنگ: دوسری علامت کیلئے • کالا رنگ: اصل لفظ کیلئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



| | |
|---|---|
| لَنْ يُّتَقَبَّلَ مِنْكُمْ ؕ | ہرگز نہیں قبول کیا جائے گا تم سے |
| اِنَّكُمْ كُنْتُمْ قَوْمًا فٰسِقِيْنَ ﴿53﴾ | بے شک تم ہو نافرمان قوم۔ ﴿53﴾ |
| وَ مَا مَنَعَهُمْ اَنْ تُقْبَلَ | اور نہیں مانع ہوئی ان سے (کوئی چیز) کہ قبول کیے جائیں |
| مِنْهُمْ نَفَقٰتُهُمْ اِلَّآ | ان سے ان کے صدقات مگر (یہ کہ) |
| اَنَّهُمْ كَفَرُوْا بِاللّٰهِ | بلاشبہ انہوں نے کفر کیا اللہ کے ساتھ |
| وَ بِرَسُوْلِهٖ وَ لَا يَاْتُوْنَ | اور اس کے رسول کے ساتھ اور نہیں وہ آتے |
| الصَّلٰوةَ اِلَّا وَ هُمْ كُسَالٰى | نماز کو مگر اس حال میں کہ وہ سست ہوتے ہیں |
| وَ لَا يُنْفِقُوْنَ اِلَّا | اور نہیں وہ خرچ کرتے مگر |
| وَ هُمْ كٰرِهُوْنَ ﴿54﴾ | اس حال میں کہ وہ ناخوش ہوتے ہیں۔ ﴿54﴾ |
| فَلَا تُعْجِبْكَ اَمْوَالُهُمْ | چنانچہ نہ حیرت میں ڈالیں آپ کو ان کے مال |
| وَ لَاۤ اَوْلَادُهُمْ ؕ اِنَّمَا | اور نہ ان کی اولاد، درحقیقت |
| يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيُعَذِّبَهُمْ | چاہتا ہے اللہ کہ وہ عذاب دے انہیں |

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | | | |
|---|---|---|---|
| يُّتَقَبَّلَ | : قبول، تقبل، قبولیت، مقبول۔ | بِرَسُوْلِهٖ | : رسول، رسل، مرسل۔ |
| قَوْمًا | : قوم، اقوام، اقوام متحدہ۔ | كُسَالٰى | : کسل مندی۔ |
| فٰسِقِيْنَ | : فسق وفجور، فاسق، فسوق۔ | تُعْجِبْكَ | : عجب، عجیب، تعجب۔ |
| مَنَعَهُمْ | : منع، مانع، ممنوع۔ | اَمْوَالُهُمْ | : مال وجاں، مال ومتاع، مالی امداد۔ |
| نَفَقٰتُهُمْ | : اِنفاق فی سبیل اللہ، نان ونفقہ۔ | لَآ | : لاعلاج، لاتعداد، لامحدود۔ |
| اِلَّا | : الاماشاءاللہ، الاقلیل۔ | يُرِيْدُ | : ارادہ، مراد، مرید۔ |
| كَفَرُوْا | : کفر، کافر، کفار۔ | لِيُعَذِّبَهُمْ | : عذاب، عذاب جہنم۔ |



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| لَنْ① | يُّتَقَبَّلَ②③ | مِنْكُمْ ط | اِنَّكُمْ كُنْتُمْ④ | قَوْمًا |
| ہرگز نہیں | وہ قبول کیا جائے گا | تم سے | بے شک تم ہو | (ایسی) قوم |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| فٰسِقِيْنَ (53) | وَمَا⑤ | مَنَعَهُمْ | اَنْ | تُقْبَلَ③⑥ |
| (جو) سب نافرمانی کرنیوالے ہو | اور نہیں | مانع ہوئی ان سے (کوئی چیز) | کہ | قبول کیے جائیں |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| مِنْهُمْ | نَفَقٰتُهُمْ | اِلَّآ | اَنَّهُمْ | كَفَرُوْا | بِاللّٰهِ |
| ان سے | انکے صدقات | مگر (یہ کہ) | بلاشبہ ان | سب نے کفر کیا | اللہ کے ساتھ |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | بِرَسُوْلِهٖ | وَ | لَا يَاْتُوْنَ⑦ | الصَّلٰوةَ⑥ | اِلَّا | وَ |
| اور | اسکے رسول کیساتھ | اور | نہیں وہ سب آتے | نماز کو | مگر | اس حال میں کہ |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| هُمْ | كُسَالٰى | وَ | لَا يُنْفِقُوْنَ⑦ | اِلَّا | وَ | هُمْ |
| وہ | سست ہوتے ہیں | اور | نہیں وہ سب خرچ کرتے | مگر | اس حال میں کہ | وہ |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| كٰرِهُوْنَ (54) | فَلَا | تُعْجِبْكَ⑥ | اَمْوَالُهُمْ | وَلَآ |
| سب ناخوش ہوتے ہیں | چنانچہ نہ | حیرت میں ڈالیں آپ کو | ان کے مال | اور نہ |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اَوْلَادُهُمْ ط | اِنَّمَا | يُرِيْدُ⑧ | اللّٰهُ | لِيُعَذِّبَهُمْ |
| ان کی اولاد | درحقیقت | چاہتا ہے | اللہ | کہ وہ عذاب دے انہیں |

### ضروری وضاحت

① لَنْ میں مستقبل میں نفی کی تاکید کا مفہوم ہوتا ہے۔② "تَ" اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہوتا ہے۔③ "یُ، تُ" پر پیش اور آخر سے پہلے زبر میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔④ كُمْ اور تُمْ دونوں کا ملا کر ترجمہ تم کیا جاتا ہے۔⑤ مَا کے بعد اسی جملے میں اِلَّا آ رہا ہو تو اس "مَا" کا ترجمہ نہیں کیا جاتا ہے۔⑥ "تَ"، "ۃ" واحد مؤنث کی علامتیں ہیں الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ⑦ شروع میں لَا اور آخر میں وْنَ ہو تو اس میں کام نہ کرنے کی خبر ہوتی ہے۔⑧ "یُ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



| | |
|---|---|
| بِهَا فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا | ان کے ذریعے دنیوی زندگی میں |
| وَ تَزْهَقَ اَنْفُسُهُمْ | اور نکلیں ان کی جانیں |
| وَ هُمْ كٰفِرُوْنَ ﴿55﴾ | اس حال میں کہ وہ کافر ہوں۔ ﴿55﴾ |
| وَ يَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ | اور وہ قسمیں کھاتے ہیں اللہ کی |
| اِنَّهُمْ لَمِنْكُمْ ؕ | کہ بے شک وہ ضرور تم میں سے ہیں |
| وَ مَا هُمْ مِّنْكُمْ وَلٰكِنَّهُمْ | حالانکہ نہیں ہیں وہ تم میں سے اور لیکن وہ |
| قَوْمٌ يَّفْرَقُوْنَ ﴿56﴾ | (ایسے) لوگ ہیں (کہ) ڈرتے ہیں۔ ﴿56﴾ |
| لَوْ يَجِدُوْنَ مَلْجَاً اَوْ مَغٰرٰتٍ | اگر وہ پائیں کوئی جائے پناہ یا غاریں |
| اَوْ مُدَّخَلًا لَّوَلَّوْا | یا کوئی گھس بیٹھنے کی جگہ (تو) ضرور لوٹ جائیں |
| اِلَيْهِ وَ هُمْ يَجْمَحُوْنَ ﴿57﴾ | اسکی طرف اس حال میں کہ وہ رسیاں تڑا رہے ہوں ﴿57﴾ |
| وَ مِنْهُمْ مَّنْ يَّلْمِزُكَ | اور ان میں سے جو طعن کرتے ہیں آپ پر |
| فِي الصَّدَقٰتِ ۚ فَاِنْ | صدقات کے بارے میں، پھر اگر |

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | | | |
|---|---|---|---|
| فِي | : فی الفور، فی الحال، فی الحقیقت۔ | لٰكِنْ | : لیکن۔ |
| الْحَيٰوةِ | : حیات، احیائے دین۔ | مَلْجَاً | : ملجاو ماؤی (ٹھکانہ)۔ |
| الدُّنْيَا | : دنیا و آخرت، دین و دنیا، دنیوی زندگی۔ | يَجِدُوْنَ | : وجود، موجود۔ |
| وَ | : شان و شوکت، شام و سحر۔ | مَغٰرٰتٍ | : غار۔ |
| اَنْفُسُهُمْ | : نفس، نظام تنفس، نفسا نفسی۔ | مُدَّخَلًا | : دخل، داخل، داخلی راستہ، مداخلت۔ |
| كٰفِرُوْنَ | : کفر، کافر، کفار۔ | مِنْهُمْ | : منجانب، من جملہ، من حیث القوم۔ |
| يَحْلِفُوْنَ | : حلف، بیانِ حلفی، حلف نامہ، حلیف۔ | الصَّدَقٰتِ | : صدقہ و خیرات، صدقات۔ |



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| بِهَا ❶ | فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ❷ | وَ | تَزْهَقَ ❷ | اَنْفُسُهُمْ |
| ان کے ذریعے | دنیوی زندگی میں | اور | نکلیں | ان کی جانیں |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| وَ هُمْ | كٰفِرُوْنَ (55) | وَ | يَحْلِفُوْنَ | بِاللّٰهِ ❶ |
| اس حال میں کہ وہ | سب کافر ہوں | اور | وہ سب قسمیں کھاتے ہیں | اللہ کی |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اِنَّهُمْ | لَمِنْكُمْ ❸ ط | وَ مَا | هُمْ | مِّنْكُمْ | وَ |
| کہ بے شک وہ | ضرور تم میں سے ہیں | حالانکہ نہیں ہیں | وہ | تم میں سے | اور |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| لٰكِنَّهُمْ | قَوْمٌ ❹ | يَّفْرَقُوْنَ (56) | لَوْ | يَجِدُوْنَ |
| لیکن وہ | (ایسے) لوگ ہیں (کہ) | وہ سب ڈرتے ہیں | اگر | وہ سب پائیں |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| مَلْجَاً ❺ | اَوْ | مَغٰرٰتٍ ❷ | اَوْ | مُدَّخَلًا ❺ | لَّوَلَّوْا |
| کوئی جائے پناہ | یا | غاریں | یا | کوئی گھس بیٹھنے کی جگہ | (تو) ضرور وہ سب لوٹ جائیں |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اِلَيْهِ | وَ | هُمْ يَجْمَحُوْنَ ❻ (57) | وَ | مِنْهُمْ |
| اس کی طرف | اس حال میں کہ | وہ سب رسیاں تڑا رہے ہوں | اور | ان میں سے (کچھ ایسے ہیں) |

| | | | |
|---|---|---|---|
| مَّنْ | يَّلْمِزُكَ | فِي الصَّدَقٰتِ ❷ ج | فَاِنْ |
| جو | وہ طعن کرتے ہیں آپ پر | صدقات کے بارے میں | پھر اگر |

**ضروری وضاحت**

❶ "بِ" کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو اور کبھی پر اور کبھی بسبب یا بذریعہ اور کبھی بدلہ بھی کیا جاتا ہے۔ ❷ "ۃ، ات، ت" مؤنث کی علامتیں ہیں جن کا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہوتا۔ ❸ شروع میں علامت "لَ" تاکید کے لئے استعمال ہوتی ہے۔ ❹ لفظ "قوم" ویسے تو واحد ہے لیکن کیونکہ اس میں ایک سے زیادہ لوگ شامل ہوتے ہیں اس لئے ترجمہ لوگ کیا گیا ہے ❺ یہاں ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے اسی لیے ترجمہ کوئی کیا گیا ہے۔ ❻ هُمْ اور علامت "يَ" دونوں کا ترجمہ وہ کیا گیا ہے۔



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



| | |
|---|---|
| اُعْطُوْا مِنْهَا رَضُوْا | وہ دیے جائیں ان میں سے (تو) وہ راضی ہوتے ہیں |
| وَ اِنْ لَّمْ يُعْطَوْا مِنْهَآ | اور اگر نہ دیے جائیں وہ ان میں سے |
| اِذَا هُمْ يَسْخَطُوْنَ ﴿58﴾ | (تو) اسی وقت وہ ناراض ہوجاتے ہیں۔ ﴿58﴾ |
| وَ لَوْ اَنَّهُمْ رَضُوْا مَآ | اور اگر بے شک وہ راضی رہتے (اس پر) جو |
| اٰتٰىهُمُ اللّٰهُ وَ رَسُوْلُهٗ ۙ | دیا انہیں اللہ نے اور اس کے رسول نے |
| وَ قَالُوْا حَسْبُنَا اللّٰهُ | اور وہ کہتے کافی ہے ہمیں اللہ |
| سَيُؤْتِيْنَا اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ | عنقریب دے گا ہمیں اللہ اپنے فضل سے |
| وَ رَسُوْلُهٗ ۙ اِنَّآ | اور اس کا رسول (بھی) بے شک ہم |
| اِلَى اللّٰهِ رٰغِبُوْنَ ﴿59﴾ ع | اللہ کی طرف رغبت کرنے والے ہیں۔ ﴿59﴾ ع |
| اِنَّمَا الصَّدَقٰتُ لِلْفُقَرَآءِ | درحقیقت صدقات (زکوۃ تو صرف) محتاجوں کے لیے |
| وَالْمَسٰكِيْنِ | اور مسکینوں (کے لیے) ہیں |
| وَالْعٰمِلِيْنَ عَلَيْهَا | اور ان اہلکاروں (کیلئے جو) ان (کی وصولی) پر (مقرر) ہیں |

ع 7/17/13

### قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | |
|---|---|
| يُعْطَوْا : عطا، عطیہ، عطیات۔ | اِلٰى : الداعی الخیر، مکتوب الیہ۔ |
| رَضُوْا : راضی، رضا، راضی، مرضی۔ | رٰغِبُوْنَ : راغب، مرغوب، رغبت۔ |
| مَآ : ماتحت، ماورائے عدالت، ماحول۔ | الصَّدَقٰتُ : صدقہ، صدقہ وخیرات، صدقہ فطر۔ |
| رَسُوْلُهٗ : رسول، رسل، مرسل۔ | لِلْفُقَرَآءِ : فقر، فقیر، فقراء۔ |
| قَالُوْا : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔ | وَالْمَسٰكِيْنِ : مسکین، مساکین۔ |
| مِنْ : منجانب، من جملہ، من حیث القوم۔ | وَالْعٰمِلِيْنَ : عامل، معمول، تعمیل، عمل۔ |
| فَضْلِهٖ : فضل، فاضل، فضیلت، عالم، فاضل۔ | عَلَيْهَا : علیحدہ، علی الاعلان، علی ہذا القیاس۔ |



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| أُعْطُوْا | مِنْهَا | رَضُوْا | وَ | اِنْ |
| وہ سب دیے جائیں | ان میں سے | (تو) وہ سب راضی ہوتے ہیں | اور | اگر |

| | | | |
|---|---|---|---|
| لَّمْ يُعْطَوْا ❶ | مِنْهَآ | اِذَا ❷ | هُمْ يَسْخَطُوْنَ (58) ❸ |
| نہ وہ سب دیے جائیں | ان میں سے | (تو) اسی وقت | وہ سب ناراض ہو جاتے ہیں |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| وَلَوْ | اَنَّهُمْ | رَضُوْا | مَآ | اٰتٰىهُمُ اللّٰهُ | وَ | رَسُوْلُهٗ ۙ |
| اور اگر | بے شک وہ | سب راضی رہتے | جو | دیا انہیں اللہ نے | اور | اسکے رسول نے |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَ | قَالُوْا | حَسْبُنَا | اللّٰهُ | سَيُؤْتِيْنَا ❹ | اللّٰهُ |
| اور | وہ سب کہتے | کافی ہے ہمیں | اللہ | عنقریب دے گا ہمیں | اللہ |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| مِنْ فَضْلِهٖ | وَ | رَسُوْلُهٗٓ ۙ | اِنَّآ | اِلَى اللّٰهِ |
| اپنے فضل سے | اور | اس کا رسول (بھی) | بے شک ہم | اللہ کی طرف |

ع 7/17/13

| | | | |
|---|---|---|---|
| رٰغِبُوْنَ (59) ❺ ع | اِنَّمَا ❻ | الصَّدَقٰتُ | لِلْفُقَرَآءِ |
| سب رغبت کرنیوالے ہیں | درحقیقت | صدقات (زکوٰۃ) | (تو) محتاجوں کے لیے |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| وَ | الْمَسٰكِيْنِ ❼ | وَ | الْعٰمِلِيْنَ ❽ | عَلَيْهَا |
| اور | مسکینوں (کے لیے) | اور | (ان کیلئے جو) سب عامل ہیں | ان (کو وصول کرنے) پر |

## ضروری وضاحت

❶ "یہ" پر پیش اور آخر سے پہلے زبر ہو تو ترجمہ کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا ہوتا ہے یہ اصل میں لَمْ يُعْطَيُوْا تھا۔ ❷ اِذَا کا اصل ترجمہ جب ہے ضرورتاً یہاں مذکورہ ترجمہ کیا گیا ہے۔ ❸ هُمْ اور "یہ" دونوں کا ملا کر ترجمہ وہ کیا گیا ہے۔ ❹ "یہ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے ❺ فَاعِلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❻ اِنَّ کے ساتھ جب مَا لگ جائے تو اس میں مزید تاکید کا مفہوم شامل ہو جاتا ہے۔ ❼ یہاں ین اصل لفظ کا حصہ ہے۔ ❽ عامل سے مراد وہ اہلکار ہیں جو زکوٰۃ اور صدقات کی وصولی پر مامور ہوں۔

• سرخ رنگ : ایک علامت کیلئے • نیلا رنگ : دوسری علامت کیلئے • کالا رنگ : اصل لفظ کیلئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



| | |
|---|---|
| وَالْمُؤَلَّفَةِ | اور (ان کے لیے کہ) الفت ڈالنی مقصود ہو |
| قُلُوْبُهُمْ وَ فِي الرِّقَابِ | انکے دلوں میں اور گردنوں (کے چھڑانے) میں |
| وَ الْغٰرِمِيْنَ وَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ | اور تاوان (قرض) ادا کرنیوالوں میں اور اللہ کی راہ میں |
| وَابْنِ السَّبِيْلِ ؕ فَرِيْضَةً مِّنَ اللّٰهِ ؕ | اور مسافر (میں)، یہ فریضہ ہے اللہ کی طرف سے |
| وَ اللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ (60) | اور اللہ خوب علم والا، بہت حکمت والا ہے۔ (60) |
| وَ مِنْهُمُ الَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ النَّبِيَّ | اور ان میں سے (بعض وہ ہیں) جو ایذا دیتے ہیں نبی کو |
| وَ يَقُوْلُوْنَ هُوَ اُذُنٌ ؕ | اور کہتے ہیں وہ کان (کا کچا) ہے |
| قُلْ اُذُنُ خَيْرٍ لَّكُمْ | کہہ دیجیے وہ بھلائی کا کان ہے تمہارے لیے |
| يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَ يُؤْمِنُ | وہ یقین رکھتا ہے اللہ پر اور وہ یقین کرتا ہے |
| لِلْمُؤْمِنِيْنَ وَ رَحْمَةٌ | مؤمنوں (کی باتوں) کا اور (وہ) رحمت ہے |
| لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ ؕ | (ان) کے لیے جو ایمان لائے تم میں سے |
| وَ الَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ رَسُوْلَ اللّٰهِ | اور جو لوگ ایذا دیتے ہیں اللہ کے رسول کو |

### قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | | | |
|---|---|---|---|
| اَلْمُؤَلَّفَةِ | الفت، تالیفِ قلب، مالوفِ وطن۔ | يُؤْذُوْنَ | ایذا، موذی مرض، ایذا رسانی۔ |
| قُلُوْبُهُمْ | قلب، قلبی تعلق، امراضِ قلب۔ | النَّبِيَّ | نبی، نبوت، انبیائے کرام۔ |
| اِبْنِ | ابن الوقت، ابن قاسم۔ | يَقُوْلُوْنَ | قول، اقوال، مقولہ، اقوالِ زریں۔ |
| سَبِيْلِ | فی سبیل اللہ، اللہ کوئی سبیل نکالے گا۔ | اٰمَنُوْا | ایمان، مومن، امن۔ |
| فَرِيْضَةً | فرض، فرائض، فریضہ۔ | خَيْرٍ | خیر، خیریت، بخیر و عافیت۔ |
| عَلِيْمٌ | علم، تعلیم، معلم، معلومات۔ | رَحْمَةٌ | رحم، رحیم، رحمت، اللہ کی رحمت۔ |
| حَكِيْمٌ | حکمت و دانائی، حکیم الامت۔ | رَسُوْلَ | رسول، رسل، مرسل، انبیاء و رسل۔ |



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَ | الْمُؤَلَّفَةِ ❶ | قُلُوْبُهُمْ | وَ | فِي الرِّقَابِ | وَ |
| اور | (انکے لیے کہ) الفت ڈالنی مقصود ہو | انکے دلوں میں | اور | گردنوں (کے چھڑانے) میں | اور |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| الْغٰرِمِيْنَ | وَ | فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ | وَ | ابْنِ السَّبِيْلِ ❷ؕ | فَرِيْضَةً ❶ |
| تاوان ادا کرنیوالوں (کیلیے) | اور | اللہ کی راہ میں | اور | مسافر (کے لیے) ہیں | یہ فریضہ ہے |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| مِّنَ اللّٰهِ ؕ | وَ اللّٰهُ | عَلِيْمٌ ❸ | حَكِيْمٌ ❸ (60) | وَ | مِنْهُمُ |
| اللہ کی طرف سے | اور اللہ | خوب علم والا | بہت حکمت والا ہے | اور | ان میں سے |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| الَّذِيْنَ | يُؤْذُوْنَ | النَّبِيَّ | وَ | يَقُوْلُوْنَ | هُوَ | اُذُنٌ ❹ؕ |
| (بعض وہ ہیں) جو | سب ایذا دیتے ہیں | نبی کو | اور | سب کہتے ہیں | وہ | کان (کا کچا) ہے |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| قُلْ ❺ | اُذُنُ ❹ | خَيْرٍ | لَّكُمْ | يُؤْمِنُ | بِاللّٰهِ | وَ |
| کہہ دیجیے | وہ کان ہے | بھلائی کا | تمہارے لیے | وہ یقین رکھتا ہے | اللہ پر | اور |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| يُؤْمِنُ | لِلْمُؤْمِنِيْنَ | وَ | رَحْمَةٌ ❶ | لِّلَّذِيْنَ |
| وہ یقین کرتا ہے | سب مؤمنوں (کی باتوں) کا | اور | (وہ) رحمت ہے | ان کے لیے جو |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اٰمَنُوْا | مِنْكُمْ ؕ | وَ | الَّذِيْنَ | يُؤْذُوْنَ | رَسُوْلَ اللّٰهِ ❻ |
| سب ایمان لائے | تم میں سے | اور | وہ لوگ جو | وہ سب ایذا دیتے ہیں | اللہ کے رسول کو |

## ضروری وضاحت

❶ ۃ واحد مؤنث کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❷ اس کا اصل ترجمہ راستے کا بیٹا ہے مسافر کا براہ راست واسطہ چونکہ راستے سے ہوتا ہے اس لیے یہ لفظ استعمال کیا گیا ہے اور زکوٰۃ کے آٹھ مصارف ہیں جو اللہ نے قرآن میں یہاں بیان فرمائے ہیں۔ ❸ اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❹ اس سے مراد یہ ہے کہ وہ ہر ایک کی بات سن لیتے ہیں اور اعتبار کر لیتے ہیں۔ ❺ قُلْ دراصل قول سے بنا ہے یہاں سے "وْ" کو گرا دیا گیا ہے۔ ❻ فعل کے بعد ایسا اسم جس کے آخر میں زبر ہو وہ اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔

• سرخ رنگ: ایک علامت کیلیے • نیلا رنگ: دوسری علامت کیلیے • کالا رنگ: اصل لفظ کیلیے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



| | |
|---|---|
| لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿61﴾ | ان کے لیے دردناک عذاب ہے۔ ﴿61﴾ |
| يَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ لَكُمْ | وہ قسمیں کھاتے ہیں اللہ کی تمہارے سامنے |
| لِيُرْضُوْكُمْ ۚ وَ اللّٰهُ وَ رَسُوْلُهٗۤ | تاکہ وہ راضی کریں تمہیں حالانکہ اللہ اور اس کا رسول |
| اَحَقُّ اَنْ يُّرْضُوْهُ | زیادہ حقدار ہے کہ وہ راضی کریں اسے |
| اِنْ كَانُوْا مُؤْمِنِيْنَ ﴿62﴾ | اگر وہ ہیں ایمان لانے والے۔ ﴿62﴾ |
| اَلَمْ يَعْلَمُوْٓا اَنَّهٗ | کیا نہیں جانا انہوں نے کہ بیشک یہ (حقیقت ہے کہ) |
| مَنْ يُّحَادِدِ اللّٰهَ وَ رَسُوْلَهٗ | کہ جو مخالفت کرے اللہ کی اور اس کے رسول کی |
| فَاَنَّ لَهٗ نَارَ جَهَنَّمَ | تو بے شک اس کے لیے جہنم کی آگ ہے (کہ) |
| خَالِدًا فِيْهَا ؕ | ہمیشہ رہنے والا ہے اس میں، |
| ذٰلِكَ الْخِزْيُ الْعَظِيْمُ ﴿63﴾ | یہ رسوائی ہے بہت بڑی۔ ﴿63﴾ |
| يَحْذَرُ الْمُنٰفِقُوْنَ اَنْ | ڈرتے ہیں منافق (اس بات سے) کہ |
| تُنَزَّلَ عَلَيْهِمْ سُوْرَةٌ | نازل کر دی جائے ان (مسلمانوں) پر کوئی سورت |

**قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت**

| | |
|---|---|
| عَذَابٌ : عذاب، عذابِ جہنم۔ | نَارَ : نوری اور ناری مخلوق۔ |
| اَلِيْمٌ : المناک، رنج والم، الميہ۔ | خَالِدًا : خُلد بریں، خالد۔ |
| يَحْلِفُوْنَ : حلف، بیانِ حلفی، حلیف۔ | الْعَظِيْمُ : عظیم، عظمت، اعظم۔ |
| يَعْلَمُوْٓا : علم، تعلیم، معلم، معلوم، معلومات۔ | الْمُنٰفِقُوْنَ : نفاق، منافق، منافقت۔ |
| رَسُوْلُهٗ : رسول، رُسل، انبیاء ورسل، مرسل۔ | تُنَزَّلَ : نازل، نزول، منزّل، شانِ نزول۔ |
| يُّرْضُوْهُ : راضی، رضا، مرضی، رضامندی۔ | عَلَيْهِمْ : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔ |
| مُؤْمِنِيْنَ : امن، ایمان، مومن۔ | سُوْرَةٌ : قرآنی سورت۔ |



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| لَهُمْ | عَذَابٌ | اَلِيْمٌ ﴿61﴾ | يَحْلِفُوْنَ | بِاللّٰهِ |
| ان کے لیے | عذاب ہے | دردناک | وہ سب قسمیں کھاتے ہیں | اللہ کی |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| لَكُمْ ❶ | لِيُرْضُوْكُمْ ❷ ج | وَ اللّٰهُ | وَ | رَسُوْلُهٗٓ |
| تمہارے سامنے | تاکہ وہ سب راضی کریں تمہیں | حالانکہ اللہ | اور | اس کا رسول |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اَحَقُّ ❸ | اَنْ | يُّرْضُوْهُ ❷ | اِنْ | كَانُوْا مُؤْمِنِيْنَ ❹ ﴿62﴾ |
| زیادہ حقدار ہے | کہ | وہ سب راضی کریں اسے | اگر | ہیں وہ سب ایمان لانے والے |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اَ | لَمْ يَعْلَمُوْٓا ❺ | اَنَّهٗ | مَنْ | يُّحَادِدِ اللّٰهَ ❻ |
| کیا | نہیں جانا ان سب نے | کہ بیشک یہ (حقیقت ہے) کہ | جو | مخالفت کرے اللہ کی |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَ | رَسُوْلَهٗ | فَاَنَّ | لَهٗ | نَارَ | جَهَنَّمَ |
| اور | اس کے رسول کی | تو بے شک | اس کے لیے | آگ ہے | جہنم کی |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| خَالِدًا | فِيْهَا ط | ذٰلِكَ ❼ | الْخِزْيُ | الْعَظِيْمُ ﴿63﴾ | يَحْذَرُ ❻ |
| (کہ) ہمیشہ رہنے والا ہے | اس میں | یہی | رسوائی ہے | بہت بڑی | ڈرتے ہیں |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| الْمُنٰفِقُوْنَ | اَنْ | تُنَزَّلَ ❽ | عَلَيْهِمْ | سُوْرَةٌ |
| سب منافق | (اس بات پر) کہ | نازل کردی جائے | ان پر | کوئی سورت |

### ضروری وضاحت

❶ "لَ" کا ترجمہ سامنے ضرورتاً کیا گیا ہے۔ ❷ وْا کے ساتھ اگر کوئی اور علامت لائی ہو تو اس کا ا گر جاتا ہے۔ ❸ شروع میں علامت اَ میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔ ❹ وْا اور یْنَ دونوں کو ملا کر ترجمہ سب کیا گیا ہے۔ ❺ لَمْ کے بعد اگر علامت "یَ" ہو تو اس کا ترجمہ عموماً اس یا ان کیا جاتا ہے۔ ❻ "یَ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❼ ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ ہوتا ہے ضرورتاً کبھی یہ بھی کر دیا جاتا ہے۔ ❽ "تُ" کا ترجمہ ممکن نہیں اور تَ اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے اور "تُ" پر پیش اور آخر سے پہلے زبر میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



| | |
|---|---|
| تُنَبِّئُهُمْ بِمَا فِيْ قُلُوْبِهِمْ ؕ | (جو) خبر دے دے انہیں اس کی جو اِن کے دلوں میں ہے |
| قُلِ اسْتَهْزِءُوْا ۚ اِنَّ اللّٰهَ | کہہ دیجیے! تم مذاق اڑالو بے شک اللہ |
| مُخْرِجٌ مَّا تَحْذَرُوْنَ ﴿64﴾ | نکالنے (ظاہر کرنے) والا ہے جس سے تم ڈرتے ہو۔ ﴿64﴾ |
| وَ لَئِنْ سَاَلْتَهُمْ | اور البتہ اگر آپ پوچھیں ان سے |
| لَيَقُوْلُنَّ اِنَّمَا كُنَّا | (تو) ضرور بضرور وہ کہیں گے درحقیقت ہم تھے |
| نَخُوْضُ وَ نَلْعَبُ ؕ | شغل کی بات کرتے اور (دل لگی) کھیل رہے تھے |
| قُلْ اَ بِاللّٰهِ وَ اٰيٰتِهٖ | کہہ دیجیے! کیا اللہ کے ساتھ اور اس کی آیتوں |
| وَ رَسُوْلِهٖ كُنْتُمْ تَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿65﴾ | اور اس کے رسول (کے ساتھ) تھے تم مذاق کرتے؟ ﴿65﴾ |
| لَا تَعْتَذِرُوْا قَدْ كَفَرْتُمْ | (اب) مت عذر پیش کرو یقیناً تم نے کفر کیا ہے |
| بَعْدَ اِيْمَانِكُمْ ؕ اِنْ نَّعْفُ | اپنے ایمان کے بعد، اگر ہم معاف (بھی) کر دیں |
| عَنْ طَآئِفَةٍ مِّنْكُمْ نُعَذِّبْ | ایک گروہ کو تم میں سے (تو) ہم عذاب دیں گے |
| طَآئِفَةًۢ بِاَنَّهُمْ كَانُوْا مُجْرِمِيْنَ ﴿66﴾ ع | ایک گروہ کو اس وجہ سے کہ بیشک وہ مجرم ہیں۔ ﴿66﴾ ع |

## قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

- تُنَبِّئُهُمْ : نبی، انبیاء ورسل۔
- قُلُوْبِهِمْ : قلب، قلبی تعلق، امراض قلب۔
- اسْتَهْزِءُ : استہزا۔
- مُخْرِجٌ : خارج، خروج، خارجی راستہ۔
- سَاَلْتَهُمْ : سائل، سوال، مسئول۔
- نَلْعَبُ : لہوولعب۔
- اٰيٰتِهٖ : آیت، آیات قرآنی۔
- تَعْتَذِرُوْا : عذر، معذور، اعتذار، معذرت۔
- كَفَرْتُمْ : کفر، کافر، کفار، کفرانِ نعمت۔
- اِيْمَانِكُمْ : امن، ایمان، مومن۔
- نُعَذِّبْ : عذاب، تعذیب، عذاب جہنم۔
- نَّعْفُ : عفو ودرگزر، معاف، معافی۔
- طَآئِفَةً : طائفہ منصورہ، ثقافتی، طائفہ۔
- مُجْرِمِيْ : جرم، مجرم، جرائم، جرائم پیشہ۔



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| تُنَبِّئُهُمْ ❶ | بِمَا | فِيْ قُلُوْبِهِمْ ؕ | قُلِ | اسْتَهْزِءُوْا ❷ |
| (جو) خبر دے انہیں | (اس) کی جو | انکے دلوں میں ہے | کہہ دیجیے | تم سب مذاق اڑا لو |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اِنَّ اللّٰهَ | مُخْرِجٌ ❸ | مَّا | تَحْذَرُوْنَ (64) | وَ | لَئِنْ |
| بے شک اللہ | نکالنے (ظاہر کرنے) والا ہے | جس سے | تم سب ڈرتے ہو | اور | البتہ اگر |

| | | | |
|---|---|---|---|
| سَاَلْتَهُمْ | لَيَقُوْلُنَّ ❹ | اِنَّمَا | كُنَّا نَخُوْضُ ❺ |
| آپ پوچھیں ان سے | (تو) ضرور بضرور وہ کہیں گے | درحقیقت | تھے ہم شغل کی بات کرتے |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ نَلْعَبُ ؕ | قُلْ | اَ | بِاللّٰهِ | وَ | اٰيٰتِهٖ | وَ |
| اور ہم (دل لگی) کھیل رہے تھے | کہہ دیجیے | کیا | اللہ کے ساتھ | اور | اس کی آیتوں | اور |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| رَسُوْلِهٖ | كُنْتُمْ تَسْتَهْزِءُوْنَ ❻ (65) | لَا تَعْتَذِرُوْا ❼ | قَدْ | كَفَرْتُمْ |
| اسکے رسول (کیساتھ) | تھے تم سب مذاق کرتے | مت تم سب عذر پیش کرو | یقیناً | تم نے کفر کیا |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| بَعْدَ اِيْمَانِكُمْ ؕ | اِنْ | نَّعْفُ | عَنْ طَآئِفَةٍ ❽ | مِّنْكُمْ |
| اپنے ایمان کے بعد | اگر | ہم معاف (بھی) کر دیں | ایک گروہ کو | تم میں سے |

ع 8/7/14

| | | | |
|---|---|---|---|
| نُعَذِّبْ | طَآئِفَةً ❽ | بِاَنَّهُمْ | كَانُوْا مُجْرِمِيْنَ ❾❺ ع (66) |
| (تو) ہم عذاب دیں گے | ایک گروہ کو | اس وجہ سے کہ بیشک وہ | تھے سب جرم کرنیوالے |

**ضروری وضاحت**

❶ "تَ" واحد مؤنث کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❷ شروع میں "ا" اور آخر میں وْا میں کام کرنے کا حکم ہوتا ہے ❸ شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کام کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❹ شروع میں "لَ" اور آخر میں نَّ میں تاکید در تاکید کا مفہوم ہوتا ہے ❺ نَا اور "نَ" دونوں کا ترجمہ ہم کیا گیا ہے۔ ❻ تُمْ اور "تَ" دونوں کا ترجمہ تم کیا گیا ہے ❼ شروع میں لَا اور آخر میں وْا ہو تو اس میں کام نہ کرنے کا حکم ہوتا ہے۔ ❽ ةً واحد مؤنث کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❾ وْا اور یْنَ دونوں کا ترجمہ سب کیا گیا ہے۔



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



وقف لازم

| | |
|---|---|
| اَلْمُنٰفِقُوْنَ وَالْمُنٰفِقٰتُ بَعْضُهُمْ | منافق مرد اور منافق عورتیں ان کے بعض، |
| مِّنْۢ بَعْضٍ ۘ يَاْمُرُوْنَ بِالْمُنْكَرِ | بعض سے ہیں وہ حکم دیتے ہیں برائی کا |
| وَ يَنْهَوْنَ عَنِ الْمَعْرُوْفِ | اور منع کرتے ہیں نیکی سے |
| وَ يَقْبِضُوْنَ اَيْدِيَهُمْ ؕ | اور بند رکھتے ہیں اپنے ہاتھوں کو (خرچ کرنے سے) |
| نَسُوا اللّٰهَ فَنَسِيَهُمْ ؕ | انہوں نے بھلا دیا اللہ کو تو اس نے (بھی) بھلا دیا انہیں |
| اِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ﴿67﴾ | بے شک منافق ہیں ہی نافرمان۔ ﴿67﴾ |
| وَعَدَ اللّٰهُ الْمُنٰفِقِيْنَ | وعدہ کیا ہے اللہ نے منافق مردوں سے |
| وَ الْمُنٰفِقٰتِ وَ الْكُفَّارَ | اور منافق عورتوں سے اور کافروں سے |
| نَارَ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ | جہنم کی آگ کا، ہمیشہ رہنے والے ہیں اس میں |
| هِيَ حَسْبُهُمْ ۚ وَ لَعَنَهُمُ اللّٰهُ ۚ | وہ کافی ہے انہیں اور لعنت کی ان پر اللہ نے |
| وَ لَهُمْ عَذَابٌ مُّقِيْمٌ ﴿68﴾ لا | اور ان کے لیے عذاب ہے ہمیشہ رہنے والا۔ ﴿68﴾ |
| كَالَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ | ان لوگوں کی طرح جو تم سے پہلے تھے |

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | |
|---|---|
| اَلْمُنٰفِقُوْنَ: نفاق، منافق، منافقت۔ | اَلْفٰسِقُوْنَ : فاسق وفاجر، فسق وفجور۔ |
| يَاْمُرُوْنَ : امر بالمعروف، آمر، مأمور۔ | وَعَدَ : وعدہ، وعید، حسب وعدہ۔ |
| بِالْمُنْكَرِ : منکر، منکرات۔ | خٰلِدِيْنَ : خلد بریں، خالد۔ |
| يَنْهَوْنَ : نہی عن المنکر، منہیات۔ | لَعَنَهُمْ : لعن طعن، لعنت، ملعون۔ |
| يَقْبِضُوْنَ : قبض، قابض، مقبوضہ، قبضہ۔ | عَذَابٌ : عذاب، تعذیب، عذاب جہنم۔ |
| اَيْدِيَهُمْ : ید بیضاء، ید طولیٰ۔ | مُّقِيْمٌ : قائم، قیام، مقیم، قائم ودائم۔ |
| نَسُوا : نسیان، نسیاً منسیا۔ | قَبْلِكُمْ : قبل از وقت، قبل از طعام۔ |



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اَلْمُنٰفِقُوْنَ ❶ | وَ | الْمُنٰفِقٰتُ ❷ | بَعْضُهُمْ ❸ | مِّنْۢ بَعْضٍ | يَاْمُرُوْنَ |
| سب منافق مرد | اور | (سب) منافق عورتیں | انکے بعض | بعض سے ہیں | وہ سب حکم دیتے ہیں |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| بِالْمُنْكَرِ | وَ | يَنْهَوْنَ | عَنِ الْمَعْرُوْفِ | وَ | يَقْبِضُوْنَ |
| برائی کا | اور | وہ سب منع کرتے ہیں | نیکی سے | اور | وہ سب بند رکھتے ہیں |

| | | | |
|---|---|---|---|
| اَيْدِيَهُمْ ❸ ؕ | نَسُوا اللّٰهَ ❹ | فَنَسِيَهُمْ ؕ | اِنَّ |
| اپنے ہاتھ (خرچ کرنے سے) | ان سب نے بھلا دیا اللہ کو | تو اس نے (بھی) بھلا دیا انہیں | بیشک |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| الْمُنٰفِقِيْنَ | هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ❺ (67) | وَعَدَ اللّٰهُ ❻ | الْمُنٰفِقِيْنَ ❶ | وَ |
| سب منافق | ہی سب نافرمان ہیں | وعدہ کیا ہے اللہ نے | سب منافق مردوں سے | اور |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| الْمُنٰفِقٰتِ ❷ | وَ | الْكُفَّارَ | نَارَ جَهَنَّمَ | خٰلِدِيْنَ |
| منافق عورتوں سے | اور | کافروں سے | جہنم کی آگ کا | سب ہمیشہ رہنے والے ہیں |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| فِيْهَا ؕ | هِيَ ❼ | حَسْبُهُمْ ۚ | وَ | لَعَنَهُمُ | اللّٰهُ ❻ ۚ |
| اس میں | وہ | کافی ہے انہیں | اور | لعنت کی ان پر | اللہ نے |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| وَ لَهُمْ | عَذَابٌ | مُّقِيْمٌ ۙ (68) | كَالَّذِيْنَ | مِنْ قَبْلِكُمْ |
| اور ان کے لیے | عذاب ہے | ہمیشہ رہنے والا | ان لوگوں کی طرح جو | تم سے پہلے تھے |

## ضروری وضاحت

❶ ونَ اور ینَ جمع مذکر کی علامتیں ہیں اس لیے ترجمہ مرد کیا گیا ہے۔ ❷ ات جمع مونث کی علامت ہے اسی لیے ترجمہ عورتیں کیا گیا ہے۔ ❸ هُمْ اگر اسم کے ساتھ ہو تو ترجمہ انکا، انکی، انکے اور کبھی اپنا، اپنی، اپنے بھی کیا جاتا ہے۔ ❹ فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں زبر ہو وہ اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔ ❺ هُمْ کے بعد اگر "الْ" ہو تو اس میں ہی کا مفہوم ہوتا ہے ❻ فعل کے بعد ایسا اسم جس کے آخر میں پیش ہو وہ اس فعل کا فاعل ہوتا ہے۔ ❼ هِيَ واحد مونث کی علامت ہے اور هُوَ واحد مذکر کی دونوں کا ترجمہ وہ ہے۔

• سرخ رنگ : ایک علامت کیلئے • نیلا رنگ : دوسری علامت کیلئے • کالا رنگ : اصل لفظ کیلئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



| | |
|---|---|
| كَانُوْٓا اَشَدَّ مِنْكُمْ قُوَّةً | تھے وہ زیادہ سخت تم سے قوت میں |
| وَّ اَكْثَرَ اَمْوَالًا وَّ اَوْلَادًا ؕ | اور زیادہ تھے مال اور اولاد میں |
| فَاسْتَمْتَعُوْا بِخَلَاقِهِمْ | تو وہ فائدہ حاصل کر چکے اپنے حصے سے |
| فَاسْتَمْتَعْتُمْ بِخَلَاقِكُمْ | پھر تم نے فائدہ حاصل کیا اپنے حصے سے |
| كَمَا اسْتَمْتَعَ الَّذِيْنَ | جس طرح فائدہ حاصل کیا ان لوگوں نے جو |
| مِنْ قَبْلِكُمْ بِخَلَاقِهِمْ | تم سے پہلے تھے اپنے حصے سے |
| وَ خُضْتُمْ | اور تم (بھی) فضول باتوں میں الجھے |
| كَالَّذِيْ خَاضُوْا ؕ | جس طرح انہوں نے فضول باتیں کیں |
| اُولٰٓئِكَ حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ | یہی لوگ ہیں (کہ) ضائع ہو گئے ان کے اعمال |
| فِي الدُّنْيَا وَ الْاٰخِرَةِ ۚ | دنیا اور آخرت میں، |
| وَ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ (69) | اور وہی لوگ ہی خسارہ اٹھانیوالے ہیں۔ (69) |
| اَلَمْ يَاْتِهِمْ نَبَاُ الَّذِيْنَ | کیا نہیں آئی ان کے پاس خبر ان لوگوں کی جو |

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | | | |
|---|---|---|---|
| اَشَدَّ | اشدّ، شدید، تشدّد، متشدّد۔ | قَبْلِكُمْ | قبل از وقت، قبل الکلام، دوروز قبل۔ |
| قُوَّةً | قوت۔ | اَعْمَالُهُمْ | عمل، اعمال، عملیات۔ |
| اَكْثَرَ | اکثر، کثرت، کثیر۔ | فِي | فی الفور، فی الحال، فی الوقت۔ |
| اَمْوَالًا | مال ودولت، مال ومتاع، مال وزر۔ | الدُّنْيَا | دنیا، دنیوی زندگی۔ |
| اَوْلَادًا | اولاد۔ | الْاٰخِرَةِ | آخرت، فکر آخرت، یوم آخرت۔ |
| فَاسْتَمْتَعُوْا | مال ومتاع، متاع کارواں۔ | الْخٰسِرُوْنَ | خسارہ، خائب وخاسر۔ |
| كَمَا | کما حقہ۔ | نَبَاُ | نبی، انبیاء ورسل۔ |



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| كَانُوْٓا | اَشَدَّ ❶ | مِنْكُمْ | قُوَّةً ❷ | وَ | اَكْثَرَ ❶ | اَمْوَالًا |
| تھے وہ سب | زیادہ سخت | تم سے | قوت میں | اور | بہت زیادہ تھے | مال میں |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| وَ | اَوْلَادًا ط | فَاسْتَمْتَعُوْا ❸ | بِخَلَاقِهِمْ | فَاسْتَمْتَعْتُمْ ❸ |
| اور | اولاد میں | تو وہ سب فائدہ حاصل کر چکے | اپنے حصے سے | پھر تم نے فائدہ حاصل کیا |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| بِخَلَاقِكُمْ | كَمَا | اسْتَمْتَعَ ❸ | الَّذِيْنَ | مِنْ قَبْلِكُمْ |
| اپنے حصے سے | جس طرح | فائدہ حاصل کیا | ان لوگوں نے جو | تم سے پہلے تھے |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| بِخَلَاقِهِمْ | وَ | خُضْتُمْ | كَالَّذِيْ | خَاضُوْا ط |
| اپنے حصے سے | اور | تم فضول باتوں میں الجھے | جس طرح | ان سب نے فضول باتیں کیں |

| | | | |
|---|---|---|---|
| اُولٰٓئِكَ ❹ | حَبِطَتْ ❷ | اَعْمَالُهُمْ | فِي الدُّنْيَا |
| یہی لوگ ہیں | (کہ) ضائع ہوگئے | ان کے اعمال | دنیا میں |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| وَ | الْاٰخِرَةِ ج | وَ | اُولٰٓئِكَ | هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿69﴾ ❺ |
| اور | آخرت میں | اور | وہی لوگ | ہی سب خسارہ اٹھانیوالے ہیں |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اَ | لَمْ | يَاْتِهِمْ ❻ | نَبَاُ | الَّذِيْنَ ❼ |
| کیا | نہیں | آئی ان کے پاس | خبر | ان لوگوں کی جو |

### ضروری وضاحت

❶ شروع میں علامت "اَ" میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❷ "ة، ت" واحد مؤنث کی علامتیں ہیں الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❸ "اِسْتَ" میں طلب وچاہت کا مفہوم پایا جاتا ہے۔ ❹ اُولٰٓئِكَ کا اصل ترجمہ وہ ہے ضرورتاً ترجمہ یہ کردیا جاتا ہے دراصل بات میں زور ڈالنے کے لیے اشارہ بعید استعمال کیا جاتا ہے۔ ❺ هُمْ کے بعد "اَلْ" آجائے تو اس کے ترجمے میں ہی کا مفہوم شامل ہو جاتا ہے۔ ❻ علامت یہ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❼ اَلَّذِيْ واحد مذکر کے لئے اور اَلَّذِيْنَ جمع مذکر کے لئے استعمال ہوتا ہے۔

• سرخ رنگ : ایک علامت کیلئے • نیلا رنگ : دوسری علامت کیلئے • کالا رنگ : اصل لفظ کیلئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



| | |
|---|---|
| مِنْ قَبْلِهِمْ قَوْمِ نُوْحٍ | ان سے پہلے ہوئے قوم نوح |
| وَّعَادٍ وَّ ثَمُوْدَ ۙ۬ وَقَوْمِ اِبْرٰهِيْمَ | اور عاد اور ثمود اور قوم ابراہیم |
| وَاَصْحٰبِ مَدْيَنَ وَ الْمُؤْتَفِكٰتِ ؕ | اور مدین والوں اور الٹی ہوئی بستیوں کی |
| اَتَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ ۚ | آئے انکے پاس انکے رسول واضح دلائل کے ساتھ |
| فَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيَظْلِمَهُمْ | پس نہیں ہے اللہ کہ ظلم کرتا ان پر |
| وَلٰكِنْ كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ﴿70﴾ | اور لیکن وہ تھے اپنی جانوں پر (خود) ظلم کرتے ﴿70﴾ |
| وَ الْمُؤْمِنُوْنَ وَ الْمُؤْمِنٰتُ | اور ایمان والے مرد اور ایمان والی عورتیں |
| بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ ۘ | ان کے بعض دوست ہیں بعض کے (یعنی ایک دوسرے |
| يَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ | وہ حکم دیتے ہیں نیکی کا |
| وَ يَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ | اور روکتے ہیں برائی سے |
| وَيُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَ يُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ | اور وہ قائم کرتے ہیں نماز اور ادا کرتے ہیں زکوٰۃ |
| وَ يُطِيْعُوْنَ اللّٰهَ وَ رَسُوْلَهٗ ؕ | اور وہ اطاعت کرتے ہیں اللہ اور اسکے رسول کی |

وقف لازم

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | |
|---|---|
| قَبْلِهِمْ : قبل از وقت، دوروز قبل۔ | بَعْضٍ : بعض اوقات، بعض امور۔ |
| اَصْحٰبِ : صاحب، اصحاب، صحابہ کرام۔ | يَاْمُرُوْنَ : امر، آمر، مامور۔ |
| بِالْبَيِّنٰتِ : بیّن، بیان، مبیّنہ طور پر۔ | بِالْمَعْرُوْفِ امر بالمعروف، عرفِ عام۔ |
| لِيَظْلِمَهُمْ : ظلم، ظالم مظلوم، مظالم۔ | الْمُنْكَرِ : نہی عن المنکر، منکرات۔ |
| اَنْفُسَهُمْ : نفس، نفسا نفسی، نظام تنفس۔ | يُقِيْمُوْنَ : قائم ودائم، قیام، مقیم، قیامت۔ |
| الْمُؤْمِنُوْنَ امن، ایمان، مومن۔ | يُطِيْعُوْنَ : اطاعت، مطیع۔ |
| اَوْلِيَآءُ : ولی، اولیاء اللہ۔ | رَسُوْلَهٗ : رسول، رسل، مرسل۔ انبیاء ورسل۔ |



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| مِنْ قَبْلِهِمْ | قَوْمِ نُوْحٍ | وَّعَادٍ | وَّ ثَمُوْدَ ۙ | وَ | قَوْمِ اِبْرٰهِيْمَ |
| ان سے پہلے ہوئے | قوم نوح | اور عاد | اور ثمود | اور | قوم ابراہیم |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اَصْحٰبِ مَدْيَنَ | وَ | الْمُؤْتَفِكٰتِ ۭ ❶ | اَتَتْهُمْ ❷ | رُسُلُهُمْ |
| اور | مدین والوں | اور | الٹی ہوئی بستیوں کی | آئے انکے پاس | انکے رسول |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| بِالْبَيِّنٰتِ ۚ ❶ | فَمَا ❸ | كَانَ اللّٰهُ ❹ | لِيَظْلِمَهُمْ | وَلٰكِنْ | كَانُوْٓا ❹ |
| واضح دلائل کے ساتھ | پس نہیں | ہے اللہ | کہ وہ ظلم کرتا ان پر | اور لیکن | تھے وہ سب |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اَنْفُسَهُمْ | يَظْلِمُوْنَ ﴿70﴾ | وَ | الْمُؤْمِنُوْنَ | وَ | الْمُؤْمِنٰتُ ❶ |
| اپنی جانوں پر | وہ سب (خود) ظلم کرتے | اور | سب ایمان والے مرد | اور | ایمان والی عورتیں |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| بَعْضُهُمْ | اَوْلِيَاۗءُ | بَعْضٍ ۘ | يَاْمُرُوْنَ | بِالْمَعْرُوْفِ ❺ | وَ |
| انکے بعض | دوست ہیں | بعض کے | وہ سب حکم دیتے ہیں | نیکی کا | اور |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| يَنْهَوْنَ | عَنِ الْمُنْكَرِ | وَ | يُقِيْمُوْنَ | الصَّلٰوةَ ❻❼ | وَ |
| وہ سب روکتے ہیں | برائی سے | اور | وہ سب قائم کرتے ہیں | نماز | اور |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| يُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ ❻❼ | وَ | يُطِيْعُوْنَ | اللّٰهَ ❼ | وَ | رَسُوْلَهٗ ۭ |
| وہ سب ادا کرتے ہیں زکوٰۃ | اور | وہ سب اطاعت کرتے ہیں | اللہ کی | اور | اسکے رسول کی |

### ضروری وضاحت

❶ ات اسم کے آخر میں جمع مؤنث کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❷ تْ فعل کے ساتھ واحد مؤنث کی علامت الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❸ مَا کا ترجمہ کبھی جو جس اور کبھی نہیں اور نہ کیا جاتا ہے۔ ❹ کَانَ کا ترجمہ کبھی ہے اور کبھی تھا کیا جاتا ہے۔ ❺ "بِ" کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی پر کبھی بدلہ اور کبھی بسبب، بوجہ اور کبھی کا، کی، کے، کو بھی کیا جاتا ہے۔ ❻ ۃ واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❼ فعل کے بعد ایسا اسم جس کے آخر میں زبر ہو تو وہ اسم اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔

• سرخ رنگ : ایک علامت کیلئے • نیلا رنگ : دوسری علامت کیلئے • کالا رنگ : اصل لفظ کیلئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



| | |
|---|---|
| اُولٰٓئِكَ سَيَرْحَمُهُمُ اللّٰهُ ؕ | یہی لوگ ہیں (کہ) عنقریب رحم فرمائے گا ان پر اللہ |
| اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿71﴾ | بیشک اللہ بہت غالب، نہایت حکمت والا ہے۔ ﴿71﴾ |
| وَعَدَ اللّٰهُ الْمُؤْمِنِيْنَ | وعدہ کیا ہے اللہ نے مؤمن مردوں سے |
| وَ الْمُؤْمِنٰتِ جَنّٰتٍ | اور مؤمن عورتوں سے (ایسے) باغات کا |
| تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ | (کہ) چلتی ہیں ان کے نیچے سے نہریں |
| خٰلِدِيْنَ فِيْهَا | وہ ہمیشہ رہنے والے ہیں ان میں |
| وَ مَسٰكِنَ طَيِّبَةً | اور پاکیزہ مکانوں کا |
| فِيْ جَنّٰتِ عَدْنٍ ؕ | ہمیشگی کے باغات میں |
| وَ رِضْوَانٌ مِّنَ اللّٰهِ اَكْبَرُ ؕ | اور خوشنودی اللہ کی طرف سے سب سے بڑھ کر ہوگی |
| ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿72﴾ ع | یہ ہی بڑی کامیابی ہے۔ ﴿72﴾ ع |
| يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ جَاهِدِ الْكُفَّارَ | اے نبی (ﷺ) جہاد کیجیے کافروں سے |
| وَ الْمُنٰفِقِيْنَ وَ اغْلُظْ عَلَيْهِمْ ؕ | اور منافقوں سے اور سختی کیجیے ان پر |

## قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | |
|---|---|
| سَيَرْحَمُهُمْ: رحم، رحیم، رحمت، مرحوم۔ | طَيِّبَةً : طیب، کلمہ طیبہ، مدینہ طیبہ۔ |
| حَكِيْم : حکیم، حکمت و دانائی، حکیم الامت۔ | رِضْوَانٌ : راضی، رضامندی، مرضی۔ |
| الْمُؤْمِنِيْنَ: امن، ایمان، مومن۔ | الْفَوْزُ : فوز وفلاح، فائز۔ |
| تَجْرِيْ : جاری و ساری، اجرا۔ | الْعَظِيْمُ : عظیم، عظمت، اعظم۔ |
| تَحْتِهَا : تحت، ماتحت، تحت الثریٰ۔ | النَّبِيُّ : نبی، انبیاء و رسل۔ |
| خٰلِدِيْنَ : خالد، خلد بریں۔ | جَاهِدِ : جہاد، مجاہد، جدوجہد۔ |
| مَسٰكِنَ : مسکن، ساکن، سکونت پذیر۔ | الْكُفَّارَ : کافر، کفار، عالم کفر۔ |



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اُولٰٓئِكَ | سَيَرْحَمُهُمُ ❶ | اللّٰهُ ❷ ط | اِنَّ اللّٰهَ | عَزِيْزٌ ❸ |
| یہی لوگ ہیں (کہ) | عنقریب رحم فرمائے گا ان پر | اللہ | بیشک اللہ | بہت غالب |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| حَكِيْمٌ ❸ (71) | وَعَدَ | اللّٰهُ ❷ | الْمُؤْمِنِيْنَ | وَ |
| نہایت حکمت والا ہے | وعدہ کیا ہے | اللہ نے | سب مؤمن مردوں سے | اور |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| الْمُؤْمِنٰتِ | جَنّٰتٍ ❹ | تَجْرِيْ ❹ | مِنْ تَحْتِهَا | الْاَنْهٰرُ |
| مؤمن عورتوں سے | باغات کا | (کہ) چلتی ہیں | ان کے نیچے سے | نہریں |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| خٰلِدِيْنَ | فِيْهَا | وَ | مَسٰكِنَ طَيِّبَةً ❹ | فِيْ جَنّٰتِ عَدْنٍ ❹ ط |
| وہ سب ہمیشہ رہنے والے ہیں | ان میں | اور | پاکیزہ مکانوں کا | ہمیشگی کے باغات میں |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| وَ | رِضْوَانٌ | مِّنَ اللّٰهِ | اَكْبَرُ ❺ ط | ذٰلِكَ ❻ |
| اور | خوشنودی | اللہ کی طرف سے | سب سے بڑھ کر ہوگی | یہ |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| هُوَالْفَوْزُ | الْعَظِيْمُ ❸ ع (72) | يٰٓاَيُّهَا | النَّبِيُّ | جَاهِدِ |
| ہی کامیابی ہے | بڑی | اے | نبی! (ﷺ) | جہاد کیجیے |

ع 9/6 15

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| الْكُفَّارَ ❼ | وَ | الْمُنٰفِقِيْنَ | وَ | اغْلُظْ ❽ | عَلَيْهِمْ ط |
| کافروں سے | اور | سب منافقوں سے | اور | سختی کیجیے | ان پر |

## ضروری وضاحت

❶ "یہ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❷ فعل کے بعد ایسا اسم جس کے آخر میں پیش ہو وہ اس فعل کا فاعل ہوتا ہے۔ ❸ اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❹ ۃ، ات اور "ت" مؤنث کی علامتیں ہیں ان کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❺ "أ" میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❻ ذٰلك کا اصل ترجمہ وہ ہے کبھی ضرورتاً اس کا ترجمہ یہ بھی کر دیا جاتا ہے۔ ❼ فعل کے بعد ایسا اسم جس کے آخر میں زبر ہو وہ اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔ ❽ شروع میں أ اور آخر میں جزم ہو تو اس میں کام کرنے کے حکم کا مفہوم ہوتا ہے۔

• سرخ رنگ: ایک علامت کیلئے • نیلا رنگ: دوسری علامت کیلئے • کالا رنگ: اصل لفظ کیلئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



| | |
|---|---|
| وَ مَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ؕ | اور ان کا ٹھکانہ جہنم ہے |
| وَ بِئْسَ الْمَصِيْرُ ﴿73﴾ | اور وہ بُری ہے لوٹنے کی جگہ۔ ﴿73﴾ |
| يَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ | وہ قسمیں کھاتے ہیں اللہ کی (کہ) |
| مَا قَالُوْا ؕ | نہیں کہی انہوں نے (کوئی بات) |
| وَلَقَدْ قَالُوْا كَلِمَةَ الْكُفْرِ | حالانکہ یقیناً وہ کہہ چکے ہیں کفر کی بات |
| وَ كَفَرُوْا بَعْدَ اِسْلَامِهِمْ | اور انہوں نے کفر کیا اپنے اسلام لانے کے بعد |
| وَ هَمُّوْا بِمَا لَمْ يَنَالُوْا ۚ | اور انہوں نے ارادہ کیا اس کا جو نہیں وہ حاصل کر سکے |
| وَ مَا نَقَمُوْٓا اِلَّآ | اور نہیں انہوں نے انتقام لیا مگر |
| اَنْ اَغْنٰىهُمُ اللّٰهُ | یہ کہ غنی کر دیا ان کو اللہ نے |
| وَ رَسُوْلُهٗ مِنْ فَضْلِهٖ ۚ | اور اس کے رسول نے اپنے فضل سے |
| فَاِنْ يَّتُوْبُوْا يَكُ خَيْرًا | تو اگر یہ سب توبہ کر لیں (تو) ہوگا بہت بہتر |
| لَّهُمْ ۚ وَ اِنْ يَّتَوَلَّوْا | ان کے لیے اور اگر یہ منہ پھیر لیں (تو) |

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | | | |
|---|---|---|---|
| مَاْوٰىهُمْ | : ملجا و ماویٰ۔ | اِلَّآ | : الا قلیل، الا ما شاء اللہ، الّا یہ کہ۔ |
| يَحْلِفُوْنَ | : حلف، حلف نامہ، بیان حلفی۔ | اَغْنٰىهُمُ | : غنی، غنا، اغنیاء۔ |
| قَالُوْا | : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔ | رَسُوْلُهٗ | : رسول، رُسل، مرسل، انبیا و رسل۔ |
| كَلِمَةَ | : کلمہ، کلمات، کلام، مکالمہ۔ | مِنْ | : منجانب، من جملہ، من حیث القوم۔ |
| الْكُفْرِ | : کافر، کفار، کفر، عالم کفر۔ | فَضْلِهٖ | : فضل و کرم، فاضل، فضیلت۔ |
| اِسْلَامِهِمْ | : اسلام، امن و سلامتی، سلامت۔ | يَتُوْبُوْا | : توبہ، تائب۔ |
| نَقَمُوْٓا | : انتقام، انتقامی کاروائی۔ | خَيْرًا | : خیر، خیریت، بخیر و عافیت۔ |



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَ | مَاْوٰىهُمْ ❶ | جَهَنَّمُ ؕ | وَ | بِئْسَ | الْمَصِيْرُ ﴿73﴾ |
| اور | ان کا ٹھکانہ | جہنم ہے | اور | وہ بُری ہے | لوٹنے کی جگہ |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| يَحْلِفُوْنَ | بِاللّٰهِ | مَا | قَالُوْا ؕ | وَ | لَقَدْ ❷ |
| وہ سب قسمیں کھاتے ہیں | اللہ کی | (کہ) نہیں | ان سب نے کہی (کوئی بات) | حالانکہ | البتہ یقیناً |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| قَالُوْا | كَلِمَةَ الْكُفْرِ ❸ | وَ | كَفَرُوْا | بَعْدَ اِسْلَامِهِمْ ❶ |
| وہ سب کہہ چکے ہیں | کفر کی بات | اور | ان سب نے کفر کیا | اپنے اسلام لانے کے بعد |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَ | هَمُّوْا | بِمَا | لَمْ | يَنَالُوْا ۚ | وَ مَا ❹ |
| اور | ان سب نے ارادہ کیا | (اس) کا جو | نہیں | وہ سب حاصل کر سکے | اور نہیں |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| نَقَمُوْٓا | اِلَّآ | اَنْ | اَغْنٰىهُمُ | اللّٰهُ ❺ |
| ان سب نے انتقام لیا | مگر | یہ کہ | غنی کر دیا ان کو | اللہ نے |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| وَ | رَسُوْلُهٗ | مِنْ فَضْلِهٖ ۚ | فَاِنْ | يَّتُوْبُوْا |
| اور | اس کے رسول نے | اپنے فضل سے | تو اگر | وہ سب توبہ کر لیں |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| يَكُ ❻ | خَيْرًا | لَّهُمْ ۚ | وَ اِنْ | يَّتَوَلَّوْا ❼ |
| (تو) وہ ہوگا | بہت بہتر | ان کے لیے | اور اگر | وہ سب منہ پھیر لیں |

**ضروری وضاحت**

❶ هُمْ اگر اسم کے آخر میں ہو تو اس کا ترجمہ ان کا، انکی، انکے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے۔ ❷ "لَ" اور قَدْ دونوں تاکید کی علامتیں ہیں۔ ❸ ة واحد مؤنث کی علامت اس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❹ مَا کے بعد اگر اسی جملے میں اِلَّا آرہا ہو تو اس مَا کا ترجمہ نہیں کیا جاتا ہے۔ ❺ فعل کے بعد ایسا اسم جس کے آخر میں پیش ہو تو وہ اس فعل کا فاعل ہوتا ہے۔ ❻ يَكُ اصل میں يَكُنْ تھا تخفیف کے لئے نون کو حذف کر دیا گیا ہے۔ ❼ "تَ" اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہوتا ہے۔

• سرخ رنگ : ایک علامت کیلئے • نیلا رنگ : دوسری علامت کیلئے • کالا رنگ : اصل لفظ کیلئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



| | |
|---|---|
| يُعَذِّبْهُمُ اللّٰهُ عَذَابًا اَلِيْمًا ۙ | عذاب دے گا ان کو اللہ دردناک عذاب |
| فِي الدُّنْيَا وَ الْاٰخِرَةِ ۚ | دنیا اور آخرت میں |
| وَ مَا لَهُمْ فِي الْاَرْضِ | اور نہ ہوگا ان کا زمین میں |
| مِنْ وَّلِيٍّ وَّ لَا نَصِيْرٍ ﴿74﴾ | کوئی دوست اور نہ کوئی مددگار۔ ﴿74﴾ |
| وَ مِنْهُمْ مَّنْ | اور ان میں سے (کوئی ایسا بھی ہے) جس نے |
| عٰهَدَ اللّٰهَ لَئِنْ اٰتٰىنَا | عہد کیا اللہ سے البتہ اگر اس نے دیا ہمیں |
| مِنْ فَضْلِهٖ لَنَصَّدَّقَنَّ | اپنے فضل سے (مال تو) البتہ ضرور ہم صدقہ کریں گے |
| وَ لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿75﴾ | اور البتہ ضرور ہم ہو جائیں گے نیکوں میں سے۔ ﴿75﴾ |
| فَلَمَّآ اٰتٰىهُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ | پھر جب اس نے دیا انہیں اپنے فضل سے (تو) |
| بَخِلُوْا بِهٖ وَ تَوَلَّوْا | وہ بخیلی کرنے لگے اس میں اور پھر گئے (اپنے عہد سے) |
| وَّ هُمْ مُّعْرِضُوْنَ ﴿76﴾ | اس حال میں کہ وہ روگردانی کرنے والے تھے۔ ﴿76﴾ |
| فَاَعْقَبَهُمْ نِفَاقًا | تو اس نے سزا دی انہیں نفاق (ڈال کر) |

### قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | |
|---|---|
| اَلِيْمًا : رنج والم، الم ناک۔ | مِنَ : منجانب، من جملہ، من حیث القوم۔ |
| الدُّنْيَا : دنیا، دین ودنیا، دینوی زندگی۔ | فَضْلِهٖ : فضل، فضیلت، فاضل دوست۔ |
| الْاٰخِرَةِ : آخرت، فکرِ آخرت، یومِ آخرت۔ | لَنَصَّدَّقَنَّ : صدقہ وخیرات، صدقہ فطر۔ |
| الْاَرْضِ : ارض وسما، کرّۂ ارض، قطعہ اراضی۔ | الصّٰلِحِيْنَ : صالح، صلحاء، صلح،۔ |
| وَّلِيٍّ : ولی، اولیاء اللہ۔ | بَخِلُوْا : بخل، بخیل، بخیلی۔ |
| نَصِيْرٍ : نصیر، ناصر، نصرت۔ | مُّعْرِضُوْنَ : اعراض۔ |
| عٰهَدَ : عہد، عہد وپیماں، ایفائے عہد۔ | نِفَاقًا : نفاق، منافقت۔ منافق۔ |



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| يُعَذِّبْهُمُ ❶ | اللّٰهُ | عَذَابًا اَلِيْمًا | فِي الدُّنْيَا | وَ | الْاٰخِرَةِ ❷ |
| (تو) عذاب دے گا ان کو | اللہ | دردناک عذاب | دنیا میں | اور | آخرت میں |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَمَا | لَهُمْ | فِي الْاَرْضِ | مِنْ وَّلِيٍّ ❸❹ | وَّ لَا | نَصِيْرٍ ❹ (74) |
| اور نہ ہوگا | ان کا | زمین میں | کوئی دوست | اور نہ | کوئی مددگار |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَ | مِنْهُمْ | مَّنْ | عٰهَدَ | اللّٰهَ | لَئِنْ |
| اور | ان میں سے (کچھ ایسے ہیں) | جنہوں نے | عہد کیا | اللہ سے | البتہ اگر |

| | | | |
|---|---|---|---|
| اٰتٰىنَا | مِنْ فَضْلِهٖ | لَنَصَّدَّقَنَّ ❺ | وَ |
| اس نے دیا ہمیں | اپنے فضل سے (مال) | (تو) البتہ ضرور ہم صدقہ کریں گے | اور |

| | | | |
|---|---|---|---|
| لَنَكُوْنَنَّ ❺ | مِنَ الصّٰلِحِيْنَ (75) | فَلَمَّآ ❻ | اٰتٰىهُمْ |
| البتہ ضرور ہم ہو جائیں گے | نیکوں میں سے | پھر جب | اس نے دیا انہیں |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| مِّنْ فَضْلِهٖ | بَخِلُوْا | بِهٖ | وَ | تَوَلَّوْا ❼ |
| اپنے فضل سے (تو) | سب بخیلی کرنے لگے | اس میں | اور | سب پھر گئے (اپنے عہد سے) |

| | | | |
|---|---|---|---|
| وَّ هُمْ | مُّعْرِضُوْنَ ❽ (76) | فَاَعْقَبَهُمْ ❻ | نِفَاقًا |
| اس حال میں کہ وہ | سب روگردانی کرنیوالے تھے | تو اس نے سزادی انہیں | نفاق (ڈال کر) |

### ضروری وضاحت

❶ "یَ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❷ ۃ واحد مؤنث کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❸ مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❹ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے اسی لیے ترجمہ کوئی کیا گیا ہے۔ ❺ شروع میں علامت "لَ" اور آخر میں نّ دونوں میں تاکید کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❻ "فَ" کا ترجمہ کبھی پھر اور کبھی تو، پس کیا جاتا ہے۔ ❼ "تَ" اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❽ اسم کے شروع میں "مُ" اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔

● سرخ رنگ : ایک علامت کیلئے ● نیلا رنگ : دوسری علامت کیلئے ● کالا رنگ : اصل لفظ کیلئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



| | |
|---|---|
| فِیْ قُلُوْبِهِمْ اِلٰی یَوْمِ | انکے دلوں میں اس دن تک (کہ جس دن) |
| یَلْقَوْنَهٗ بِمَآ | وہ ملیں گے اس سے اس وجہ سے کہ جو |
| اَخْلَفُوا اللّٰهَ | انہوں نے خلاف ورزی کی اللہ کی |
| مَا وَعَدُوْهُ | (اس میں) جو انہوں نے وعدہ کیا اس سے |
| وَ بِمَا كَانُوْا یَكْذِبُوْنَ ﴿77﴾ | اور اس وجہ سے جو وہ جھوٹ بولتے تھے۔ ﴿77﴾ |
| اَلَمْ یَعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ یَعْلَمُ | کیا نہیں انہیں معلوم ہوا کہ بے شک اللہ جانتا ہے |
| سِرَّهُمْ وَ نَجْوٰىهُمْ وَ اَنَّ اللّٰهَ | ان کے راز اور ان کی سرگوشی اور یقیناً اللہ |
| عَلَّامُ الْغُیُوْبِ ﴿78﴾ج | خوب علم رکھنے والا ہے غیب کی باتوں کا۔ ﴿78﴾ |
| اَلَّذِیْنَ یَلْمِزُوْنَ الْمُطَّوِّعِیْنَ | جولوگ طعن کرتے ہیں خوش دلی سے خیرات کرنیوالوں پر |
| مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ فِی الصَّدَقٰتِ | ایمان والوں میں سے (ان کے) صدقات میں |
| وَ الَّذِیْنَ لَا یَجِدُوْنَ اِلَّا جُهْدَهُمْ | اور (ان پر) جو نہیں پاتے سوائے اپنی محنت مزدوری کے |
| فَیَسْخَرُوْنَ مِنْهُمْ ط | پس وہ مذاق کرتے ہیں ان سے |

### قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | |
|---|---|
| فِیْ : فی الفور، فی الحال، فی الوقت۔ | سِرَّهُمْ : اسرار و رموز، سرّ نہاں۔ |
| قُلُوْبِهِمْ : قلب، قلبی تعلق، قلب و جگر۔ | الْغُیُوْبِ : غائب، علم غیب۔ |
| یَلْقَوْنَهٗ : ملاقات، ملاقاتی حضرات۔ | مِنَ : منجانب، من جملہ، من حیث القوم۔ |
| اَخْلَفُوا : خلافِ ورزی، وعدہ خلافی، مخالف۔ | الصَّدَقٰتِ : صدقہ، صدقہ و خیرات۔ |
| وَعَدُوْهُ : وعدہ، وعید، حسبِ وعدہ۔ | یَجِدُوْنَ : وجود، موجود۔ |
| یَكْذِبُوْنَ : کاذب، کذّاب، کذب بیانی۔ | جُهْدَهُمْ : جہاد، مجاہد، جدوجہد۔ |
| یَعْلَمُوْٓا : علم، تعلیم، معلّم، معلومات۔ | فَیَسْخَرُوْنَ : مسخراپن، تمسخر۔ |



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



| | | | |
|---|---|---|---|
| فِيْ قُلُوْبِهِمْ | اِلٰى يَوْمِ | يَلْقَوْنَهٗ | بِمَآ ❶ |
| انکے دلوں میں | اس دن تک (کہ) | (جس دن) وہ سب ملیں گے اس سے | اس وجہ سے جو |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اَخْلَفُوا | اللّٰهَ ❷ | مَا | وَعَدُوْهُ ❸ | وَ |
| ان سب نے خلاف ورزی کی | اللہ سے | جو | ان سب نے وعدہ کیا تھا اس سے | اور |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| بِمَا | كَانُوْا يَكْذِبُوْنَ ❹ (77) | اَ | لَمْ يَعْلَمُوْٓا ❺ | اَنَّ اللّٰهَ |
| اس وجہ سے جو | تھے وہ سب جھوٹ بولتے | کیا | نہیں ان سب کو معلوم ہوا | کہ بیشک اللہ |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| يَعْلَمُ ❻ | سِرَّهُمْ | وَ | نَجْوٰىهُمْ | وَ | اَنَّ اللّٰهَ | عَلَّامُ ❼ |
| جانتا ہے | ان کے راز | اور | ان کی سرگوشی | اور | یقیناً اللہ | خوب علم رکھنے والا ہے |

| | | | |
|---|---|---|---|
| الْغُيُوْبِ (78) ج | اَلَّذِيْنَ | يَلْمِزُوْنَ | الْمُطَّوِّعِيْنَ |
| غیب کی باتوں کا | وہ لوگ جو | وہ سب طعن کرتے ہیں | خوش دلی سے خیرات کرنیوالوں پر |

| | | | |
|---|---|---|---|
| مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ | فِي الصَّدَقٰتِ ❽ | وَ | الَّذِيْنَ |
| سب ایمان والوں میں سے | (ان کے) صدقات میں | اور | وہ لوگ جو |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| لَا يَجِدُوْنَ | اِلَّا | جُهْدَهُمْ | فَيَسْخَرُوْنَ | مِنْهُمْ ط |
| نہیں وہ سب پاتے | سوائے | اپنی محنت مزدوری کے | پس وہ سب مذاق کرتے ہیں | ان سے |

### ضروری وضاحت

❶ "بِ" کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ اور کبھی پر کبھی کا، کی، کو، کے اور کبھی بدلہ، بوجہ، بسبب کیا جاتا ہے۔ ❷ فعل کے بعد ایسا اسم جس کے آخر میں زبر ہو وہ اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔ ❸ وْا کے بعد اگر کوئی اور علامت آئے تو اس کا الف گر جاتا ہے۔ ❹ وْا اور وْنَ دونوں کا ترجمہ سب کیا گیا ہے۔ ❺ لَمْ کے بعد اگر "یَ" ہو تو اس کا ترجمہ وہ کی بجائے ان یا اس کیا جاتا ہے۔ ❻ "یَ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❼ اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❽ ات جمع مؤنث کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

• سرخ رنگ : ایک علامت کیلئے • نیلا رنگ : دوسری علامت کیلئے • کالا رنگ : اصل لفظ کیلئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



| | |
|---|---|
| سَخِرَ اللّٰهُ مِنۡهُمۡ ؗ | (تو) مذاق کیا ہے اللہ نے ان سے |
| وَ لَهُمۡ عَذَابٌ اَلِيۡمٌ ﴿79﴾ | اور ان کے لیے دردناک عذاب ہے۔ ﴿79﴾ |
| اِسۡتَغۡفِرۡ لَهُمۡ | بخشش مانگیے ان کے لیے |
| اَوۡ لَا تَسۡتَغۡفِرۡ لَهُمۡ ؕ | یا نہ بخشش مانگیے ان کے لیے (برابر ہے) |
| اِنۡ تَسۡتَغۡفِرۡ لَهُمۡ سَبۡعِيۡنَ مَرَّةً | اگر آپ بخشش مانگیں ان کے لیے ستر مرتبہ (بھی) |
| فَلَنۡ يَّغۡفِرَ اللّٰهُ لَهُمۡ ؕ | تو ہرگز نہیں معاف کرے گا اللہ ان کو |
| ذٰلِكَ بِاَنَّهُمۡ كَفَرُوۡا بِاللّٰهِ | یہ اس وجہ سے کہ بیشک انہوں نے انکار کیا اللہ کا |
| وَ رَسُوۡلِهٖ ؕ وَ اللّٰهُ | اور اس کے رسول (کا) اور اللہ |
| ع 10/8/16 لَا يَهۡدِى الۡقَوۡمَ الۡفٰسِقِيۡنَ ع ﴿80﴾ | (زبردستی) ہدایت نہیں دیتا نافرمان لوگوں کو۔ ع ﴿80﴾ |
| فَرِحَ الۡمُخَلَّفُوۡنَ | خوش ہوئے پیچھے چھوڑے جانے والے |
| بِمَقۡعَدِهِمۡ خِلٰفَ رَسُوۡلِ اللّٰهِ | اپنے بیٹھ رہنے پر اللہ کے رسول کے پیچھے |
| وَ كَرِهُوۡۤا اَنۡ يُّجَاهِدُوۡا | اور انہوں نے ناپسند کیا کہ وہ جہاد کریں |

## قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | |
|---|---|
| سَخِرَ : مسخرہ پن، تمسخر۔ | الۡفٰسِقِيۡنَ : فسق فجور، فاسق وفاجر، |
| عَذَابٌ : عذاب، عذاب جہنم۔ | فَرِحَ : فرحت بخش، شاداں وفرحاں۔ |
| اَلِيۡمٌ : الم ناک، رنج والم۔ | الۡمُخَلَّفُوۡنَ: خلف، خلف الرشید، خلافت، ناخلف |
| يَّغۡفِرَ : غفار، غفور، مغفرت۔ | بِمَقۡعَدِهِمۡ : مقعد، قعدہ اولیٰ۔ |
| كَفَرُوۡا : کفر، کافر، کفار۔ | وَ : شام وسحر، شان وشوکت، عفو ودرگزر۔ |
| رَسُوۡلِهٖ : رسول، رسل، مرسل، انبیاء ورسل۔ | كَرِهُوۡۤا : کراہت، مکروہ۔ |
| يَهۡدِى : ہدائت، ہادی، مہدی۔ | يُّجَاهِدُوۡا : جہاد، مجاہد، جدوجہد۔ |



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| سَخِرَ | اللّٰهُ ❶ | مِنۡهُمۡ ز | وَ | لَهُمۡ | عَذَابٌ | اَلِيۡمٌ ❷ (79) |
| مذاق کیا ہے | اللہ نے | ان سے | اور | ان کے لیے | عذاب ہے | دردناک |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اِسۡتَغۡفِرۡ ❸❹ | لَهُمۡ | اَوۡ | لَا تَسۡتَغۡفِرۡ ❹❺ | لَهُمۡ ط |
| بخشش مانگیے | ان کے لیے | یا | نہ آپ بخشش مانگیے | ان کے لیے (برابر ہے) |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اِنۡ | تَسۡتَغۡفِرۡ ❹ | لَهُمۡ | سَبۡعِيۡنَ مَرَّةً ❻ | فَلَنۡ | يَّغۡفِرَ ❼ |
| اگر | آپ بخشش مانگیں | ان کے لیے | ستر مرتبہ (بھی) | تو ہرگز نہیں | معاف کرے گا |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اللّٰهُ ❶ | لَهُمۡ ط | ذٰلِكَ ❽ | بِاَنَّهُمۡ | كَفَرُوۡا | بِاللّٰهِ |
| اللہ | ان کو | یہ | اس وجہ سے کہ بیشک ان | سب نے انکار کیا | اللہ کا |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| وَ | رَسُوۡلِهٖ ط | وَ اللّٰهُ | لَا يَهۡدِى ❼ | الۡقَوۡمَ الۡفٰسِقِيۡنَ ع (80) |
| اور | اس کے رسول (کا) | اور اللہ | نہیں ہدایت دیتا | سب نافرمان لوگوں کو |

ع 10 8 16

| | | | |
|---|---|---|---|
| فَرِحَ | الۡمُخَلَّفُوۡنَ | بِمَقۡعَدِهِمۡ | خِلٰفَ |
| خوش ہوئے | سب پیچھے چھوڑے جانے والے | اپنے بیٹھ رہنے پر | پیچھے |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| رَسُوۡلِ اللّٰهِ | وَ | كَرِهُوۡۤا | اَنۡ | يُّجَاهِدُوۡا |
| اللہ کے رسول کے | اور | ان سب نے ناپسند کیا | کہ | وہ سب جہاد کریں |

### ضروری وضاحت

❶ فعل کے بعد ایسا اسم جس کے آخر میں پیش ہو تو وہ اس کا فاعل ہوتا ہے۔ ❷ اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❸ فعل کے شروع میں "اِ" اور آخر میں جزم ہو تو اس میں کام کرنے کا حکم ہوتا ہے۔ ❹ فعل کے شروع میں "استَ" ہو تو اس میں طلب وچاہت کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❺ فعل کے شروع میں لا اور آخر میں جزم ہو تو اس میں کام نہ کرنے کا حکم ہوتا ہے۔ ❻ ة واحد مؤنث کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❼ "یَ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❽ ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ ہے ضرورتاً کبھی یہ کر دیا جاتا ہے۔

• سرخ رنگ: ایک علامت کیلئے • نیلا رنگ: دوسری علامت کیلئے • کالا رنگ: اصل لفظ کیلئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



| | |
|---|---|
| بِاَمْوَالِهِمْ وَ اَنْفُسِهِمْ | اپنے مالوں اور اپنے نفسوں (سے) |
| فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَ قَالُوْا | اللہ کے راستے میں اور انہوں نے کہا |
| لَا تَنْفِرُوْا فِي الْحَرِّ ؕ | مت نکلو گرمی میں، |
| قُلْ نَارُ جَهَنَّمَ اَشَدُّ حَرًّا ؕ | کہہ دیجیے جہنم کی آگ زیادہ سخت ہے حرارت میں |
| لَوْ كَانُوْا يَفْقَهُوْنَ ﴿81﴾ | کاش وہ سمجھتے ہوتے۔ ﴿81﴾ |
| فَلْيَضْحَكُوْا قَلِيْلًا | پس چاہیے کہ وہ ہنسیں بہت کم |
| وَّلْيَبْكُوْا كَثِيْرًا ۚ | اور چاہیے کہ وہ روئیں بہت زیادہ |
| جَزَآءًۢ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿82﴾ | بدلہ ہے اس کا جو وہ کمائی کرتے تھے۔ ﴿82﴾ |
| فَاِنْ رَّجَعَكَ اللّٰهُ | پس اگر واپس لے آئے آپ کو اللہ |
| اِلٰى طَآئِفَةٍ مِّنْهُمْ | کسی گروہ کی طرف ان (منافقوں) میں سے |
| فَاسْتَاْذَنُوْكَ لِلْخُرُوْجِ | پھر وہ اجازت طلب کریں آپ سے (جنگ میں) نکلنے کی |
| فَقُلْ لَّنْ تَخْرُجُوْا مَعِيَ اَبَدًا | تو کہہ دیجیے ہرگز نہیں تم نکلو گے میرے ساتھ کبھی بھی |

## قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اَنْفُسِهِمْ : نفس، نفوس، نفسِ امّارہ۔
سَبِيْلِ : فی سبیل اللہ، اللہ کوئی سبیل نکالے گا۔
قَالُوْا : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔
فَلْيَضْحَكُوْا : مضحکہ خیز۔
الْحَرِّ : حرارت، درجہ حرارت۔
اَشَدُّ : اشد ضروری، شدت، شدید۔
يَفْقَهُوْنَ : فقہ، فقیہ امت، فقہ جعفریہ۔

قَلِيْلًا : قلیل، قلت وکثرت، الاقلیل۔
وَّلْيَبْكُوْا : آہ وبُکا۔
رَّجَعَكَ : رجوع، رجعت پسندی، راجع۔
طَآئِفَةٍ : طائفہ، طائفہ منصورہ، ثقافتی طائفہ۔
اسْتَاْذَنُوْكَ : اذنِ عام۔
مَعِيَ : مع، معیت، مع اہل وعیال۔
اَبَدًا : ابدالآباد، ابدی زندگی۔

• کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کیلئے • نیلا رنگ: باربار استعمال ہونے والے الفاظ کیلئے • سرخ رنگ: نئے الفاظ کیلئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| بِاَمْوَالِهِمْ | وَ | اَنْفُسِهِمْ | فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ | وَ |
| اپنے مالوں سے | اور | اپنے نفسوں (سے) | اللہ کے راستے میں | اور |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| قَالُوْا | لَا تَنْفِرُوْا ❶ | فِي الْحَرِّ ؕ | قُلْ | نَارُ جَهَنَّمَ |
| ان سب نے کہا | مت تم سب نکلو | گرمی میں | کہہ دیجیے | جہنم کی آگ |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اَشَدُّ ❷ | حَرًّا ؕ | لَوْ | كَانُوْا يَفْقَهُوْنَ ❸ (81) | فَلْيَضْحَكُوْا ❹ |
| زیادہ سخت ہے | گرمی میں | کاش | ہوتے وہ سب سمجھتے | پس چاہیے کہ وہ سب ہنسیں |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| قَلِيْلًا | وَلْيَبْكُوْا ❹ | كَثِيْرًا ۚ | جَزَآءً بِمَا | كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ❸ (82) |
| بہت کم | اور چاہیے کہ وہ سب روئیں | بہت زیادہ | اس کے بدلے میں جو | تھے وہ سب کمائی کرتے |

| | | | |
|---|---|---|---|
| فَاِنْ | رَّجَعَكَ | اللّٰهُ | اِلٰى طَآئِفَةٍ ❺❻ |
| پھر اگر | واپس لے آئے آپ کو | اللہ | کسی گروہ کی طرف |

| | | |
|---|---|---|
| مِّنْهُمْ | فَاسْتَاْذَنُوْكَ ❼ | لِلْخُرُوْجِ |
| ان (منافقوں) میں سے | پھر وہ سب اجازت طلب کریں آپ سے | (جنگ میں) نکلنے کی |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| فَقُلْ ❽ | لَّنْ | تَخْرُجُوْا | مَعِيَ | اَبَدًا |
| تو کہہ دیجیے | ہرگز نہیں | تم سب نکلو گے | میرے ساتھ | کبھی بھی |

## ضروری وضاحت

❶ فعل کے شروع میں لَا اور آخر میں "وْا" ہو تو اس میں کام نہ کرنے کا حکم ہوتا ہے۔ ❷ اَشَدُّ کے "اَ" میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❸ وْا اور وْنَ دونوں کا ترجمہ سب کیا گیا ہے۔ ❹ "فَ" اور "وَ" کے بعد جزم والا لام ہو تو اس کا ترجمہ چاہیے کہ کیا جاتا ہے۔ ❺ ۃ واحد مؤنث کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❻ تنوین میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❼ فعل کے شروع میں "اسْتَ" میں طلب و چاہت کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❽ قُلْ دراصل قُوْلْ سے بنا ہے یہاں "وْ" کو پڑھنے میں آسانی کے لیے گرا دیا گیا ہے۔



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



| | |
|---|---|
| وَّ لَنۡ تُقَاتِلُوۡا مَعِیَ عَدُوًّا ؕ | اور ہرگز نہیں تم لڑو گے میرے ساتھ (مل کر) دشمن سے |
| اِنَّکُمۡ رَضِیۡتُمۡ بِالۡقُعُوۡدِ اَوَّلَ مَرَّۃٍ | بیشک تم راضی ہوئے بیٹھ رہنے پر پہلی مرتبہ |
| فَاقۡعُدُوۡا مَعَ الۡخٰلِفِیۡنَ ﴿83﴾ | تو بیٹھے رہو (اب بھی) پیچھے رہنے والوں کے ساتھ۔ ﴿83﴾ |
| وَ لَا تُصَلِّ عَلٰۤی اَحَدٍ مِّنۡہُمۡ | اور نہ نماز پڑھنا (جنازے کی) کسی ایک پر ان میں سے |
| مَّاتَ اَبَدًا وَّ لَا تَقُمۡ | (جو) مر جائے کبھی بھی اور نہ کھڑے ہونا |
| عَلٰی قَبۡرِہٖ ؕ اِنَّہُمۡ کَفَرُوۡا | اس کی قبر پر بے شک انہوں نے کفر کیا |
| بِاللّٰہِ وَ رَسُوۡلِہٖ | اللہ اور اس کے رسول کے ساتھ |
| وَ مَاتُوۡا وَ ہُمۡ فٰسِقُوۡنَ ﴿84﴾ | اور وہ مرے (تو) اس حال میں کہ وہ نافرمان تھے۔ ﴿84﴾ |
| وَ لَا تُعۡجِبۡکَ اَمۡوَالُہُمۡ وَ اَوۡلَادُہُمۡ ؕ | اور نہ بھلے لگیں آپ کو ان کے مال اور ان کی اولاد |
| اِنَّمَا یُرِیۡدُ اللّٰہُ اَنۡ یُّعَذِّبَہُمۡ | درحقیقت اللہ چاہتا ہے کہ عذاب دے انہیں |
| بِہَا فِی الدُّنۡیَا وَ تَزۡہَقَ اَنۡفُسُہُمۡ | ان کے ذریعے دنیا میں اور نکلیں ان کی جانیں |
| وَ ہُمۡ کٰفِرُوۡنَ ﴿85﴾ | اس حال میں کہ وہ کافر ہوں۔ ﴿85﴾ |

## قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | |
|---|---|
| تُقَاتِلُوۡا : قتل، قاتل، مقتول، قتال۔ | مَّاتَ : موت، اموات، میت۔ |
| عَدُوًّ : عدو، عداوت، اعدائے دین۔ | اَبَدًا : ابدالآباد، ابدی زندگی۔ |
| رَضِیۡتُمۡ : راضی، رضا، مرضی۔ | تَقُمۡ : قائم، قیام، قیامت۔ |
| فَاقۡعُدُوۡا : مقعد، قعدہ اولیٰ۔ | فٰسِقُوۡنَ : فسق و فجور، فاسق و فاجر۔ |
| مَعَ : مع، معیت، مع اہل و عیال۔ | تُعۡجِبۡکَ : عجب، عجیب، تعجب۔ |
| الۡخٰلِفِیۡنَ : خلف الرشید، خلافت، ناخلف۔ | یُرِیۡدُ : ارادہ، مرید، مراد۔ |
| تُصَلِّ : صوم صلوٰۃ، صلوٰۃ تسبیح۔ | یُّعَذِّبَہُمۡ : عذاب، عذاب جہنم۔ |



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| وَ لَنْ ❶ | تُقَاتِلُوْا | مَعِيَ | عَدُوًّا ؕ | اِنَّكُمْ رَضِيْتُمْ ❷ |
| اور ہر گز نہیں | تم سب لڑو گے | میرے ساتھ (مل کر) | دشمن سے | بیشک تم راضی ہوئے |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| بِالْقُعُوْدِ | اَوَّلَ مَرَّةٍ ❸ | فَاقْعُدُوْا | مَعَ الْخٰلِفِيْنَ (83) | وَ لَا |
| بیٹھ رہنے پر | پہلی مرتبہ | تو تم سب بیٹھے رہو | سب پیچھے رہنے والوں کے ساتھ | اور نہ |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| تُصَلِّ | عَلٰٓى اَحَدٍ ❹ | مِّنْهُمْ | مَّاتَ | اَبَدًا | وَّ | لَا تَقُمْ ❺ |
| آپ نماز (جنازہ) پڑھیں | کسی ایک پر | ان میں سے | (جو) مر جائے | کبھی بھی | اور | نہ آپ کھڑے ہوں |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| عَلٰى قَبْرِهٖ ؕ | اِنَّهُمْ | كَفَرُوْا | بِاللّٰهِ | وَ | رَسُوْلِهٖ |
| اس کی قبر پر | بے شک ان | سب نے کفر کیا | اللہ کے ساتھ | اور | اسکے رسول کے ساتھ |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَ مَاتُوْا | وَهُمْ ❻ | فٰسِقُوْنَ (84) | وَ | لَا تُعْجِبْكَ ❼ | اَمْوَالُهُمْ |
| اور وہ سب مرے | اس حال میں کہ وہ | سب نافرمان تھے | اور | نہ بھلے لگیں آپ کو | انکے مال |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اَوْلَادُهُمْ ؕ | اِنَّمَا | يُرِيْدُ اللّٰهُ ❽ | اَنْ | يُّعَذِّبَهُمْ |
| اور | ان کی اولاد | درحقیقت | چاہتا ہے اللہ | کہ | وہ عذاب دے انہیں |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| بِهَا | فِي الدُّنْيَا | وَ | تَزْهَقَ ❼ | اَنْفُسُهُمْ | وَ هُمْ ❻ | كٰفِرُوْنَ (85) |
| انکے ذریعے | دنیا میں | اور | نکلیں | انکی جانیں | اس حال میں کہ وہ | سب کافر ہوں |

### ضروری وضاحت

❶علامت لَنْ میں تاکید کے ساتھ آئندہ زمانہ میں نفی کا مفہوم ہوتا ہے۔❷ علامت "كُمْ" اور "تُمْ" دونوں کا ترجمہ تم ہے۔❸ ۃ واحد مؤنث کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں۔❹ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❺ فعل کے شروع میں لَا اور آخر میں جزم ہو تو اس میں کام نہ کرنے کا حکم ہوتا ہے۔❻ هُمْ اگر الگ استعمال ہو تو اس کا ترجمہ وہ سب ہوتا ہے۔❼ "تَ" واحد مؤنث کے لئے ہے اس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔❽ "يَ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

• سرخ رنگ : ایک علامت کیلئے • نیلا رنگ : دوسری علامت کیلئے • کالا رنگ : اصل لفظ کیلئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



| | |
|---|---|
| وَ اِذَآ اُنْزِلَتْ سُوْرَةٌ اَنْ اٰمِنُوْا | اور جب نازل کی جائے کوئی سورت کہ تم ایمان لاؤ |
| بِاللّٰهِ وَ جَاهِدُوْا مَعَ رَسُوْلِهِ | اللہ پر اور جہاد کرو اس کے رسول کے ساتھ (مل کر) |
| اسْتَاْذَنَكَ اُولُوا الطَّوْلِ | (تو) اجازت مانگتے ہیں آپ سے حیثیت والے |
| مِنْهُمْ وَ قَالُوْا ذَرْنَا | ان میں سے، اور کہتے ہیں چھوڑ دو ہمیں (کہ) |
| نَكُنْ مَّعَ الْقٰعِدِيْنَ ﴿86﴾ | ہم ہو جائیں بیٹھ رہنے والوں کے ساتھ۔ ﴿86﴾ |
| رَضُوْا بِاَنْ يَّكُوْنُوْا | وہ راضی ہو گئے اس پر کہ وہ ہو جائیں |
| مَعَ الْخَوَالِفِ وَ طُبِعَ | پیچھے رہنے والی عورتوں کے ساتھ اور مہر لگا دی گئی |
| عَلٰى قُلُوْبِهِمْ فَهُمْ لَا يَفْقَهُوْنَ ﴿87﴾ | ان کے دلوں پر پس وہ نہیں سمجھتے۔ ﴿87﴾ |
| لٰكِنِ الرَّسُوْلُ وَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا | لیکن رسول اور ان لوگوں نے جو ایمان لائے |
| مَعَهٗ جٰهَدُوْا بِاَمْوَالِهِمْ وَ اَنْفُسِهِمْ ؕ | اس کے ساتھ، جہاد کیا اپنے مالوں اور اپنی جانوں سے |
| وَ اُولٰٓئِكَ لَهُمُ الْخَيْرٰتُ ؗ | اور یہی لوگ ہیں (کہ) ان کے لیے بھلائیاں ہیں |
| وَ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿88﴾ | اور یہی لوگ ہی فلاح پانے والے ہیں۔ ﴿88﴾ |

## قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

- اُنْزِلَتْ : نازل، نزول، شانِ نزول۔
- اٰمِنُوْا : امن، ایمان، مومن۔
- جَاهِدُوْا : جہاد، مجاہد، جدوجہد۔
- اسْتَاْذَنَكَ : اذن، اذنِ عام۔
- اُولُوا : اولوالعزم، اولوالارحام۔
- الْقٰعِدِيْنَ : قعدہ اولیٰ، مقعد۔
- رَضُوْا : راضی، مرضی، رضامندی۔
- الْخَوَالِفِ : خلافت، خلف الرشید، ناخلف، خلیفہ۔
- طُبِعَ : طبع، طباعت، مطبوعہ۔
- قُلُوْبِهِمْ : قلب، قلبی تعلق، امراض قلب
- يَفْقَهُوْنَ : فقہ، فقیہ امت، فقہ جعفریہ۔
- الرَّسُوْلُ : رسول، رسل، مرسل۔
- الْخَيْرٰتُ : خیرات، خیراتی ادارے۔
- الْمُفْلِحُوْنَ : فوز و فلاح، فلاحی ادارہ، فلاح دارین۔



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



| وَ اِذَآ | اُنْزِلَتْ ❶ | سُوْرَةٌ ❶ | اَنْ | اٰمِنُوْا | بِاللّٰهِ | وَ جَاهِدُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اور جب | نازل کی جائے | کوئی سورت | کہ | تم سب ایمان لاؤ | اللہ پر | اور سب جہاد کرو |

| مَعَ رَسُوْلِهٖ | اسْتَاْذَنَكَ ❷ | اُولُوا الطَّوْلِ | مِنْهُمْ |
|---|---|---|---|
| اسکے رسول کے ساتھ (ملکر) | (تو) اجازت مانگتے ہیں آپ سے | حیثیت والے | ان میں سے |

| وَ قَالُوْا | ذَرْنَا | نَكُنْ | مَّعَ الْقٰعِدِيْنَ (86) | رَضُوْا |
|---|---|---|---|---|
| اور سب کہتے ہیں | چھوڑ دو ہمیں | ہم ہو جائیں | سب بیٹھے رہنے والوں کیساتھ | سب راضی ہو گئے |

| بِاَنْ | يَّكُوْنُوْا | مَعَ الْخَوَالِفِ ❸ | وَ طُبِعَ ❹ | عَلٰى قُلُوْبِهِمْ |
|---|---|---|---|---|
| اس پر کہ | وہ سب ہو جائیں | پیچھے رہنے والی عورتوں کیساتھ | اور مہر لگا دی گئی | ان کے دلوں پر |

| فَهُمْ لَا يَفْقَهُوْنَ ❺ (87) | لٰكِنِ | الرَّسُوْلُ | وَ الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا |
|---|---|---|---|---|
| پس نہیں وہ سب سمجھتے | لیکن | رسول | اور وہ لوگ جو | سب ایمان لائے |

| مَعَهٗ | جٰهَدُوْا | بِاَمْوَالِهِمْ | وَ | اَنْفُسِهِمْ ؕ | وَ | اُولٰٓئِكَ ❻ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اسکے ساتھ | سب نے جہاد کیا | اپنے مالوں سے | اور | اپنی جانوں سے | اور | یہی لوگ ہیں |

| لَهُمُ | الْخَيْرٰتُ ❶ ز | وَ | اُولٰٓئِكَ ❻ | هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ❼ (88) |
|---|---|---|---|---|
| (کہ) ان کے لیے | بھلائیاں ہیں | اور | یہی لوگ | ہی سب فلاح پانے والے ہیں |

### ضروری وضاحت

❶ "تْ" فعل کے آخر میں اور ۃ، ات اسم کے آخر میں مؤنث کی علامتیں ہیں ان کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❷ "اِسْتَ" میں طلب و چاہت کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❸ اَلْخَوَالِف جمع ہے خَالِفَة کی جس کا ترجمہ پیچھے رہنے والی ہے۔ ❹ اس سانچے میں ڈھلے ہوئے فعل میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❺ هُمْ اور "يَ" دونوں کا ترجمہ وہ کیا گیا ہے۔ ❻ اُولٰٓئِكَ کا اصل ترجمہ وہ لوگ ہے ضرورتاً کبھی یہ لوگ بھی کر دیا جاتا ہے۔ ❼ هُمْ کے بعد اَل ہو تو اس میں ہی کا مفہوم ہوتا ہے۔

• سرخ رنگ : ایک علامت کیلیے • نیلا رنگ : دوسری علامت کیلیے • کالا رنگ : اصل لفظ کیلیے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



| | |
|---|---|
| اَعَدَّ اللّٰهُ لَهُمْ جَنّٰتٍ | تیار کیے ہیں اللہ نے ان کے لیے (ایسے) باغات |
| تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ | (کہ) بہتی ہیں ان کے نیچے نہریں |
| خٰلِدِیْنَ فِیْهَا ؕ | (وہ) ہمیشہ رہنے والے ہیں ان میں |
| ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِیْمُ ﴿89﴾ ع 11/9/17 | یہی بڑی کامیابی ہے۔ ﴿89﴾ |
| وَ جَآءَ الْمُعَذِّرُوْنَ مِنَ الْاَعْرَابِ | اور آئے بہانہ کرنے والے دیہاتیوں میں سے |
| لِیُؤْذَنَ لَهُمْ وَقَعَدَ | تاکہ اجازت دے دی جائے ان کو اور بیٹھ رہے |
| الَّذِیْنَ كَذَبُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ؕ | وہ لوگ جنہوں نے جھوٹ بولا اللہ اور اس کے رسول سے |
| سَیُصِیْبُ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا | عنقریب پہنچے گا ان لوگوں کو جنہوں نے کفر کیا |
| مِنْهُمْ عَذَابٌ اَلِیْمٌ ﴿90﴾ | ان میں سے، دردناک عذاب۔ ﴿90﴾ |
| لَیْسَ عَلَى الضُّعَفَآءِ وَلَا عَلَى الْمَرْضٰى | نہیں ہے کمزوروں پر اور نہ مریضوں پر |
| وَلَا عَلَى الَّذِیْنَ لَا یَجِدُوْنَ مَا یُنْفِقُوْنَ | اور نہ ان پر جو نہیں پاتے جسے وہ خرچ کریں |
| حَرَجٌ اِذَا نَصَحُوْا لِلّٰهِ وَ رَسُوْلِهٖ ؕ | کوئی حرج جب وہ خیر خواہی کریں اللہ اور اسکے رسول کیلئے |

### قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | |
|---|---|
| اَعَدَّ : مستعد، استعداد۔ | سَیُصِیْبُ : مصیبت، مصائب۔ |
| تَحْتِهَا : تحت، ماتحت، تحت الثریٰ۔ | اَلِیْمٌ : الم ناک، رنج والم۔ |
| خٰلِدِیْنَ : خالد، خلد بریں۔ | الضُّعَفَآءِ : ضعف، ضعیف آدمی۔ |
| الْفَوْزُ : فوز وفلاح، فائز۔ | الْمَرْضٰى : مرض، مریض، امراض۔ |
| الْعَظِیْمُ : عظیم، عظمت، اعظم۔ | یَجِدُوْنَ : وجد، وجود، موجود۔ |
| الْمُعَذِّرُوْنَ : عذر، معذور، معذرت۔ | حَرَجٌ : کوئی حرج نہیں۔ |
| قَعَدَ : مقعد، قعدہ اولیٰ۔ | نَصَحُوْا : نصیحت، ناصح، پند و نصائح۔ |



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اَعَدَّ | اللّٰهُ ❶ | لَهُمْ | جَنّٰتٍ ❷ | تَجْرِىْ ❸ | مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ |
| تیار کیے ہیں | اللہ نے | ان کے لیے | (ایسے) باغات | (کہ) بہتی ہیں | ان کے نیچے سے نہریں |

11 ع 9 17

| | | | |
|---|---|---|---|
| خٰلِدِيْنَ | فِيْهَا ؕ | ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ❹ ع (89) | وَ جَآءَ |
| (وہ) سب ہمیشہ رہنے والے ہیں | ان میں | یہی بڑی کامیابی ہے | اور آئے |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| الْمُعَذِّرُوْنَ ❺ | مِنَ الْاَعْرَابِ | لِيُؤْذَنَ ❻❼ | لَهُمْ | وَ قَعَدَ |
| سب بہانہ کرنیوالے | دیہاتیوں میں سے | تاکہ اجازت دی جائے | ان کو | اور بیٹھ رہے |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| الَّذِيْنَ | كَذَبُوا | اللّٰهَ | وَ | رَسُوْلَهٗ ؕ | سَيُصِيْبُ ❻ |
| وہ لوگ جن | سب نے جھوٹ بولا | اللہ سے | اور | اسکے رسول سے | عنقریب پہنچے گا |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| الَّذِيْنَ | كَفَرُوْا | مِنْهُمْ | عَذَابٌ اَلِيْمٌ (90) | لَيْسَ | عَلَى الضُّعَفَآءِ |
| ان لوگوں کو جن | سب نے کفر کیا | ان میں سے | دردناک عذاب | نہیں ہے | کمزوروں پر |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَلَا | عَلَى الْمَرْضٰى | وَلَا | عَلَى الَّذِيْنَ | لَا يَجِدُوْنَ | مَا يُنْفِقُوْنَ |
| اور نہ | مریضوں پر | اور نہ | ان لوگوں پر جو | نہیں وہ سب پاتے | جسے وہ سب خرچ کریں |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| حَرَجٌ ❽ | اِذَا | نَصَحُوْا | لِلّٰهِ | وَ رَسُوْلِهٖ ؕ |
| کوئی حرج | جب | وہ سب خیرخواہی کریں | اللہ کے لیے | اور اسکے رسول (کے لیے) |

## ضروری وضاحت

❶ فعل کے بعد ایسا اسم جس کے آخر میں پیش ہو تو وہ اس فعل کا فاعل ہوتا ہے۔ ❷ "ات، تٌ" جمع مؤنث کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❸ "تٌ" واحد مؤنث کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❹ ذٰلِكَ کے بعد اگر "ال" ہو تو اس کا ترجمہ وہی یا یہی کیا جاتا ہے۔ ❺ "مُ" اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❻ علامت "يُ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❼ علامت يُ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے ❽ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔

• سرخ رنگ : ایک علامت کیلئے • نیلا رنگ : دوسری علامت کیلئے • کالا رنگ : اصل لفظ کیلئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



| | |
|---|---|
| مَا عَلَى الْمُحْسِنِيْنَ مِنْ سَبِيْلٍ ؕ | نہیں ہے نیکی کرنے والوں پر (اعتراض کا) کوئی راستہ |
| وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿91﴾ | اور اللہ بے حد بخشنے والا، بڑا مہربان ہے۔ ﴿91﴾ |
| وَّ لَا عَلَى الَّذِيْنَ اِذَا مَاۤ اَتَوْكَ | اور نہ ان لوگوں پر جو (کہ) جب بھی آئے آپ کے پاس |
| لِتَحْمِلَهُمْ قُلْتَ لَاۤ اَجِدُ | تا کہ آپ سوار کریں انہیں تو آپ نے کہا نہیں میں پاتا |
| مَاۤ اَحْمِلُكُمْ عَلَيْهِ ۪ تَوَلَّوْا | جو (کہ) میں سوار کروں تمہیں اس پر (تو) وہ لوٹے |
| وَّ اَعْيُنُهُمْ تَفِيْضُ مِنَ الدَّمْعِ | اس حال میں کہ انکی آنکھیں بہہ رہی تھیں آنسوؤں سے |
| حَزَنًا اَلَّا يَجِدُوْا مَا يُنْفِقُوْنَ ﴿92﴾ | (اس) غم سے کہ نہیں وہ پاتے جو وہ خرچ کریں۔ ﴿92﴾ |
| اِنَّمَا السَّبِيْلُ عَلَى الَّذِيْنَ | بے شک صرف (اعتراض کا) راستہ ان لوگوں پر ہے جو |
| يَسْتَاْذِنُوْنَكَ وَ هُمْ اَغْنِيَآءُ ۚ | اجازت مانگتے ہیں آپ سے حالانکہ وہ مال دار ہیں |
| رَضُوْا بِاَنْ يَّكُوْنُوْا | وہ راضی ہو گئے (اس) پر کہ وہ ہو جائیں |
| مَعَ الْخَوَالِفِ ۙ وَ طَبَعَ اللّٰهُ | پیچھے رہنے والی عورتوں کے ساتھ اور مہر لگا دی اللہ نے |
| عَلٰى قُلُوْبِهِمْ فَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿93﴾ | ان کے دلوں پر پس وہ نہیں جانتے۔ ﴿93﴾ |

## قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اَلْمُحْسِنِيْنَ : احسن، اعمال حسنہ، محسن انسانیت۔

رَّحِيْمٌ : رحم، رحمان، رحمت، رحیم۔

عَلَى : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔

لَاۤ اَجِدُ : وجود، موجود۔

اَحْمِلُكُمْ : حمل، حامل، تحمل، متحمل۔

اَعْيُنُهُمْ : عینی شاہد، عین اس وقت۔

تَفِيْضُ : فیوض وبرکات، فیضیاب، فیاضی۔

حَزَنًا : حزن وملال، عام الحزن۔

السَّبِيْلُ : فی سبیل اللہ، اللہ کوئی سبیل نکالے گا۔

يُنْفِقُوْنَ : نان ونفقہ، انفاق فی سبیل اللہ۔

يَسْتَاْذِنُوْنَكَ : اذن، اذن عام۔

رَضُوْا : راضی، مرضی، رضا۔

الْخَوَالِفِ : خلف، خلف الرشید، خلافت۔

طَبَعَ : طبع، طباعت، مطبوعہ، مطبوعات۔



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| مَا | عَلَى الْمُحْسِنِيْنَ | مِنْ سَبِيْلٍ ❶ | وَاللّٰهُ | غَفُوْرٌ | رَّحِيْمٌ (91) |
| نہیں ہے | نیکی کرنیوالوں پر | (اعتراض کا) کوئی راستہ | اور اللہ | بے حد بخشنے والا | بڑا مہربان ہے |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَّلَا | عَلَى الَّذِيْنَ | اِذَا مَآ ❷ | اَتَوْكَ ❸ | لِتَحْمِلَهُمْ | قُلْتَ |
| اور نہ | ان لوگوں پر | کہ جب (بھی) | آئیں وہ سب آپکے پاس | تا کہ آپ سواری دیں انہیں | تو آپ نے کہا |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| لَآ اَجِدُ | مَآ | اَحْمِلُكُمْ | عَلَيْهِ | تَوَلَّوْا ❹ | وَّ | اَعْيُنُهُمْ |
| نہیں میں پاتا | جس (پر) | میں سوار کروں تمہیں | اس پر | (تو) وہ سب لوٹے | اور | انکی آنکھیں |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| تَفِيْضُ ❺ | مِنَ الدَّمْعِ | حَزَنًا | اَلَّا ❻ | يَجِدُوْا | مَا | يُنْفِقُوْنَ (92) |
| بہہ رہی تھیں | آنسوؤں سے | (اس) غم میں | کہ نہیں | وہ سب پاتے | جو | وہ سب خرچ کریں |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اِنَّمَا ❼ | السَّبِيْلُ | عَلَى الَّذِيْنَ | يَسْتَاْذِنُوْنَكَ | وَهُمْ | اَغْنِيَآءُ |
| درحقیقت | (اعتراض کا) راستہ | ان لوگوں پر ہے جو | وہ سب اجازت مانگتے ہیں آپ سے | حالانکہ وہ | مالدار ہیں |

| | | | |
|---|---|---|---|
| رَضُوْا | بِاَنْ | يَّكُوْنُوْا | مَعَ الْخَوَالِفِ |
| وہ سب راضی ہو گئے | (اس) پر کہ | وہ سب ہو جائیں | پیچھے رہنے والی عورتوں کے ساتھ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| وَ | طَبَعَ اللّٰهُ ❽ | عَلٰى قُلُوْبِهِمْ | فَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ❾ (93) |
| اور | مہر لگا دی اللہ نے | ان کے دلوں پر | پس نہیں وہ سب جانتے |

## ضروری وضاحت

❶ مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں اور ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❷ "اِذَا مَا" میں "مَا" زائد ہے۔ ❸ وْا کے بعد اگر کوئی اور علامت آئے تو اس کا الف گر جاتا ہے۔ ❹ "تَ" اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❺ "تَ" کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❻ اَلَّا اَنْ + لَا کا مجموعہ ہے۔ ❼ اِنَّ کے ساتھ اگر مَا لگ جائے تو تاکید میں اضافہ ہو جاتا ہے۔ ❽ فعل کے بعد ایسا اسم جس کے آخر میں پیش ہو وہ اس فعل کا فاعل ہوتا ہے۔ ❾ "هُمْ اور يَ" دونوں کا ترجمہ وہ کیا گیا ہے۔

• سرخ رنگ: ایک علامت کیلئے • نیلا رنگ: دوسری علامت کیلئے • کالا رنگ: اصل لفظ کیلئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



# تعارف ومقاصد "بیت القرآن"

قرآن مجید اللہ تعالیٰ کی بھیجی ہوئی کتاب ہدایت ہے اور اسے اللہ تعالیٰ نے بہت آسان بنایا ہے۔جس کا اظہار خود اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں کئی بار فرمایا ہے:

﴿ وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ﴾ سورة القمر آیت 17

''اور یقیناً ہم نے اس قرآن کو سمجھنے کے لیے آسان بنادیا ہے، پھر کوئی نصیحت لینے والا ہے۔؟''

اب اسے ہر انسان تک پہنچانا اور اسکے متعلق اس تاثر کو دور کرنا کہ یہ بہت مشکل کتاب ہے تمام مسلمانوں کی ذمہ داری ہے۔اسی ذمہ داری کو پورا کرنے کیلئے "بیت القرآن" کی بنیاد رکھی گئی ہے اور اس کے مقاصد درج ذیل ہیں:

1 : قرآن مجید کے ترجمہ کو آسان فہم بنانے کی کوشش کرنا۔

2 : قرآنی تعلیمات پر مبنی ایسی عام فہم کتب کی اشاعت کرنا جن سے قرآن فہمی میں مدد ملے۔

3 : قرآنی گرامر کو آسان تر بنانے کی کوشش کرنا۔

4 : قرآن مجید سے متعلقہ موضوعات پر مختلف سیمینارز منعقد کرانا۔

5 : قرآن فہمی کیلئے شارٹ کورسز کا انعقاد کرانا اور ان میں گرامر کے بغیر صرف علامات کے ذریعے قرآن مجید کا ترجمہ سکھانا۔

6 : قرآن فہمی کے لیے ٹیچر ٹریننگ کورسز منعقد کرانا۔

7 : انٹرنیٹ کے ذریعے فہم قرآن میں مدد دینا۔ (www.bait-ul-quran.org)

8 : عامۃ المسلمین کو احکام الٰہی کے مطابق اپنے نبیٔ محترم حضرت محمد ﷺ سے عقیدت ومحبت کے ساتھ آپ ﷺ کی مسنون زندگی کو اپنانے اور اس کی سیرت کو دنیا پر غالب کرنے کی کوشش کرنا۔

آپ بھی اس کار خیر میں شریک ہو سکتے ہیں اور جس کی بہترین صورت یہ ہے کہ آپ "بیت القرآن" کی مطبوعہ کتب خرید کر عوام الناس میں تقسیم فرمائیں۔ جزاکم اللہ خیرا۔

الداعی الی الخیر: "بیت القرآن" لاہور، پاکستان

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ